ایک سعودی محقق کی تبلیغی جماعت کے متعلق لکھی گئی کتاب

مسمّٰی بہ

القولُ البلیغ فی التحذیرِ من جماعۃِ التبلیغ

کا اردو ترجمہ مع تبصرہ

تبلیغی جماعت کا تعارف

تصنیف

حمود بن عبد اللہ بن حمود تویجری

ترجمہ و تبصرہ

ابو الحسنین مفتی محمد عارف محمود القادری مدظلہ

تقدیم

علامہ محمد شہزاد ترابی قادری مدظلہ

مکتبہ فکر رضا

Marfat.com

Marfat.com

ایک سعودی محقق کی تبلیغی جماعت کے متعلق لکھی گئی کتاب

مسمیٰ بہ

اَلْقَوْلُ الْبَلِیْغُ فِی التَّحْذِیْرِ مِنْ جَمَاعَةِ التَّبْلِیْغ

کا اردو ترجمہ مع تبصرہ

تبلیغی جماعت کا تعارف

تصنیف

حمود بن عبد اللہ بن حمود تویجری

ترجمہ و تبصرہ

ابو الحسنین مفتی محمد عارف محمود القادری مدظلہ

تقدیم

علامہ محمد شہزاد ترابی قادری مدظلہ

مکتبہ فکر رضا

0308-7057505,0303-3061574

عربی کتاب کا نام	القول البلیغ فی التحذیر من جماعة التبلیغ
مصنف	حمود بن عبداللہ بن حمود تویجری مدظلہ
اردو ترجمہ	تبلیغ جماعت کا تعارف
مترجم	ابوالحسنین مفتی محمد عارف محمود القادری رضوی مدظلہ
تقدیم	علامہ محمد شہزاد ترابی قادری مدظلہ
ناشر	مکتبہ فکر رضا
تاریخ اشاعت	20 جون 2012ء
تعداد	1100
قیمت	200 روپے

مکتبہ فکر رضا، پاکستان

0303-3061574, 0308-7057505

Marfat.com

فہرست

تقدیم

ازقلم: مولانا محمد شہزاد قادری ترابی (ایڈیٹر ماہنامہ تحفظ، کراچی)

نحمده ونصلي ونسلم على رسوله الكريم

اما بعد فاعوذ بالله من الشيطن الرجيم

بسم الله الرحمن الرحيم

دین اسلام وہ واحد مذہب ہے جو ہر شر سے مسلمانوں کو روکتا ہے، امن کا پیغام دیتا ہے، سلامتی والا مذہب ہے۔ تمام باطل ادیان ایک طرف اور مذہب اسلام ایک طرف۔ تمام باطل ادیان یہ سازش کیے بیٹھے ہیں کہ مذہب اسلام کو مٹا دیں۔ اس دین کو ختم کر دیں مگر اس دین کے ماننے والوں کا پروردگار جل جلالہ اس دین کی شان اپنے کلام قرآن مجید میں یوں بیان فرماتا ہے:

القرآن: هوالذی ارسل رسوله بالهدی و دین الحق لیظهره علی الدین کله و لوکره المشرکون O

ترجمہ: وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اسے سب دینوں پر غالب کرے، پڑے برا مانیں مشرک (سورۃ الصف، آیت 9، پارہ 28)

القرآن: یریدون لیطفؤا نور الله بافواههم والله متم نوره ولو کره الکفرون O

ترجمہ: (کفار) چاہتے ہیں کہ اللہ کا نور اپنے مونہوں سے بجھا دیں (دین اسلام کو ختم کر دیں) اور اللہ کو اپنا نور پورا کرنا پڑے، برا مانیں کافر (سورۃ الصف، آیت 8، پارہ 28)

کفار و مشرکین، یہود و نصاریٰ اور باطل قوتوں نے دور رسالت سے ہی اس دین

اسلام کو مٹانے کے لئے ہر حربے کو استعمال کیا۔ کوئی ایسی سازش نہ تھی جو انہوں نے اسلام کو مٹانے کے لئے نہ کی ہو، کہ اس دین کو صفحۂ ہستی سے مٹا دیا جائے، مگر وہ کیسے مٹا سکتے تھے جس دین کی حفاظت کا ذمہ رب ذوالجلال جل جلالہ نے اپنے ذمہ کرم پر لیا ہو۔

بالآخر دین اسلام امن وسلامتی کے ساتھ پھیلتا رہا جو اس دین کو مٹانے کے درپے تھے، وہ خود دین اسلام کے محافظ بن گئے۔ کفار ومشرکین کو بھرپور شکست ہوئی جو مکۃ المکرمہ کفار ومشرکین کی آماجگاہ بنا ہوا تھا، وہاں کے چپے چپے سے "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ" کی صدائیں گونجنے لگیں، فتح مکہ کا جشن منایا گیا۔

وہ مدینۃ المنورہ جو یہودیوں کی آماجگاہ تھا، اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کی آمد کے بعد وہاں اسلام کی خوشبو پھیلنے لگی۔ یہودیوں کو ذلیل وخوار ہو کر مدینہ منورہ سے بھاگنا پڑا۔ پھر رفتہ رفتہ اسلام کی کرنیں پورے بلادِ عرب میں پھیلنے لگیں اور وہ وقت بھی آیا جب اسلام بلادِ عرب سے نکل کر بلادِ عجم میں پھیلنے لگا اور اس کی پاکیزہ خوشبو سے غیر مسلم جوق در جوق مسلمان ہونے لگے حتیٰ کہ اسلام پوری دنیا میں پھیل گیا۔

مسلمانوں نے جس طرح بلادِ عرب سے خصوصاً مکۃ المکرمہ سے مشرکین مکہ کو اور مدینہ پاک سے یہود ونصاریٰ کو ذلیل ہو کر نکلنے پر مجبور کیا، انہوں نے اسی وقت یہ سازش اپنے اندر گھر کر لی کہ اب تو ہم بلادِ عرب سے جا رہے ہیں کیونکہ اس کے سوا ان کے پاس کوئی چارہ نہ تھا مگر جوں جوں موقع ملے گا ہم مسلمانوں کو کمزور کرنے کی کوششیں کرتے رہیں گے۔ دورِ رسالت مآب ﷺ میں تو ان کو بظاہر کوئی خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں ہوئی مگر سید عالم نورِ مجسم ﷺ کے وصالِ ظاہری کے بعد ان کو معمولی کامیابی حاصل ہوئی۔ خلفائے ثلاثہ حضرت ابوبکر وعمر وعثمان رضوان اللہ علیہم اجمعین نے بھرپور طریقے سے دشمنانِ اسلام کی سازشوں کو دبائے رکھا مگر سب سے پہلی بڑی کامیابی دشمنانِ اسلام کو

Marfat.com

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کے آخری ایام میں ہوئی، جب مشہور یہودی عبداللہ ابن سبا جو کہ صرف سازشیں کرنے کے لئے مسلمان ہوا اور اس نے مدینے کے مسلمانوں کو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے خلاف اکسایا۔ یہ کہنے لگا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ خلافت کے حقدار ہیں۔ حضرت ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہما (معاذ اللہ) نے خلافت پر قبضہ کیا تھا۔ صحابہ کرام علیہم الرضوان کے مابین غلط فہمیاں پیدا کروائیں۔

رفتہ رفتہ فتنہ خوارج جو کہ دور رسالت ﷺ میں ہی جنم لے چکا تھا، زور پکڑنے لگا۔ مسلمانوں اور پرہیزگاروں کا لبادہ یعنی داڑھی اور نماز کی کثرت کرنے والوں کا لبادہ اوڑھ کر منظر عام پر آ گیا اور مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کے خلاف تلوار اٹھائی، مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے بھی ان سے قتال فرمایا اور شکست دی۔

یہ وہی فتنہ خوارج ہے جو کہ یہودیوں کا تیار کردہ لشکر ہے۔ جو مسلمانوں کا لبادہ اوڑھ کر اسلام اور مسلمانوں کو اندرونی اور بیرونی طور پر نقصان پہنچاتا رہا۔ ہر دور میں یہ فتنہ اپنی سازشیں چلاتا رہا۔ بالآخر برطانوی سامراج نے بیسویں صدی کے ربع اول میں "عرب قومیت" کا فتنہ جگا کر صیہونی منصوبہ کے تحت ترکوں کو جزیرۃ العرب سے باہر نکالا تھا جس کی گواہی اس دور کی پوری تاریخ دیتی ہے۔

حجاز مقدس سے شریف حسین کی امارت ختم کرنے کے لئے انگریزوں نے نجد کے سرکش قبیلہ آل سعود کو تاکا اور کرنل لارنس کے بنائے ہوئے منصوبہ کے تحت انہیں بھرپور مدد دے کر اپنی نگرانی میں سلطان عبدالعزیز کو 1925ء میں حرمین شریفین پر قابض کیا۔

مخبر صادق ﷺ کی پیشن گوئی کے مطابق تیرہویں صدی کی ابتداء میں سرزمین نجد سے ابن عبدالوہاب نجدی کا ظہور ہوا۔ علمائے کرام فرماتے ہیں کہ دور رسالت کا بدترین گستاخ ذوالخویصرہ کی اولاد میں سے ابن عبدالوہاب نجدی پیدا ہوا۔ یہ شخص خیالات باطلہ اور عقائد فاسدہ کا حامل تھا۔ اس لئے اس نے اہلسنت وجماعت سے قتل وقتال کیا اور

کتاب التوحید کے نام سے ایک کتاب لکھی جس میں ملت اسلامیہ کے ہر شخص کو کافر قرار دیا۔

چنانچہ امام امین الدین محمد بن عابدین شامی علیہ الرحمہ اپنی کتاب ردالمحتار حاشیہ درمختار کی جلد ثالث کتاب الجہاد باب البغاۃ میں ابن عبدالوہاب نجدی کے متعلق فرماتے ہیں:

"یعنی خارجی ایسے ہوتے ہیں ہمارے زمانے میں پیروان ابن عبدالوہاب نجدی سے واقع ہوا جنہوں نے نجد سے خروج کر کے حرمین شریفین پر تغلب کیا اور وہ اپنے آپ کو کہتے تو حنبلی تھے مگر ان کا عقیدہ یہ تھا کہ بس وہی لوگ مسلمان ہیں جو ان کے (نجدی) مذہب پر ہیں اور جو ان کے (نجدی) مذہب پر نہیں وہ تمام مشرک ہیں، اس وجہ سے انہوں نے اہلسنت وعلمائے اہلسنت کا قتل مباح (جائز) ٹھہرایا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی شوکت توڑ دی اور ان کے شہر ویران کیے اور لشکر مسلمین کو ان پر فتح بخشی 1233ھ میں۔

(ردالمحتار، کتاب الجہاد، مطبوعہ مصطفیٰ البابی مصر 339/3)

ابن عبدالوہاب نجدی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اس کے پیروکار سعودیہ عربیہ کی قابض نجدی حکومت نے تمام مقدس مقامات کی بے حرمتی کی۔ جنت المعلیٰ اور جنت البقیع میں موجود صحابہ کرام، اہلبیت اطہار اور امہات المومنین کے مزارات پر بلڈوزر چلوائے۔ ہر وہ متبرک نشانیاں جو قابل تعظیم تھیں، سب سعودی نجدیوں نے ختم کروا دیں۔ رسول اللہ ﷺ سے نسبت رکھنے والی چیزوں سے عداوت کا بھرپور مظاہرہ کیا گیا۔

ابن عبدالوہاب نجدی کے اس کام کو آگے بڑھاتے ہوئے مولوی اسمٰعیل دہلوی نے کتاب تقویۃ الایمان لکھ کر اس امت میں بہت بڑے فساد کی بنیاد ڈالی، یہی نہیں بلکہ مولوی اسمٰعیل نے مسلمانوں کے خلاف تلوار اٹھا کر اسے جہاد کا نام دیا۔ یہی وہ جہاد ہے جو خوارج مسلمانوں کے خلاف کر رہے ہیں، جسے وہ عین اسلام سمجھتے ہیں۔

ایک طرف تو حکومت برطانیہ عرب میں بغاوت کو فروغ دے رہی ہے اور دوسری جانب برصغیر میں بھی اسے اپنی پسند کا مذہب بنانے میں زیادہ دقت نہ ہوئی۔ حکومت برطانیہ کے انگریزوں نے مسلمانوں سے حکومت چھینی تھی اور انگریزوں کو سب سے زیادہ خوف خصوصاً سرحد کے مسلمان پٹھانوں سے تھا۔ پٹھانوں سے مقابلہ کرنا انگریزوں کے لئے آسان نہ تھا۔ دوسرا بڑا خطرہ انگریزوں کو دہلی میں شاہ عبدالعزیز دہلوی کے گھرانے سے تھا۔ جن کے عقیدت مند ہندوستان بھر میں پھیلے ہوئے تھے۔ انگریزوں نے بڑی عیاری سے کام لیتے ہوئے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کے بھتیجے اسماعیل دہلوی کو اپنی مذموم سازش میں وفاداری کا عہد کیا اور دوسری طرف نوعمر اسماعیل دہلوی نے انگریز وفاداری کا حلف اٹھالیا۔

مرزا حیرت دہلوی سید احمد بریلوی کے بارے میں لکھتا ہے کہ حج کے موقع پر انہوں نے بے شمار لوگوں کو اپنا معتقد بنایا۔ اس نے اپنے کارندے پٹنہ میں مقرر کئے اور پھر دہلی کی طرف رخ کیا۔ یہاں خوش قسمتی سے ایک فاضل اجل محمد اسماعیل نامی اس کا مرید ہوگیا اور آخر میں اپنے پیر (سید احمد بریلوی) کا ایسا شیدا ہوا کہ اس نے نئے خلیفہ کے نئے اصول مذہبی پر مبنی ایک کتاب تصنیف کی جس کا نام صراط مستقیم تھا۔ (حیات طیبہ صفحہ 308)

اور انہیں دونوں کی کاوش سے محمد بن عبدالوہاب نجدی کے عقیدے کی کتاب التوحید کا چربہ کیا جس کا دوسرا نام تقویۃ الایمان رکھا (حیات طیبہ صفحہ 308)

انگریز حکومت سے وفاداری کا ثبوت

مقالات سرسید میں ہے کہ "حضرت سید احمد بریلوی اور حضرت شاہ صاحب اسماعیل دہلوی کی عملی زندگی سب پر روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ چنانچہ ان حضرات کی انگریزوں سے جیسے اچھے تعلقات تھے، وہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے"

(مقالات سرسید صفحہ نمبر 319)

اسماعیل دہلوی کے چند فتوے

انگریزوں کے خلاف جہاد کرنا کسی بھی طرح درست نہیں بلکہ خلاف مذہب ہے
(تواریخ عجیبہ، ص73، حیات طیبہ ص94)

انگریزوں کے عہد میں مسلمانوں کو کچھ تکلیف نہیں پہنچی اور چونکہ ہم (ان مکتبہ فکر) انگریزوں کی رعایا ہیں، اپنے مذہب کی رو سے یہ فرض ہے کہ انگریزوں پر جہاد کرنے میں ہم کبھی شریک نہ ہوں (مذہب الاسلام، ص440)

سید احمد صاحب 1809ء سے 1815ء تک مالوہ کے مشہور ڈاکو امیر خان پنڈاری کی لٹیرا ٹولی میں سوار کی حیثیت سے شامل ہوئے تھے، بہت جلد "اپنی خدمات" کے صلے میں امیر خان پنڈاری کے باڈی گارڈ دستے کے "سردار" بنادیے گئے اور پنڈاری خود اس قدر بہادر اور جنگجو تھا کہ اس کے بڑے تابڑ توڑ حملوں سے ایک طرف جے پور، جودھپور اور ہندو ریاستوں پر ہیبت طاری تھی تو دوسری جانب انگریزوں کے ناک میں بھی دم کر رکھا تھا۔ چنانچہ لوٹ مار کی اس مصیبت سے نجات حاصل کرنے کے لئے انگریزوں نے انتہائی عیاری سے کام لیتے ہوئے سازش کا جال پھیلایا۔ لہذا امیر خان پنڈاری کے معتمد خاص سید احمد صاحب سے ساز باز کر کے امیر خان پنڈاری کو پھانسنے کی ترکیب نکالی۔ اور سید احمد صاحب نے امیرِ خان پنڈاری جیسے لٹیرے مگر انگریز دشمن کو "نواب" اور "والئ ٹونک" کے خطاب دلا کر اپنی حکمت عملی سے انگریز شکنجے میں جکڑ دیا۔ گویا سید احمد صاحب نے اپنی اس حکمت عملی سے بپھرے ہوئے شیر کو پنجرے میں بند کر دیا۔ (تفصیل ملاحظہ فرمایئے کتاب "حیات طیبہ" ص513، ص421)

غور فرمایئے املت فروشی اور انگریز نوازی کا کیسا شاندار کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ اسی لئے انگریز سرکاران کی کارگزاری سے بہت خوش تھی اور کیوں نہ ہوتی کہ ایسی ہی پٹھوؤں کی بدولت انگریزی عفریت، ہندوستان کے جسم لاغر میں اپنے زہریلے پنجے گاڑنے میں کامیاب ہوئی۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ اگر سید احمد صاحب کے دل میں آزادی وطن کی ذراسی بھی تڑپ ہوتی اور دین اسلام سے ذرا بھی محبت ہوتی تو وہ امیر خان پنڈاری کو انگریز کی غلامی پر رضامند نہ کرتے۔ بلکہ انگریزوں کے خلاف کارروائیوں میں تیزی اختیار کرنے کا مشورہ دیتے۔ امیر خان پنڈاری کے پاس اس وقت تیس ہزار لڑاکا افراد کا گروہ موجود تھا جو انگریزوں کو ہندوستان سے نکالنے کے لئے نہایت موزوں تھا۔ مگر دین ملت کے اس غدار نے اپنی عاقبت تباہ کرنے کے لئے غاصب انگریزوں کا آلہ کار بننا پسند کیا اور ناموس اسلام کا کچھ پاس نہ رکھا۔ انگریزوں کی حمایت کے ساتھ ساتھ سید احمد نے اپنے دین کا پرچار بھی شروع کر دیا تھا۔ چنانچہ "حیات طیبہ" میں ان کے اپنے مصنف مرزا دہلوی صاحب لکھتے ہیں۔

اس مستعدی اور زبان پند و نصائح کا عمل، شرعی معاشرت کے ساتھ یہ اثر ہوا کہ امیر خان معہ اپنے کل بھائی بندوں اور اولاد کے سچا محمدی (یعنی محمد بن عبدالوہاب نجدی کا پیروکار) بن گیا (ملاحظہ کیجئے حیات طیبہ ص 512)

سید احمد بریلوی کے مذکورہ واقعہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ ابن عبدالوہاب نجدی کا معتقد تھا اور دورہ حجاز سے پہلے بھی اس کی عقیدت اسی شرانگیز مذہب سے تھی۔ اسی لئے اس نے امیر خان کے پورے خاندان کو اپنے مذہب میں ڈھال لیا۔

سکھوں کے خلاف جہاد اور اس کی حقیقت

ان کے اپنے تذکرہ نگار مرزا حیرت دہلوی اس حقیقت کا انکشاف ان الفاظ میں کرتا

ہے۔

سید صاحب نے عام طور پر دھڑا کے سے اپنے مریدوں کو ہر شہر میں یہ اجازت دے دی کہ سکھوں پر جہاد کرنے کے وعظ ہوں اکثر شہروں میں وعظ ہونا شروع ہو گئے...... اور سید صاحب کے پاس مجاہدین جمع ہونا شروع ہو گئے (حیات طیبہ صفحہ نمبر 431-430)

چونکہ یہ جہاد نہیں تھا بلکہ اس نعرہ کی آڑ میں سکھوں کی قوت ختم کر کے انگریز حکومت کے پاؤں مضبوط کرنا تھا۔ سید احمد نے سکھوں کے خلاف جو نام نہاد جہاد کیا اس کی حقیقت کا پردہ چاک کرتے ہوئے ان ہی کے بنائے ہوئے دوسرے مکتبہ فکر کے امام مولوی حسین احمد مدنی دیوبندی اپنی کتاب میں لکھتے ہیں۔

جب سید احمد صاحب کا ارادہ سکھوں سے جنگ کرنے کا ہوا تو انگریزوں نے اطمینان کا سانس لیا اور جنگی ضرورتوں کے مہیا کرنے میں سید صاحب کی مدد کی (نقش حیات، ص 12، جلد دوئم، مولوی حسین احمد مدنی)

مذکورہ بالا حقائق سے یہ ثابت ہو گیا کہ وہابیوں کے امام سید احمد صاحب اور اسماعیل دہلوی صاحب کا سکھوں سے جنگ کرنا، جہاد نہ تھا بلکہ انگریزوں کی ایماء پر ان کے ہاتھ پاؤں مضبوط کرنا تھا۔ سکوں نے انگریزوں سے صلاح کر لی تھی پھر ان دونوں نے اپنا نام نہاد جہاد، سکھوں کے خلاف بند کر دیا۔ انگریزوں نے ایک خط سید احمد صاحب اور اسماعیل صاحب کی بنائی ہوئی جماعت مجاہدین کے امیر مولوی ولایت علی کے نام لکھا۔

اس خط کا مضمون سید احمد صاحب کے خصوصی مرید و معتقد اور مجاہدین جماعت کی خصوصی شخصیت، جعفر تھانیسری صاحب نے اپنی کتاب میں اس طرح نقل کیا ہے۔

"جب گلاب سنگھ اور سرکار انگریز کا آپس میں معاہدہ ہو گیا تو اس وقت سرکار انگریز نے ایک خط بنام مولوی ولایت علی صاحب کو لکھا کہ اب گلاب سنگھ سرکار انگریز کی حمایت

میں ہے۔اس وقت اس سے لڑنا عین گورنمنٹ سے لڑنا ہے۔لہٰذا اب تم کو چاہئے کہ اب اس سے لڑائی بھڑائی مت کرو" (ملاحظہ کیجئے تواریخ عجیبہ، مطبوعہ دہلی، جعفر تھانیسری)

اس کے بعد مجاہدین نے لڑائی بند کردی۔ ہتھیار سرکار (یعنی انگریز حکومت) کے پاس جمع کرادیئے اور قیمت وصول کر لی۔انگریزوں نے مجاہدین کا شاندار استقبال کیا اور ان کی دعوتیں بھی کیں (ملاحظہ ہو کتاب، حیات سید احمد)

جب سکھ انگریز حکومت کے زیر اثر آگئے اور سکھوں نے انگریزوں کے بنائے ہوئے لشکر سے شکست کھائی تو انگریزوں نے اپنے قدم مضبوط کرنے کے لئے اس لشکر کو صوبہ سرحد کے غیور مسلمانوں سے لڑنے کے لئے تیار کیا۔

چنانچہ سید احمد صاحب نے انگریز سرکار کے کہنے پر ایک فوجی دستہ قائم کیا۔ جسے مجاہدین کا نام دیا گیا۔سید احمد بریلوی کو امیر المومنین بنایا گیا جبکہ اسماعیل دہلوی کو اس فوجی دستہ کا کمانڈر انچیف بنایا۔ گویا ایک پیر تو دوسرا مرید۔اس طرح نام نہاد مجاہدین کا یہ لشکر 1827ء میں پشاور جا پہنچا۔

ابتدائی چار سال پیری مریدی کرکے لوگوں کو اپنے قریب کیا اور ان کے ذہنوں کو بدلا، اپنی نام نہاد شریعت نافذ کی۔جب صوبہ سرحد کے غیور مسلمان پٹھانوں کو ان کے عزائم کا علم ہوا تو انہوں نے ان سے بیزاری کا اظہار کیا۔لوگوں کو ان کے خلاف نفرت پیدا ہوئی اور سرحد کا پٹھان سید احمد بریلوی سے نفرت کرنے لگا۔اسماعیل دہلوی قتیل نے ان سچے مسلمان پٹھانوں کے خلاف "جہاد" کا اعلان کردیا۔

مولوی عاشق الٰہی میرٹھی دیوبندی لکھتا ہے۔"سید صاحب نے سب سے پہلے جہاد مسمی یار خان حاکم یاغستان سے کیا" (ملاحظہ ہو تذکرۃ الرشید، ص 370، جلد دوئم)

مولوی اشرف علی تھانوی لکھتا ہے"سید احمد نے پہلا جہاد یار محمد خان حاکم یاغستان

سے کیا تھا" (ملاحظہ ہوارواح ثلاثہ، ص 107، مطبوعہ سہارنپور)

معلوم ہوا کہ سید احمد کا جہاد مسلمانوں سے تھا کسی سکھ یا انگریز سے ہرگز نہ تھا۔

صوبہ سرحد میں وہابی مجاہدین کو کن مصائب کا سامنا کرنا پڑا اور وہ کن کے ٹکڑوں پر پلے، اس کا انکشاف مکتبہ دیوبند کے مولوی عبید اللہ سندھی ان الفاظ میں کرتے ہیں۔

وہاں سرحد میں پہنچ کر مجھے معلوم ہوا کہ وہ جماعت جو مجاہدین کے نام سے یاد کی جاتی ہے، کس بری حالت میں ہے اور اس کی گزربسر اور اس کی زندگی کس طرح صاحبزادہ عبدالقیوم کی وساطت سے انگریز کی مرہون منت ہے۔ (ملفوظات عبید اللہ سندھی، از محمد سرور صاحب، ص 392)

عبید اللہ سندھی کے مذکورہ بالا انکشاف سے واضح ہوا کہ اسماعیل دہلوی کا فوجی دستہ انگریزوں کی مرہون منت تھا۔ سید احمد اور ان کے مرید اسماعیل دہلوی کا انگریزوں سے کس درجہ گہرا تعلق تھا، اس کا اندازہ سرسید احمد خان کے قول سے لگائیے۔ سرسید احمد خان تحریر کرتے ہیں۔

"حضرت سید احمد بریلوی اور حضرت شاہ صاحب (اسماعیل دہلوی) کی عملی زندگی سب پر روز روشن کی طرح عیاں ہے، لہذا ان حضرات کے انگریزوں سے جیسے اچھے تعلقات تھے، وہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں" (ملاحظہ کیجئے مقالات سرسید ص 319، حصہ شانزدہم)

صوبہ سرحد میں ان کے کارنامہ

ایک اور فتویٰ سنئے، یہ وہ فتویٰ ہے کہ جس پر سید احمد اور اسماعیل دہلوی کی مہر لگی ہوئی تھی۔ یہ فتویٰ پشاور کے قاضی سید مظہر علی صاحب کو بھیجا جس کا انہوں نے برملا اعلان کیا۔ فتویٰ یہ ہے "تین دن کے عرصہ میں ملک پشاور میں جتنی رانڈیں (بیوہ) ہیں، سب کے

نکاح ہوجانے ضروری ہیں ورنہ اگر کسی گھر میں بے نکاح رانڈ رہ گئی تو اس گھر کو آگ لگادی جائے گی" (ملاحظہ ہو حیات طیبہ، ص 244-243)

حیات طیبہ میں ان کا اپنا مورخ اپنی کتاب میں لکھتا ہے۔ یہ محض ناممکن تھا کہ نوجوان عورت رانڈ ہوکر عدت کی مدت گزر جانے پر بے خاوند کی بیٹھی رہے، اس کا جبراً نکاح کیا جاتا تھا خواہ اس کی مرضی ہو یا نہ ہو (ملاحظہ ہو حیات طیبہ، ص 242)

میں یہاں پر تمام شرانگیز اسلام کے دشمنوں سے سوال کرتا ہوں کہ عورت اس کے ولی کی اجازت کے بغیر سرحد کی جتنی مسلمان لڑکیوں کو ان نام نہاد مجاہدین نے جبراً اپنے گھر میں ڈال لیا تھا کیا ایسے نکاح کا قرآن وحدیث میں کہیں ثبوت ملتا ہے؟ اگر نہیں ملتا تو ایسے نکاحوں کے ذریعے جنم لینے والی نسل حلال ہے یا حرام؟

ابن عبدالوہاب نجدی کے پیروکار نجدی، کے نزدیک تمام (ان کے علاوہ) مسلمان چونکہ بدعتی، مشرک، کافر اور لائق گردن زنی ہیں۔ چنانچہ سید احمد نے اپنا آخری جہاد پنجتار کے مسلمان سردار فتح خان صاحب سے کیا جس میں بڑی بے جگری سے ان درندوں نے اپنے پیشوا ابن عبدالوہاب نجدی کی تاریخ کو دہراتے ہوئے مسلمانوں کا قتل عام کیا مگر ان بدمست ہاتھیوں کو یہ کہاں پتہ تھا کہ جب صوبہ سرحد کے غیور پٹھان مسلمانوں پر ان کے نام نہاد مجاہدین کے ظلم کی انتہا ہوگئی تو انہیں اس بات کا یقین ہوگیا کہ ان مسلح نام نہاد اسلام کے ٹھیکے داروں سے اپنی عزت وآبرو اور دین وایمان بچانا ممکن ہے تو تمام پٹھان مسلمانوں سے مل کر، ان خون کے پیاسوں اور ایمان کے دشمنوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے اجتماعی کوششیں کیں، مسلمانوں کی یہ کوشش کس قدر کارگر ثابت ہوئی، اس کی حقیقت مولوی عبیداللہ سندھی دیوبندی سے سنئے:

"چنانچہ ایک معین رات میں امیر شہید (سید احمد صاحب) کے تمام مقرر کردہ اہل

منا سبین قتل کر دیئے گئے اور حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔ امیر شہید (سید احمد صاحب) اس واقعہ سے کہ قاضی، مفتی، حاکم، سپاہی غرض کہ ساری جماعت قتل کر دی گئی، بہت متاثر ہوئے"
(شاہ ولی اللہ اور ان کی سیاسی تحریک، ص 115,116، مولوی عبید اللہ سندھی)

سر سید احمد خان صاحب، اس حقیقت کا اعتراف ان الفاظ میں کرتے ہیں:
"ہندوستان کے گوشہ شمال مغرب کی سرحد پر جو قومیں رہتی ہیں، وہ سنی المذہب حنفی ہیں لیکن چونکہ یہ (پٹھان مسلمان) قوم نے اخیر میں وہابیوں سے دغا کر کے سکھوں سے اتفاق کر لیا اور مولوی اسماعیل صاحب اور سید احمد صاحب کو شہید کر دیا" (ملاحظہ ہو مقالات سر سید، نہم ص 139,140)

عاشقان مصطفی ﷺ (پٹھانوں) سے گھمسان کی جنگ ہوئی، صوبہ سرحد کے پٹھانوں نے انگریزوں کے ان زرخرید مولویوں کو بالاکوٹ کے پہاڑوں پر قتل کیا۔ اسلام دشمن انگریز اور سکھ نے انہیں شہید کا لقب دیا۔ جو اب تک ان کے نام سے منسوب ہے۔

غیر مقلد کا مورخ لکھتا ہے کہ "راجہ شیر سنگھ نے اسی لاش (اسماعیل دہلوی) پر دوشالہ ڈلوا کر اور اپنی فوج کے مسلمانوں سے اس پر نماز جنازہ پڑھوا کر بڑے اعزاز اور اکرام سے دفن کر دیا" (تواریخ عجیبہ، 179، مطبوعہ دہلوی)

غیر مقلد کے مورخ مرزا حیرت دہلوی لکھتے ہیں "یہ خبر معتبر معلوم ہوتی ہے کہ دوسرے دن شیر سنگھ نے ان دونوں بزرگوں (سید احمد اور اسماعیل دہلوی) کی لاشوں کو شناخت کرا کے نہایت عزت کے ساتھ انہیں بالاکوٹ میں دفن کرا دیا" (ملاحظہ ہو حیات طیبہ، ص 535، تواریخ عجیبہ ص 179)

بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ سکھوں کے ساتھ لڑتے ہوئے شہید ہوا۔ حقیقت یہ ہے کہ پٹھانوں کی غیرت نے ان کو گوارا نہ کیا اور جہنم داصل کیا لیکن دلیر اور جرات اور بہادری کے پیکر پٹھان عاشق رسول نے ان کو تو جہنم واصل کر دیا مگر ان کے لگائے ہوئے پودوں کا زہر

Marfat.com

پورے پاکستان اور افغانستان میں پھیل گیا ہے اور کئی لوگ دوبارہ سے سید احمد اور اسماعیل دہلوی بن گئے۔

اگر سکھوں کے ہاتھوں قتل ہوئے ہوتے تو امرتسر مشرقی پنجاب کے کسی اور شہر میں مارے جاتے کیونکہ یہ ہی سکھوں کا مرکز تھا، سرحد تو پٹھانوں کا ملک ہے، وہاں یہ مارے گئے معلوم ہوا کہ انہیں مسلمانوں نے قتل کیا۔

نیز ان ہی کی مشہور کتاب ارواح ثلاثہ کے صفحہ نمبر 139 پر ہے کہ سید احمد صاحب نے پہلا جہاد یار محمد خان حاکم یاغستان سے کیا۔ اس جہاد میں مولوی عبدالحئی صاحب لکھنوی، مولوی اسماعیل دہلوی، مولوی محمد حسین صاحب رامپوری سید صاحب کے ہمراہ جہاد میں شریک تھے۔ نیز مولوی اسماعیل صاحب کا میر منشی ہیرالال تھا (حیات طیبہ) اور توپچی راجہ رام تھا غرضیکہ اسی مکتبہ فکر کے قلمی زبانی اور تلواروں کے حملے مسلمانوں ہی پر ہوئے۔

مولوی اسماعیل دہلوی، مولوی اشرف علی تھانوی، قاسم نانوتوی، رشید احمد گنگوہی اور خلیل احمد انبیٹھوی کے گستاخانہ مشن کی تکمیل کے لئے مولوی الیاس کاندھلوی (دیوبندی) نے تبلیغی جماعت کی بنیاد رکھی۔

تبلیغی جماعت کے بانی مولوی الیاس کاندھلوی (دیوبندی) کا تعلق جس فرقے سے تھا، اس فرقے کے سارے پیشواؤں کی کتابیں گستاخیوں سے بھرپور ہے۔

اکابر دیوبند کی کفریہ عبارات

عقیدہ: دیوبندی پیشوا اشرف علی تھانوی اپنی کتاب حفظ الایمان میں لکھتا ہے کہ "پھر یہ کہ آپ ﷺ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقول زید صحیح ہو تو دریافت طلب یہ امر ہے کہ غیب سے مراد بعض غیب ہے کل غیب۔ اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس

میں حضور ﷺ ہی کی کیا تخصیص ہے۔ ایسا علم غیب تو زید و عمرو بلکہ ہر صبی (بچہ) مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لئے بھی حاصل ہے"

مطلب یہ کہ (معاذ اللہ) سرکار ﷺ کے علم غیب کو پاگل، جانوروں اور بچوں سے ملایا۔ (بحوالہ کتاب حفظ الایمان ص 8 کتب خانہ اشرفیہ راشد کمپنی دیوبند مصنف اشرف علی تھانوی)

عقیدہ: دیوبندی پیشوا قاسم نانوتوی اپنی کتاب تحذیر الناس میں لکھتا ہے کہ "اگر بالغرض زمانہ نبوی ﷺ کے بعد بھی کوئی نبی پیدا ہوا تو پھر بھی خاتمیت محمدی ﷺ میں کچھ فرق نہیں آئے گا۔"

مطلب یہ کہ قاسم نانوتوی نے حضور ﷺ کو خاتم النبیین ماننے سے انکار کیا۔

(بحوالہ کتاب تحذیر الناس صفحہ نمبر 34 دارالاشاعت مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی، مصنف قاسم نانوتوی)

عقیدہ: دیوبندی پیشوا مولوی خلیل احمد انبیٹھوی اپنی کتاب میں لکھتا ہے "شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخر عالم ﷺ کو خلاف نصوص قطعیہ کے بلا دلیل محض قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کونسا ایمان کا حصہ ہے۔ شیطان و ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی۔ فخر عالم ﷺ کی وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے کہ جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے"

مطلب یہ کہ سرکار اعظم ﷺ کے علم پاک سے شیطان و ملک الموت کے علم کو زیادہ بتایا گیا۔ مولوی خلیل احمد کی اس کتاب کی دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی نے تصدیق بھی کی۔ (بحوالہ کتاب براہین قاطعہ صفحہ نمبر 15 مطبوعہ بلال ڈھورا، مصنف مولوی خلیل احمد انبیٹھوی مصدقہ مولوی رشید احمد گنگوہی)

عقیدہ: زنا کے وسوسے سے اپنی بیوی کی مجامعت کا خیال بہتر ہے اور شیخ یا انہی جیسے

Marfat.com

اور بزرگوں کی طرف خواہ جناب رسالت مآب ﷺ ہی ہوں اپنی ہمت کو لگا دینا اپنے آپ کو بیل اور گدھے کی صورت میں مستغرق کرنے سے زیادہ برا ہے"

مطلب یہ کہ دیوبندی اکابر اسمٰعیل دہلوی نے نماز میں سرکار اعظم ﷺ کے خیال مبارک کے آنے کو جانوروں کے خیالات میں ڈوبنے سے بدتر کہا۔

(بحوالہ: کتاب صراط مستقیم صفحہ 169 اسلامی اکادمی اردو بازار لاہور مصنف مولوی اسمٰعیل دہلوی)

عقیدہ: دیوبندی پیشوا اشرف علی تھانوی کے ایک مرید نے اپنے پیر اشرف علی تھانوی کو اپنے خواب اور بیداری کا واقعہ لکھا کہ وہ خواب میں کلمہ شریف میں حضور ﷺ کے نام نامی اسم گرامی کی جگہ اپنے پیر اشرف علی تھانوی کا نام لیتا ہے یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ کی جگہ لا الہ الا اللہ اشرف علی رسول اللہ (معاذ اللہ) پڑھتا ہے اور اپنی غلطی کا احساس ہوتے ہی اپنے پیر سے معلوم کرتا ہے تو جواب میں اشرف علی تھانوی توبہ واستغفار کا حکم دینے کے بجائے کہتا ہے "اس واقعہ میں تسلی تھی کہ جس کی طرف تم رجوع کرتے ہو وہ بعونہ تعالیٰ متبع سنت ہے"

مطلب یہ کہ کلمہ کفر کو اشرف علی تھانوی صاحب نے عین اتباع سنت کہا۔

(بحوالہ: کتاب الامداد صفحہ 35 مطبع امداد المطابع تھانہ بھون انڈیا مصنف اشرف علی تھانوی)

عقیدہ: دیوبندی مولوی حسین علی دیوبندی نے اپنی کتاب بلغتہ الحیران میں لکھا ہے کہ "حضور ﷺ پل صراط سے گر رہے تھے میں نے انہیں بچایا" (معاذ اللہ)

عقیدہ: دیوبندی پیشوا مولوی خلیل احمد انبیٹھوی لکھتا ہے کہ "رسول کو دیوار کے پیچھے کا علم نہیں" (بحوالہ: کتاب براہین قاطعہ ص 55 مصنف خلیل احمد انبیٹھوی)

Marfat.com

عقیدہ: دیوبندی مولوی اسمٰعیل دہلوی لکھتا ہے کہ "جس کا نام محمد ﷺ یا علی رضی اللہ عنہ ہے وہ کسی چیز کا مالک ومختار نہیں" (بحوالہ کتاب تقویۃ الایمان مع تذکیر الاخوان ص 43 مطبوعہ میر محمد کتب خانہ مرکز علم وادب آرام باغ کراچی، مصنف مولوی اسمٰعیل دہلوی)

عقیدہ: مولوی اسمٰعیل دہلوی نے حضور ﷺ پر افتراء باندھا کہ گویا آپ ﷺ نے فرمایا میں بھی اک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں۔ (بحوالہ: کتاب تقویۃ الایمان ص 53)

عقیدہ: مولوی اشرف علی تھانوی مولوی فضل الرحمٰن کی زبانی بیان کرتے ہیں کہ ہم نے خواب میں حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کو دیکھا کہ انہوں نے ہم کو اپنے سینے سے چمٹایا (معاذ اللہ) (بحوالہ کتاب الافاضات الیومیہ ص 37-62 مصنف مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی)

عقیدہ: انبیاء کرام اپنی امت میں ممتاز ہوتے ہیں تو علوم ہی میں ممتاز ہوتے ہیں باقی رہا عمل اس میں بسا اوقات بظاہر امتی مساوی ہو جاتے بلکہ بڑھ جاتے ہیں۔

مطلب یہ کہ عمل اگر امتی زیادہ کرلے تو نبی سے بڑھ جاتا ہے (معاذ اللہ)

(بحوالہ: کتاب تحذیر الناس ص 5 مصنف مولوی قاسم نانوتوی دیوبندی)

عیدین میں گلے ملنا بدعت ہے۔

دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی سے سوال کیا گیا۔

سوال: عیدین میں معانقہ کرنا اور بغل گیر ہونا کیسا ہے؟

جواب: عیدین میں معانقہ کرنا بدعت ہے (فتاویٰ رشیدیہ ص 129، ناشر محمد علی کارخانہ اسلامی کتب اردو بازار کراچی)

نبی بخش، پیر بخش، سالار بخش نام رکھنا شرک ہے

دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی سے سوال کیا گیا۔

سوال: نبی بخش' پیر بخش' سالار بخش' مدار بخش ایسے ناموں کا رکھنا کیسا ہے؟

جواب: ایسے نام موہم شرک ہیں' منع ہیں' ان کو بدلنا چاہئے۔

(فتاویٰ رشیدیہ ص 183' ناشر محمد علی کارخانہ اسلامی کتب اردو بازار کراچی)

لفظ رحمۃ للعالمین صفت خاصہ رسول اللہ کی نہیں ہے

دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی سے سوال کیا گیا۔

سوال: لفظ رحمۃ للعالمین مخصوص آنحضرت ﷺ سے ہے یا ہر شخص کو کہہ سکتے ہیں؟

جواب: لفظ رحمۃ للعالمین صفت خاصہ رسول اللہ ﷺ کی نہیں ہے۔ بلکہ دیگر اولیاء و انبیاء اور علماء ربانیین بھی موجب رحمت عالم ہوتے ہیں اگرچہ جناب رسول اللہ ﷺ سب میں اعلیٰ ہیں لہذا اگر دوسرے پر اس لفظ کو بتاویل بول دیوے تو جائز ہے (فتاویٰ رشیدیہ ص 218' ناشر محمد علی کارخانہ اسلامی کتب اردو بازار کراچی)

حضور ﷺ نے اردو دارالعلوم دیوبند سے سیکھی

دیوبندی مولوی خلیل احمد سہارنپوری لکھتا ہے کہ ایک صالح فخر عالم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوا یعنی خواب میں زیارت مبارک ہوئی تو آپ ﷺ کو اردو میں کلام کرتے ہوئے دیکھ کر پوچھا' آپ ﷺ کو یہ زبان کہاں سے آ گئی۔ آپ ﷺ تو عربی ہیں۔ فرمایا جب سے علماء مدرسہ دیوبند سے ہمارا معاملہ ہوا' ہم کو یہ زبان آ گئی

(براہین قاطعہ ص 30)

امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کا تذکرہ کرنا شیعہ کا طریقہ ہے

دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی سے سوال کیا گیا۔

سوال: کتاب ترجمہ سر شہادتین یا دیگر کتب شہادت خاص شہادت کی رات کو پڑھنا

کیسا ہے' حسب خواہش نمازیان مسجد یا کسی کے مکان پر؟

جواب: ایام محرم میں سرشہادتیں کا پڑھنا منع ہے۔ حسب مشابہت مجالس روافض (شیعہ) ہے (فتاویٰ رشیدیہ ص 120' ناشر محمد علی کارخانہ اردو بازار کراچی)

محرم میں دودھ پلانا' سبیل لگانا حرام ہے

دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی سے سوال کیا گیا۔

سوال: محرم میں عشرہ وغیرہ کے روز شہادت کا بیان مع اشعار براویت صحیح یا بعض ضعیفہ بھی ونیز سبیل لگانا اور چندہ دینا اور شربت دودھ بچوں کو پلانا درست ہے یا نہیں؟

جواب: محرم میں ذکر شہادت حسین کرنا اگرچہ بروایات صحیحہ ہو یا سبیل لگانا' چندہ سبیل اور شربت میں دینا' دودھ پلانا سب نادرست اور تشبیہ روافض کی وجہ سے حرام ہیں فقط۔

(فتاویٰ رشیدیہ ص 120' ناشر محمد علی کارخانہ اسلامی کتب اردو بازار کراچی)

نبی' ولی' شیطان بھوت' پریت سب برابر ہیں

دیوبندی مولوی اسمٰعیل دہلوی لکھتا ہے کہ اللہ کی مخلوق اور اس کا بندہ ہی مانا جائے۔ پھر اس معاملہ میں نبی' ولی' جن' شیطان' بھوت' پریت اور پری وغیرہ سب برابر ہیں۔

(تقویۃ الایمان ص 40' مطبوعہ دارالسلام پبلشرز احمد پرنٹنگ پریس 50 لوئر مال لاہور پاکستان)

ملائکہ اور انسان اللہ تعالیٰ کے سامنے بے بس ہیں

یعنی انسان ہو یا فرشتہ اللہ کا غلام ہے۔ اللہ کے سامنے اس کا اس سے زیادہ رتبہ نہیں یہ اللہ کے قبضے میں ہیں اور عاجز و بے بس ہیں۔ اس کے اختیار میں کچھ نہیں

(تقویۃ الایمان ص 41' مطبوعہ دارالسلام پبلشرز احمد پرنٹنگ پریس 50 لوئر مال

لاہور پاکستان)

بڑے سے بڑا انسان ہو یا فرشتہ شان الوہیت کے مقابل چمار

دیوبندی مولوی اسمٰعیل دہلوی لکھتا ہے کہ یقین مانو کہ ہر شخص خواہ وہ بڑے سے بڑا انسان ہو یا مقرب فرشتہ اس کی حیثیت شان الوہیت کے مقابلے پر ایک چمار کی حیثیت سے بھی زیادہ ذلیل ہے (تقویۃ الایمان ص 49 مطبوعہ دارالسلام پبلشرز احمد پرنٹنگ پریس 50 لوئر مال لاہور پاکستان)

انبیاء و اولیاء اللہ کے بے بس بندے اور ہمارے بھائی ہیں

دیوبندی مولوی اسمٰعیل دہلوی لکھتا ہے کہ یعنی تمام انسان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ جو بہت بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے اس کی تعظیم بڑے بھائی کی سی کرو۔ باقی سب کا مالک اللہ ہے۔ عبادت اسی کی کرنی چاہئے۔ معلوم ہوا کہ جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں خواہ انبیاء ہوں یا اولیاء ہوں وہ سب کے سب اللہ کے بے بس بندے ہیں اور ہمارے بھائی ہیں مگر حق تعالیٰ نے انہیں بڑائی بخشی تو ہمارے بڑے بھائی کی طرح ہوئے۔ (تقویۃ الایمان ص 111 مطبوعہ دارالسلام پبلشرز احمد پرنٹنگ پریس 50 لوئر مال لاہور پاکستان)

انبیاء گاؤں کے زمیندار اور چوہدری

دیوبندی مولوی اسمٰعیل دہلوی لکھتا ہے کہ سید کے دو معنی ہیں

(1) خود مختار مالک کل جو کسی کا محکوم نہ ہو۔ آپ جو چاہے کرے یہ شان رب تعالیٰ کی ہے۔ اس معنی کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی سید نہیں

(2) پہلے حاکم کا حکم اس کے پاس آئے اور پھر اس کی زبانی دوسروں کو پہنچے جیسے

Marfat.com

چوہدری زمیندار اس کے معنی کے لحاظ سے ہر نبی اپنی امت کا سردار ہے۔
(تقویۃ الایمان ص116 'مطبوعہ دارالسلام پبلشرز احمد پرنٹنگ پریس 50 لوئر مال لاہور پاکستان)

غیر اللہ کو دستگیر کہنے والے پکے کافر ہیں

دیوبندی مولوی غلام خاں لکھتا ہے کہ کوئی کسی کے لئے حاجت روا' مشکل کشا و دستگیر کس طرح ہوسکتا ہے۔ ایسے عقائد والے لوگ بالکل پکے کافر ہیں۔ ان کا کوئی نکاح نہیں۔ ایسے عقائد باطلہ پر مطلع ہو کہ جو انہیں کافر مشرک نہ کہے وہ بھی ویسا ہی کافر ہے (جواہر القرآن ص147 'مولوی غلام خان)

خاص علم کی وسعت ابلیس کو دی ہے' رسول اللہ کو نہیں دی

دیوبندی مولوی حسین احمد مدنی لکھتا ہے کہ ایک خاص علم کی وسعت آپ ﷺ کو نہیں دی گئی۔ اور ابلیس لعین کو دی گئی ہے
(الشہاب الثاقب ص91 'مولوی حسین احمد مدنی)

نبی کا معصوم ہونا ضروری نہیں

دیوبندیوں کے پیشوا مولوی قاسم نانوتوی لکھتا ہے کہ دروغ صریح بھی کئی طرح کا ہوتا ہے۔ ہر قسم کا حکم یکساں نہیں۔ ہر قسم سے نبی کا معصوم ہونا ضروری نہیں۔ بالجملہ علی العموم کذب کو منافی شان نبوت بایں معنی سمجھنا کہ یہ معصیت ہے اور انبیاء علیہم السلام معاصی سے معصوم ہیں' خالی غلطی سے نہیں
(تصفیۃ العقائد ص25-28 'مولوی محمد قاسم نانوتوی)

حضور کا یوم ولادت منانا' ہندوؤں کے کنہیا کے دن منانے کی مثل ہے

دیوبندی پیشوا مولوی خلیل احمد انبیٹھوی لکھتا ہے کہ یہ ہر روز اعادہ ولادت (حضور ﷺ) کا مثل ہنود کے سانگ کنہیا کی ولادت کا ہر سال کرتے ہیں

(براہین قاطعہ ص 148 ' مولوی خلیل احمد انبیٹھوی)

مفتی محمد حسن دیوبندی رحمتہ للعالمین ہیں

مفتی محمد حسن دیوبندی' مولوی اشرف علی تھانوی کے خلیفہ اعظم تھے' ان کے انتقال پر ایبٹ آباد کے دیوبندی مہتمم مدرسہ مرثیہ خواں ہیں۔

"آج نماز جمعہ پر یہ خبر جانکاہ سن کر دل حزیں پر بے حد چوٹ لگی کہ رحمتہ للعالمین (مفتی محمد حسن اشرفی دیوبندی) دنیا سے سفر آخرت فرما گئے ہیں"

(تذکرہ حسن بحوالہ تجلی دیوبند ونوری کرن' ماہ فروری 1962ء)

پیغمبر کے لئے معجزہ ضروری نہیں

دیوبندی مولوی اسماعیل دہلوی لکھتا ہے کہ جس شخص سے کوئی معجزہ نہ ہو' اس کو پیغمبر نہ سمجھنا یہ عادتیں یہود ونصاریٰ' اور مجوس اور منافقوں اور اگلے مشرکوں کی ہے۔

(تقویۃ الایمان ص 16-17 ' مولوی اسماعیل دہلوی)

ایک آن میں کروڑوں محمد کے برابر پیدا کردے

دیوبندی مولوی اسماعیل دہلوی لکھتا ہے کہ اس شہنشاہ (باری تعالیٰ) کی تو یہ شان ہے کہ اگر چاہے تو لفظ "کن" سے کروڑوں نبی' ولی' جن' فرشتے' جبریل اور محمد ﷺ کے برابر

ایک آن میں پیدا کردے اور ایک دم میں عرش سے فرش تک ساری کائنات کو زیروزبر کردے (تقویۃ الایمان ص 70' مطبوعہ دارالسلام پبلشرز احمد پرنٹنگ پریس' 50 لوئر مال لاہور پاکستان)

زندہ پیر کے ہاتھوں کو بوسہ دینے والا

دیوبندی مولوی غلام خاں لکھتا ہے کہ زندہ پیر کے ہاتھوں کو بوسہ دے دیا اس کے سامنے دوزانو بیٹھ گئے تو یہ سب افعال اس پیر کی عبادت کے ہوں گے' جو اللہ کے نزدیک موجب لعنت ہوں گے (جواہر القرآن ص 77' از مولوی غلام خاں)

مولود و عرس کی محافلیں درست نہیں ہیں

دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی لکھتا ہے کہ مولود شریف اور عرس جس میں کوئی بات خلاف شرع نہ ہو اس زمانہ میں درست نہیں

(فتاویٰ رشیدیہ ص 105' مولوی رشید احمد گنگوہی)

دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی لکھتا ہے

جس عرس میں صرف قرآن پڑھا جائے اس میں شریک ہونا بھی درست نہیں ہے (فتاویٰ رشیدیہ ص 147' مولوی رشید احمد گنگوہی)

ہولی' دیوالی کی پوری کا کھانا درست ہے

دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی سے سوال کیا گیا۔

سوال: ہندو تہوار ہولی یا دیوالی میں اپنے استاد یا حاکم یا نوکر کو کھیلیں یا پوری یا اور کچھ کھانا بطور تحفہ بھیجتے ہیں ان چیزوں کا لینا اور کھانا استاد و حاکم و نوکر مسلمان کو درست ہے یا نہیں؟

جواب: درست ہے

(فتاویٰ رشیدیہ ص 561 ' ناشر محمد علی کارخانہ اسلامی کتب اردو بازار کراچی)

ہندوؤں کے پیاؤ سے پانی پینا جائز ہے

دیوبندی مولوی رشید احمد گنگوہی سے سوال کیا گیا۔

سوال: ہندو جو پیاؤ پانی کی لگاتے ہیں سودی روپیہ صرف کر کے مسلمانوں کو اس کا پانی پینا درست ہے یا نہیں؟

جواب: اس پیاؤ سے پانی پینا مضائقہ نہیں۔

(فتاویٰ رشیدیہ ص 562 ' ناشر محمد علی کارخانہ اسلامی کتب اردو بازار کراچی)

عقیدہ: مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی اپنی فتاویٰ کی کتاب امداد الفتاویٰ جلد دوم ص 29/28 میں لکھتا ہے کہ شیعہ سنی کا نکاح ہوسکتا ہے لہذا سب اولاد ثابت النسب ہے اور صحبت حلال ہے۔

عقیدہ: مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی کتاب الافاضات الیومیہ جلد 4 ص 139 پر لکھتا ہے کہ شیعوں اور ہندوؤں کی لڑائی اسلام اور کفر کی لڑائی ہے۔ شیعہ صاحبان کی شکست اسلام اور مسلمانوں کی شکست ہے۔ اس لئے تعزیہ کی نصرت (مدد) کرنی چاہیے۔

آپ نے مولوی اسمٰعیل دہلوی کی گستاخانہ کتاب تقویۃ الایمان کی عبارتیں ملاحظہ کیں۔ اس کتاب کے متعلق دیوبندی اکابرین کیا لکھتے ہیں۔

ملاحظہ کیجئے:

مولوی رشید احمد گنگوہی دیوبندی اپنی فتاویٰ کی کتاب فتاویٰ رشیدیہ میں تقویۃ الایمان کے بارے میں لکھتا ہے۔

1۔ کتاب تقویۃ الایمان نہایت ہی عمدہ کتاب ہے اس کا رکھنا اور پڑھنا اور عمل کرنا

عین اسلام ہے۔

(فتاویٰ رشیدیہ ص351)

2۔ جو تقویۃ الایمان کو کفر اور مولوی اسمٰعیل کو کافر کہے وہ خود کافر اور شیطان ملعون ہے۔

(فتاویٰ رشیدیہ ص252-356)

3۔ مولوی اسمٰعیل دہلوی قطعی جنتی ہیں

(فتاویٰ رشیدیہ ص252)

(ان تمام عبارتوں کے اصل عکس "مولانا محمد طفیل رضوی" کی کتاب "بدمذہبوں کی گستاخیاں اُنہی کی کتابوں سے" آپ دیکھ سکتے ہیں۔ یہ کتاب تمام سُنّی کتب خانوں پر دستیاب ہے)

محترم حضرات!

اکابر دیوبند یعنی دیوبندی پیشواؤں کی یہی وہ کفریہ عبارات ہیں جو ہم نے تحریر کیں ہیں۔ جن میں حضور ﷺ کی شان اقدس میں کھلم کھلا گستاخی کا ارتکاب کر کے اسلام کی دھجیاں بکھیر دی گئی ہے ان کفریہ عبارات سے دیوبندی پیشواؤں نے آخر وقت تک رجوع نہیں کیا۔ دیوبندی ادارے آج بھی ان کفریہ عبارات کو کتابوں میں شائع کرتے ہیں کفریہ عبارات کی تاویلیں پیش کرتے ہیں اور علمائے دیوبند ان کفریہ عبارتوں کا اب تک دفاع کرتے ہیں۔

دیوبندی فرقے کی جتنی ذیلی جماعتیں اور ادارے ہیں خصوصاً تبلیغی جماعت، جمیعت علماء اسلام، جمیعت علماء ہند، جماعت اسلامی، سپاہ صحابہ، تنظیم اسلامی، حزب المجاہدین، جیش محمد، جمیعت تعلیم القرآن، اسلامی جمیعت طلبہ، عالمی مجلس ختم نبوت، وفاق المدارس اور

Marfat.com

دارالعلوم دیوبند تمام ان عقائد پر مشتمل ہے جو اپنے آپ کو آج کل اہلسنت والجماعت سنی حنفی دیوبندی مکتبہ فکر کا لیبل لگا کر پیش کرتے ہیں۔

کفریہ عبارات اکابر دیوبند نے لکھیں تو عوام کا کیا قصور:

عوام دیوبند کا قصور یہ ہے کہ وہ کفریہ عبارات لکھنے والوں کو اپنا امام، پیشوا، اکابر، شیخ، حکیم الامت، بانی، سرمایہ اور نہ جانے کیا کیا تسلیم کرتے ہیں اور ان کفریہ عبارات کا انکار بھی نہیں کرتے جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ عوام دیوبند انہی لوگوں کے عقائد پر ہیں۔

اس بات کا اقرار سعودی مولوی حمود بن عبداللہ بن حمود التویجری نے بھی کیا کہ تبلیغی جماعت بدعت و ضلالت پھیلانے والی جماعت ہے۔ اس پر سعودی مولوی نے پوری کتاب لکھی جس کا نام "القول البلیغ فی التحذیر من جماعۃ التبلیغ" ہے۔ یہ کتاب سعودی مولوی نے عربی میں لکھی۔

اس کتاب کا اردو ترجمہ بمعہ تبصرہ مفتی اہلسنت حضرت علامہ مولانا مفتی عارف محمود خان رضوی صاحب نے کیا۔ قبلہ مفتی صاحب کا یہ کارنامہ عوام اہلسنت پر ایک احسان ہے۔ مفتی صاحب نے اس کتاب کا ترجمہ بمعہ تبصرہ پیش کر کے تبلیغی جماعت کے پوشیدہ راز اُمت مسلمہ پر عیاں کر دیے۔ اب تک اس کتاب پر کوئی کام نہیں ہوا، مفتی صاحب کا یہ انوکھا کام ہے۔

مفتی صاحب نے اس کتاب کے ترجمہ میں ایک تیر سے تین شکار کیے ہیں یعنی اس کتاب میں دیوبندی مذہب سمیت شیعہ اور قادیانیوں کے بھی پوشیدہ راز کا پردہ چاک کیا ہے تاکہ ایک مسلمان دورِ حاضر کے ان تینوں فتنوں سے بچ جائے۔

مفتی صاحب کے اس ترجمہ سے یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ جن سعودیوں سے تبلیغی جماعت کے لوگ محبت کا دم بھرتے ہیں، مکۃ المکرمہ اور مدینہ منورہ میں عوام اہلسنت کے

Marfat.com

خلاف جن سعودیوں کے کان بھرتے ہیں اور سعودیوں کی تعریفیں کرتے نہیں تھکتے،
ان سعودیوں کے نزدیک دیوبندیوں کی تبلیغی جماعت بدعت وضلالت پھیلانے والی
جماعت ہے اور تبلیغی جماعت کے لوگ صراطِ مستقیم سے ہٹے ہوئے ہیں۔ (یاد رہے کہ
دیوبندیوں کی مرکزی تنظیم "تبلیغی جماعت" پر کئی برسوں سے سعودی عرب، مصر اور
افغانستان میں پابندی ہے)

اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور عوام اہلسنت
کے لئے اس کتاب کو نافع بنائے۔ آمین ثم آمین

فقط والسلام

احقر الفقیر محمد شہزاد قادری ترابی

Marfat.com

مصنف کا تعارف

از قلم: ابوالعرفان حافظ محمد علی اعظمی، خطیب جامع مسجد پیر عادل شاہ بخاری، میانوالی پنجاب

اہل سنت و جماعت کی دینی و قدیمی درسگاہ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کو مدارس عربیہ میں جس طرح ایک مقام حاصل ہے، اسی طرح جامعہ کے اساتذہ اور فارغ التحصیل علمائے کرام کا بھی ایک مقام ہے، یہاں کا ہر مدرس اور ہر فاضل کسی نہ کسی انفرادی حیثیت کا حامل ہے۔ انہیں میں سے استاذ العلماء مفتی اہل سنت برادرم محمد عارف محمود خان خان قادری بھی ہیں، جو ایک منجھے ہوئے مفتی، بلند پایہ مدرس ہونے کے ساتھ ساتھ اچھے خطیب اور بہترین مصنف ہیں۔

سالار خاندان:

ابوالحسنین مفتی محمد عارف محمود خان قادری ایک ایسے خاندان کے چشم و چراغ ہیں جس کی دنیاوی وجاہت کئی پشتوں سے مسلم چلی آ رہی ہے۔ آپ کے آباؤ اجداد نے زمینداری، ملازمت و تجارت کا پیشہ اپنایا، بلکہ آپ کے والد گرامی نے بھی ہر سہ پیشہ کو اپنایا، باہمی تنازعات میں اکثر آپ کے والد گرامی ہی حکم کی حیثیت سے فیصلے کرتے ہیں، مگر دینی علوم کی طرف اس خاندان کا رجحان نہ تھا۔ ابوالحسنین سے پہلے اس خاندان کا کوئی شخص اس نعمت سے بہرہ مند نہ ہوا تھا۔ اس لحاظ سے آپ کا وجود مسعود خاندان کے لئے باعث برکت ثابت ہوا، کیونکہ آپ نے دنیوی تعلیم کے ساتھ ساتھ دینی علوم و فنون میں بھی خوب دسترس حاصل کی اور اب آپ کی دیکھا دیکھی آپ کے علاقے اور خاندان کے کئی بچے بچیاں علوم دینیہ کے زیور سے آراستہ ہونے لگے ہیں اور کچھ فارغ التحصیل ہو کر مختلف خدمات دینیہ میں جگہ جگہ مصروف عمل ہیں۔

ابتدائی حالات

مفتی صاحب کی پیدائش حوالدار عبدالکریم خان ابن شیر علی خان مرحوم بن نیاز علی خان مرحوم کے ہاں ۱۴ ربیع النور ۱۳۹۸ھ بمطابق 8 مارچ 1977ء سہ شنبہ کو وانڈھی ارائیاں والی میانوالی شہر پنجاب میں ہوئی۔ آپ کا تعلق میانوالی کے نیازی پٹھانوں کے قبیلہ شہباز خیل کی مشہور شاخ سلیم خیل سے ہے۔ اس قبیلہ میں انجینئرز، ڈاکٹرز، حکماء، آرمی، پولیس آفیسرز کی کثرت تو رہی ہے مگر منصب عالم و مفتی پر فقط آپ ہی فائز ہوئے ہیں۔ ابو بکر مسجد میں ناظرہ قرآن مجید کی تعلیم حاصل کی۔ پرائمری 1987، میٹرک 1993، ایف اے 1995 میں کرنے کے بعد ابتدائی تجوید و قرأت، درسیات جامعہ فیضان مدینہ کاہنہ نو لاہور اور جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج عقب دربار داتا لاہور سے شرح جامی تک 1996 تا 1999 تحصیل کی۔

اعلیٰ تعلیم

استاذ الاساتذہ، بحر العلوم، ملک المدرسین شیخ شریعت و طریقت پیر محمد عصمت اللہ شاہ نقشبندی قادری مدظلہ العالی کی خدمت سراپا شفقت میں 2000ء سے دسمبر 2002ء تک ان کے دریائے علم سے سیراب ہونے کی سعادت حاصل رہی۔ ان سے ادب عربی میں حماسہ متنبی دیوان علی، بلاغت میں مختصر المعانی اور مطول، منطق میں تہذیب و شرح تہذیب، مرقات و قطبی، ملا جلال مع میر زاہد، ملا حسن ملا حمد اللہ وقاضی مبارک، فلسفہ میں ہدیہ سعیدیہ، ہدایت الحکمت، شمس بازغہ و صدرا، اصول حدیث میں نخبۃ الفکر و مقدمہ شیخ، تفسیر میں بیضاوی و جلالین، اصول تفسیر میں مقدمہ بیضاوی و فوز کبیر، اصول فقہ میں نور الانوار، حسامی مع نامی، مسلم الثبوت، توضیح مع تلویح، فقہ میں ہدایہ و شرح وقایہ، علم الفرائض میں سراجی، علم ہیئت و ریاضی میں اقلیدس و تصریح کا درس لیا اور موقوف علیہ تک تکمیل کر کے اپنے استاد محترم کی اجازت سے دوبارہ لاہور حاضری نصیب ہوئی۔

Marfat.com

دورہ حدیث و تخصص

ابوالحسنین نے 2003ء میں جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں دورہ حدیث کیا۔ اسی دوران مفتی اعظم پاکستان شیخ الحدیث والفقہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمہ کی خدمت میں افتاء کی مشق کرتے رہے۔ اس کے بعد 2004ء میں ابوالخطاب، خلیفہ مفتی اعظم ہند مفتی رضاء المصطفیٰ ظریف القادری سے علم الفرائض کی تعلیم کے ساتھ ساتھ گوجرانوالہ تدریس کی اور پھر 2005 میں باب المدینہ کراچی حاضر ہوکر اپنے پیرومرشد کے حکم پر فیضان مدینہ عالمی مرکز میں مفتی کورس بمطابق تنظیم المدارس پڑھنے کے ساتھ ساتھ ام المدارس دارالعلوم امجدیہ کے شیخ الحدیث مفتی محمد اسماعیل ضیائی مدظلہ العالی کی سرپرستی میں افتاء کا کام کرتے رہے اور اپنے پیرومرشد کے علمی وروحانی وفقہی مذاکرات میں شرکت کرکے تحصیل علم میں مگن رہے۔ کچھ عرصہ گوجرانوالہ میں استاذ الاساتذہ، فقیہ عصر مولانا سعید احمد نقشبندی علیہ الرحمہ سے اور کچھ عرصہ کراچی میں استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث مفتی عبدالحلیم ہزاروی مدظلہ العالی سے بھی افتاء کی تربیت لی اور اس شعبے میں ایک نمایاں مرکزی حیثیت حاصل کرلی۔

عملی و تدریسی زندگی

ابوالحسنین تحصیل درسیات و تعلیم افتاء کے بعد باقاعدہ عملی زندگی میں داخل ہوگئے۔ اگرچہ طالب علمی کے دور سے لاہور، میانوالی، کراچی میں امامت وخطابت کے فرائض سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ رسائل وجرائد میں مضامین اور چھوٹے چھوٹے رسائل لکھنے کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ اپنے سے جونیئر ساتھیوں کو ہر درجے میں اسباق بھی پڑھاتے رہے۔ اس کے بعد 2006 تا 2009ء میں عالمی مرکز فیضان مدینہ میں اصول تفسیر وتفسیر، اصول حدیث وحدیث، اصول فقہ وفقہ، میراث ومنطق وفلسفہ کی منتہی کتابیں اور تخصص کے درجات میں تدریس کے ساتھ ساتھ دارالعلوم امجدیہ اور دارالعلوم غوثیہ میں فتویٰ نویسی

کا سلسلہ جاری رہا۔ 2010ء میں اپنے ذاتی گھریلو مسائل اور والدین کی بیماری کے سبب کراچی سے واپسی ہوئی اور استاذ محترم قبلہ شاہ صاحب کے حکم پر آستانہ عالیہ تونسہ مقدسہ سے متصل جامعہ محمودہ محمودیہ میں ایک سال تدریس کی اور تقریبا یومیہ 15 اسباق پڑھاتے رہے۔ اس کے بعد میانوالی کی جانی پہچانی شخصیت صاحبزادہ عبدالمالک صاحب مہتمم جامعہ اکبریہ کی فرمائش اور اپنے استاذ گرامی قبلہ بحرالعلوم عصمت اللہ شاہ صاحب کے حکم اور صاحبزادہ انوار احمد شاہ کی آرزو پر مفتی صاحب اپنے شہر کے مرکزی ادارے جامعہ اکبریہ میں بطور صدر مفتی و مدرس وطن مالوف میانوالی میں آگئے۔ 2011ء/2012ء میں آپ کے قلم حقیقت رقم سے سینکڑوں فتوے جاری ہو چکے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ نے اپنی دھرتی میانوالی کی اس عظیم دینی درسگاہ جس کی خدمات 1907ء سے 2012ء تک ایک صدی سے زائد پر محیط ہیں، اس میں پہلی مرتبہ 2011ء میں مفتی صاحب نے 15 فضلائے کرام کو اور 2012ء میں 6 فضلائے کرام کو تخصص کا درجہ بھی پڑھایا۔ اس کے ساتھ آپ علمائے کرام کو باقاعدہ افتاء کی عملی مشق کروانے کے ساتھ ساتھ ابتدائی درجات سے لے کر منتہی درجات تک اسباق بھی پڑھاتے ہیں اور تصنیف و تالیف و تقریر و تحریر کا سلسلہ بھی جاری رکھے ہوئے ہیں۔

شرف بیعت

امیر اہلسنت بانی دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطار قادری ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کے دست حق پرست پر سلسلہ عالیہ قادریہ رضویہ میں 12 ذیقعدہ 1414ھ/25 اپریل 1994 میں شرف بیعت ہوئے۔ آپ کے پیرومرشد نے شجرہ شریف کے ساتھ ساتھ الوظیفۃ الکریمہ اور فقہ حنفی و حدیث نبوی کی خصوصی اجازت سے نوازا ہوا ہے، نیز آپ کے پیرومرشد کے شہزادے حاجی محمد بلال رضا عطاری نے آپ کو اعمال رضا، شمع شبستان رضا اور دلائل الخیرات کی خصوصی اجازات سے نواز رکھا ہے۔

آپ کے مشہور اساتذہ/مشہور تصانیف/مشہور تلامذہ

آپ کے اساتذہ میں اکثر مقام ولایت پر فائز ہیں۔ان میں مشاہیر درج ذیل ہیں۔

1۔استاذ الاساتذہ پیر محمد عصمت اللہ شاہ صاحب اسکندر آباد، میانوالی
2۔استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والفقہ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی علیہ الرحمہ لاہور
3۔استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث علامہ پیر عبد الحکیم شرف القادری رحمۃ اللہ علیہ لاہور
4۔استاذ الاساتذہ پیر مفتی محمد رضاء المصطفےٰ ظریف القادری گوجرانوالہ
5۔استاذ الاساتذہ علامہ پیر عبد التواب صدیقی صاحب لاہور
6۔استاذ الاساتذہ مولانا حافظ عبد الستار سعیدی لاہور
7۔استاذ الاساتذہ علامہ مفتی صدیق ہزاروی صاحب لاہور
8۔شیخ الحدیث مفتی محمد اسماعیل ضیائی مدظلہ العالی کراچی
9۔شیخ الحدیث مفتی عبد الحلیم ہزاروی مدظلہ العالی کراچی
10۔شیخ الحدیث مفتی غلام محمد شرق پوری لاہور

آپ کے تلامذہ میں اکثر وبیشتر مسند تدریس پر فائز ہیں۔ چند مشاہیر کے نام درج ذیل ہیں۔

1۔مولوی اسد رضا فیصل آبادی
2۔مولوی غلام اکبر مدنی جہلمی اورنگی ٹاؤن کراچی
3۔مولوی فہیم رضا مدرس فیضان مدینہ کراچی
4۔مولوی شہزاد نقشبندی مدرس جامعۃ المدینہ سرگودھا
5۔مولوی حمزہ علی قادری اوکاڑہ مدرس لودھراں
6۔مولوی محمد رمضان دنیاپوری ایم فل بہاولپور یونیورسٹی
7۔مفتی محمد ذیشان خان عطاری نائب مفتی جامعہ اکبریہ

آپ کی چند تصانیف درج ذیل ہیں

1۔الاستمداد مطبوعہ، 2۔عطر العقائد مطبوعہ، 3۔عطر الصرف ترجمہ میزان الصرف، 4۔صرف ضیائی مطبوعہ، 5۔عطر التحریر شرح نحو میر مطبوعہ، 6۔عطریات در شرح ملطحات (غیر مطبوعہ)، 7۔عقیقہ وقربانی (غیر مطبوعہ)، 8۔عطر النبوت شرح مسلم الثبوت (غیر مطبوعہ)، 9۔عطر النحو شرح ہدایۃ النحو (غیر مطبوعہ)، 10۔عطر میلاد نبوی مطبوعہ، 10۔مجموعہ فتاویٰ قادریہ (غیر مطبوعہ)، 11۔ترجمہ فتاویٰ قاسمیہ 12۔عقائد نظامیہ مطبوعہ

اجازات عالیہ

آپ کے پیر و مرشد مدظلہ العالی کے ساتھ ساتھ آپ کے دیگر اساتذہ کرام اور مشائخ عظام نے اپ کو اپنے معمولات کی اجازت کے ساتھ ساتھ مختلف علوم وفنون اور سلاسل طریقت کی اجازتوں سے نوازا ہوا ہے۔ان میں سے چند درج ذیل ہیں۔1۔

1۔استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث پیر محمد عصمت اللہ شاہ صاحب مدظلہ نے مفتی محمد عارف محمود خان کو اپنے تمام علوم وفنون کی تدریس اور جملہ عملیات کی خصوصی اجازت سے نواز رکھا ہے۔قبلہ شاہ صاحب اپنے اس ہونہار تلمیذ باتمیز کے فتاویٰ جات پر بھرپور اعتماد کرتے ہوئے علاقے کے سائلین کو ان کے پاس بھیجتے ہیں، بلکہ کراچی دور میں بھی میانوالی سے ان کے پاس بذریعہ ڈاک استفتاء روانہ کرتے تھے۔

2۔استاذ الاساتذہ فیض مجسم علامہ فیض احمد اویسی محدث بہاولپوری اور مفتی اعظم محمد اشرف القادری محدث نیک آبادی نے اجازت تفسیر عطا کی۔

3۔اساتذ الاساتذہ شیخ العلماء مفتی عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمہ التوفی ۲۷ جمادی الاخریٰ ۱۴۲۴ھ نے آپ کو احادیث نبویہ اور فقہ حنفی میں فتاویٰ کی اجازت مرحمت فرمائی۔

4۔استاذ الاساتذہ مفتی محمد اسماعیل ضیائی اور مفتی عبدالحلیم ہزاروی ہر دو حضرات نے آپ کو فتاویٰ نویسی کی خصوصی اجازت مرحمت فرمائی ہے۔

5۔ استاذ الاساتذہ بحر العلوم علامہ عبد الحکیم شرف القادری المتوفی ۱۸ شعبان ۱۴۲۸ھ نے آپ کو احادیث کریمہ کی وہ تمام اسانید عالیہ جو انہیں حرمین طیبین اور ہندوپاک کے اکابر سے حاصل تھیں، ان کی اور ہر چہار سلاسل خصوصاً سلسلہ عالیہ قادریہ برکاتیہ کی اجازت وخلافت سے نوازا ہوا ہے۔

6۔ اختر ملت، تاج الشریعہ مفتی اختر رضا خان نبیرہ اعلیٰ حضرت نے بخاری شریف کی اجازت ۱۴۲۶ھ امجدیہ میں عطا کی۔

7۔ محدث کبیر علامہ ضیاء المصطفےٰ اعظمی مدظلہ العالی نے ترمذی شریف کی اجازت ۱۴۲۶ھ امجدیہ میں عطا کی۔

8۔ پیر طریقت سید چراغ الدین شاہ چشتی نظامی تونسوی مدظلہ العالی نے اعمال رضا مع شمع شبستانِ رضا کی اجازت ۱۴۳۳ھ میں اپنے دست مبارک سے تحریر کردی۔

الحاصل امیر اہلسنت کے مرید صادق اور اکابر اہلسنت کے شاگرد رشید مفتی اہل سنت ابوالحسنین محمد عارف محمود خان قادری ابھی جوان ہیں، ان کے علم وقلم کی جولانیاں ہیں۔ ان کے قلم حقیقت رقم سے نکلے ہوئے فتاویٰ سے مجموعہ کا ڈھیر لگا ہوا ہے۔ ان کی تقریروں کی کیسٹیں منظر عام پر آنے کی منتظر ہیں۔ ان کے شاگرد پورے پاکستان میں اشاعت علم دین میں مصروف عمل ہیں۔ خداوند کریم سے دعا ہے کہ انہیں اپنے حفظ وایمان میں رکھے اور ان سے مزید مسلک اہلسنت کی خدمات لیتا رہے اور ان کے لخت جگر محمد حسنین رضا خان کو ان کی علمی وراثت کا صحیح جانشین بنائے۔ آمین بجاہ النبی الامین ﷺ

فقط محمد علی اعظمی

ابتدائیہ

از قلم: ابوالحسنین محمد عارف محمود القادری (بانی ادارہ تحقیقات اہل سنت پاکستان)

القول البلیغ فی التحذیر من جماعۃ التبلیغ، دار الصمیعی للنشر والتوزیع کی مطبوعہ کتاب ہے۔

اس کے مؤلف کا نام حمود بن عبداللہ بن حمود تو یجری ہے جو مملکت عربیہ سعودیہ سے تعلق رکھتا ہے۔ ٹائٹل پیج پر نام کے ساتھ تاریخ پیدائش ۱۳۳۴ھ/ تاریخ وفات ۱۴۱۳ھ مرقوم ہے۔ اندرون ٹائٹل پر کتاب کا سن طباعت ۱۴۱۴ھ/۱۹۹۳ء درج کیا گیا ہے۔ اس کے مطابق گویا وفات مؤلف کے اگلے سال کتاب چھپ کر منظر عام پر آئی ہے۔ بنیادی طور پر کتاب دو حصوں میں تقسیم کی گئی ہے۔ قسم اول فقط ص 7 سے ص 34 تک تقریباً 27 صفحات پر مشتمل ہے جبکہ قسم ثانی ص 37 سے لے کر ص 344 تک ہے۔ قسم اول کے اختتامی ص 34 پر تاریخ ۲۲/۹/۱۴۱۰ھ جبکہ قسم ثانی کے اختتامی ص 344 پر تاریخ ۲۰/۲/۱۴۱۲ھ درج ہے۔ اس کے مطابق مؤلف کی وفات سے تقریباً سال بھر پہلے کتاب مکمل ہو چکی تھی اور وفات کے اگلے سال شائع بھی ہو گئی۔ مجموعی طور پر اس کتاب کو شائع ہونے سے لے کر اب تک بیس برس گزر چکے ہیں۔ لگ بھگ دس سال قبل ۱۴۲۴ھ میں یہ کتاب میرے ہاتھ لگی۔ اس کا گہرا مطالعہ کرنے کے بعد جو نتیجہ نکالا، اسے نہایت دیانتداری سے مع ترجمہ و تبصرہ مضمون وار "مجلۃ الحدائق" میں 5 قسطوں میں شائع کیا، پھر اس مجلہ کے کچھ مالی وسائل کی کمی سے بند ہو جانے کے بعد ماہنامہ "تحفظ" میں دو سال ۱۴۲۹ھ/۱۴۳۰ھ تقریباً 18 قسطوں میں یہ سلسلہ جاری رہا۔ ص 7 تا ص 34 جو قسم اول پر مشتمل ہے، اس کے اہم اقتباسات مع ترجمہ و تبصرہ کا مواد تقریباً 200 صفحات پر بنام "تبلیغی جماعت کا تعارف 'ج'" پیش خدمت ہے۔ ابتداء میں اہل قلم عزیز برادرم مولانا محمد علی اعظمی مدظلہ العالی کے قلم سے میرا مختصر تعارف شامل کیا گیا ہے۔ ہر دلعزیز برق بار قلمکار برادرم مولانا محمد شہزاد قادری

ترابی مدظلہ العالی ایڈیٹر ماہنامہ "تحفظ" کے خنجر خونخوار وکلک برق بار سے تقدیم کو میری اس کتاب کی زینت بنادیا گیا ہے۔

میری کتاب میں انتہائی ذمہ دارانہ طرز پر حوالہ جات کے پورے اہتمام اور ذمہ داری کے پورے احساس کے ساتھ دنیا بھر میں تبلیغ دین کے نام سے چلہ کشیاں کرنے والی گشتی ٹیم بنام تبلیغی جماعت کی پوری حقیقت کو واضح کرنے کے ساتھ ساتھ حمود بن عبداللہ بن حمود کے دیئے ہوئے عنوان "تبلیغیوں کی شیعوں اور قادیانیوں سے مشابہت (ملنے جلنے والی باتوں) کا بیان" کے تحت انتہائی ذمہ داری سے تبلیغیوں کے ساتھ ساتھ قادیانیوں اور رافضیوں کی حقیقت بھی حوالہ جات کے ساتھ بیان کردی گئی ہے۔ میرے تبصرے میں وزن کی کمی بالکل نہیں ہے مگر دوست کے حق میں دوست کا بے لاگ تبصرہ کچھ زیادہ وزن رکھتا ہے۔ اس کے لئے خود شیخ حمود کا انداز میری کتاب کے متن (یعنی قول بلیغ کے قسم اول کے بعض پیراگراف) غور سے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ شیخ حمود (اس کی شہادت یہ ہے کہ ابن عبدالوہاب نجدی کو برا کہنے والے بعض دیوبندی مولویوں کا اس نے رد کیا، ابن تیمیہ کو شیخ الاسلام لکھ اور جگہ جگہ معمولات اہلسنت کو شرک و بدعت سے تعبیر کیا ہے) اگرچہ نجدی خیالات رکھنے والا سعودی مولوی ہے، پھر بھی تبلیغی جماعت سے سخت نالاں اور ان کی فریب کاریوں کا پردہ چاک کرنے کے لئے بے تاب نظر آتا ہے۔ قسم ثانی اکابر دیوبند اور تبلیغی جماعت کے پیشواؤں اور خود تبلیغیوں کے عام واقعات، جھوٹی کرامات اور خرافات پر مشتمل ہے، اردو دان طبقہ "ارواح ثلثہ المعروف حکایات اولیاء" اور عربی داں "القول البلیغ القسم الثانی" کا مطالعہ کریں۔ اسی طرح محمد اسلم پاکستانی کی کتاب "تبلیغی جماعت کی علمی وعملی کمزوریاں" تبلیغی جماعت کی حقیقت بے نقاب کرنے کے لئے کافی ہے، کہ یہ بھی دوست کے حق میں دوست کا بے لاگ تبصرہ ہے۔

محمد عارف محمود قادری غفرلہ

Marfat.com

تبلیغی جماعت کا تعارف

الحمدلله الذی زین النبیین بحبیبه المصطفی و من علی المومنین بنبیه المجتبیٰ والصلوٰۃ والسلام علی سیدنا محمد خیرالوریٰ وعلیٰ آله واصحابه الذین المتدبین بالتقویٰ اما بعد فاعوذ بالله من الشیطن الرجیم، بسم الله الرحمن الرحیم، وقل جآء الحق وزهق الباطل، ان الباطل کان زهوقا

قارئین کرام! یہ ایک زندہ جاوید حقیقت ہے کہ ابتداء خلق سے لے کر آج پندرہویں صدی تک حق و باطل کی جنگ چلی آ رہی ہے۔ فتح تو بالآخر ہر دور میں حق ہی کو حاصل ہوئی تاہم باطل باوجود باطل ہونے کے بھی حق کے خلاف اپنی زور آزمائی کرتا رہا ہے اور اپنے آپ کو حق ثابت کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا زور لگاتا رہا ہے لیکن تاریخ عالم میں کبھی بھی ایسا نہیں ہوا کہ باطل حق پر غالب آیا ہو بلکہ ہمیشہ ہی حق کو عظیم الشان فتح اور باطل کو ذلت آمیز شکست نصیب ہوئی ہے۔

آپ ذرا تاریخ عالم پر نگاہ دوڑائیں تو حق و باطل کی یہ جنگ تو اس وقت سے شروع ہوتی نظر آتی ہے جبکہ ابوالبشر آدم علیہ السلام کو تمام فرشتوں نے تعظیماً سجدہ کیا لیکن باطل کی اساس ابلیس لعین نے حق کی مخالفت کی ہے اور بسبب غرور و تکبر کے ذلت کا طوق ہمیشہ کے لئے اپنے گلے میں ڈال لیا۔

بقول سعدی علیہ الرحمہ

تکبیر عزازیل را خوار کرد
بزندان لعنت گرفتار کرد

جوں جوں زمانہ گزرتا رہا، حق و باطل مختلف صورتوں میں نمودار ہو کر آپس میں برسر پیکار رہے۔ کبھی تو باطل نمرود کی شکل میں آیا تو خلیل جلیل اس کے مقابلے میں آہنی دیوار بن

کر کھڑے ہو گئے۔ کبھی باطل فرعون مصر کی شکل میں ظاہر ہوا تو کلیم جلیل نے اس کا نشہ غرور خاک میں ملا دیا اور عصائے موسوی نے اس کے جھوٹے دعوی الوہیت کے کمزور محل کو چکنا چور کر دیا۔ پھر صدیاں بیت جانے کے بعد یہی باطل ابو جہل وابولہب کی صورت میں نمودار ہوا۔ حبیب خدا محمد مصطفی ﷺ نے باطل کے ان پیکروں کے چھکے چھڑا دیئے اور انکو ایسی ذلت آمیز شکست ہوئی کہ آج ہر ایک ابو جہل وابولہب پر طعن وتشنیع کے تیر برساتا نظر آتا ہے۔

پھر ایک وقت آیا کہ یہی باطل یزید پلید کے نام سے ابھرا اور اپنی مستی میں دعت، حق کے مقابل آنے کی ناکام کوشش کرنے لگا۔ لیکن حق وصداقت کے عظیم علمبردار، جگر گوشہ رسول، ابن بتول، گلشن علوی کے مہکتے پھول امام الشہداء سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سے ٹکرا کر یہ باطل ہمیشہ کے لئے دب گیا۔ یزید کا نام بھی ختم ہو گیا۔ اور حسین حسین کی دھوم مچ گئی، آج کوئی کتنا بڑا یزیدی کردار کا مالک ہی کیوں نہ ہو لیکن اپنے لخت جگر کا نام یزید نہیں رکھتا بلکہ اس کا نام خادم حسین، طالب حسین، مرید حسین، غلام حسین رکھا جاتا ہے۔

قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

اللہ اکبر! صدیوں پر صدیاں گزرتی رہیں اور وہ وقت بھی آ گیا جس کے بارے میں مخبر صادق ﷺ پہلے ہی سے غیبی خبر ارشاد فرما چکے تھے۔

چنانچہ صحیح بخاری میں ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن رحمت عالم ﷺ نے بارگاہ مولیٰ میں دعا کی۔

اللھم بارک لنا فی شامنا اللھم بارک لنا فی یمننا قالو یارسول اللہ وفی نجدنا قال اللھم بارک لنا فی شامنا اللھم بارک لنا فی یمننا قالو یا رسول اللہ وفی نجدنا فاظنہ قال فی الثالثۃ ھناک الزلازل والفتن وبھا یطلع قرن الشیطٰن

(بخاری شریف جلد دوم ص ۱۰۵۱ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی)

Marfat.com

اے اللہ ہمارے ملک شام اور ملک یمن میں برکت دے۔ لوگوں نے نجد کے بارے میں دعا کے لئے عرض کی' پھر دوسری مرتبہ ملک شام و ملک یمن کے لئے دعا کی لوگوں نے نجد کے بارے میں دعا کا کہا تو تیسری مرتبہ اس کے بارے میں دعا نہ کرنے کی وجہ ارشاد فرمائی'' وہاں زلزلے اور فتنے ہوں گے اور شیطان کا سینگ ظاہر ہوگا''

اس سے معلوم ہوا کہ نجد کا علاقہ فتنہ و فساد کا مرکز ہے اور خیر و برکت سے محروم ہے۔ چنانچہ نجد میں ابن عبدالوہاب پیدا ہوا۔ علامہ صاوی نے سورہ فاطر آیت ۸ کے تحت اور علامہ شامی نے ردالمختار جلد سادس ص ۴۰۰ مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ میں ابن عبدالوہاب نجدی کے پیروکاروں کے ظلم و ستم اور اہل حرمین طیبین کے ساتھ زیادتیوں کا بیان کیا اور لکھا کہ انہوں نے اہل سنت کے اموال لوٹ لینا جائز قرار دیا' ان کی عورتوں کو اپنے لئے حلال ٹھہرایا اور ان کا قتل واجب قرار دیا اور انہیں وہابی کہا جاتا ہے، اسی کو شیطانی سینگ قرار دیا گیا ہے۔

نیز صدر الشریعہ علیہ الرحمہ نے لکھا۔ اس عبدالوہاب کے بیٹے نے کتاب التوحید نامی ایک کتاب لکھی جس میں روضہ اقدس کو صنم اکبر یعنی بڑا بت قرار دیا اور اس کا گرانا واجب لکھا جس کی وجہ سے علامہ شامی نے اسے خارجی قرار دیا۔ (بہار شریعت حصہ اول)

شومئی قسمت اسماعیل دہلوی نے اس کا ترجمہ و تلخیص بنام ''تقویۃ الایمان'' کر کے انگریز کی سرپرستی میں ملک ہند کے اندر مفت تقسیم کرادی جس سے نجدی کا غلیظ مشن ہندوستان میں پھیلنا شروع ہوگیا۔ یوں انتشار بین المسلمین کا آغاز ہوگیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اسماعیل کے ماننے والے کافی لوگ پیدا ہوگئے جو آگے چل کر دو حصوں میں بٹ گئے۔ ایک مقلد جو اپنے آپ کو دیوبندی حنفی کہتے ہیں اور دوسرے غیر مقلد جو اپنے آپ کو اہلحدیث سلفی کہتے ہیں۔ دونوں کے عقائد باطلہ ایک ہیں، صرف مسائل کا فرق ہے۔

چنانچہ اس باطل سے نبرد آزمائی کے لئے اعلیٰ حضرت علی الاطلاق مجدد ملت بالاتفاق امام اہلسنت فی الآفاق امام احمد رضا خان محدث بریلوی علیہ الرحمہ نے تمام علماء عرب وعجم سے ان کے خلاف فتاویٰ پر تصدیقات حاصل کر کے ان کے مجموعہ کو حسام الحرمین کے نام سے شائع کروایا جس میں اکابرین دیوبند وہابیہ کے کفر میں علمائے عرب وعجم کی تصدیق "من شك فی کفره وعذابه فقد کفر" کے الفاظ میں موجود ہے۔

لیکن اس دوران انگریز دیوبندی وہابی افراد کی ایک جماعت تیار کر چکا تھا جو کہ تبلیغی جماعت کہلاتی ہے۔ جس کا مشن اعمال صالحہ کی تبلیغ کی آڑ میں نجدی کے غلیظ عقائد پھیلانا ہے اور لوگوں کو تبلیغ کا جھانسہ دے کر ان کے عقائد کو تباہ کرنا ہے۔ پہلے پہل تو علمائے حقہ نے ان کے خلاف عربی، فارسی، اردو زبانوں میں کتب و رسائل لکھے۔ آج سے ۲۰ سال قبل ۱۴۱۴ھ میں عرب شریف سے حمود بن عبداللہ بن حمود کی لکھی ہوئی ایک کتاب بنام "القول البلیغ فی التحذیر من جماعته التبلیغ" صاحبزادہ محمد منصور شاہ بریلوی (میانوالی) نے مجھے عنایت فرمائی اور اس میں اقتباسات کا ترجمہ مع تبصرہ کرنے کا حکم دیا۔

اب "القول البلیغ" میں سے خود مولف کا اپنی کتاب کا سبب تحریر ملاحظہ کیجئے:

چنانچہ القول البلیغ کا مولف "حمود بن عبداللہ بن حمود التویجری" المتوفی ۱۴۱۳ھ اپنی تالیف میں رقم طراز ہے:

الحمدلله رب العالمین و صلی الله وسلم علی نبینا محمد و علی آله واصحابه ومن تبعهم باحسان الی یوم الدین

اما بعد

فهذا جواب کتاب ارسله بعض الاخوان الی و مضمونه السوال عن جماعة التبلیغ و عن کثرة الاقوال فیهم بین مویدلهم و مستنکر لاعمالهم و نکر السائل انه قراء فتویٰ من الشیخ محمد بن ابراهیم

Marfat.com

تتضمن التوقف فی امرهم و یقول السائل " هل الصحه بالخروج مهم داخل البلاد السعودية او خارجها ام لا؟

والجواب؟ ان اقول " اما جماعة التبليغ" فانهم جماعة بدعة وضلالة" وليسوا على الامر الذی كان عليه رسول الله صلى عليه وسلم واصحابه والتابعون لهم باحسان" وانما هم على بعض طرق الصوفية ومناهجهم المبتدعه وقد اسس بدعتهم ووضع اصولها الستة محمد الياس الديوبندی كما سياتی بيان ذالك ان شاء الله تعالىٰ" وهو الامير لجماعة التبليغ ثم خلفه فی الامارة عليهم ابنه يوسف

واما امير هم فی زماننا فهو المسمیٰ " انعام الحسن وهو يبايع التابعين له على اربع طرق من طرق الصوفيته وهی الجشتيه والقادريه والسهروردية" والنقشبنديه

ترجمہ: حمد وصلوٰۃ کے بعد میری یہ کتاب "القول البلیغ" بعض ان بھائیوں کے سوال کا جواب ہے' جنہوں نے مجھ سے تبلیغی جماعت کے بارے میں سوال کیا اور تبلیغیوں کے مختلف اقوال کے بارے میں پوچھا اور سائل نے کہا کہ میں نے اس سے پہلے شیخ محمد بن ابراہیم کا فتویٰ بھی تبلیغیوں کے بارے میں پڑھ رکھا ہے اس میں تبلیغی جماعت والوں کے بارے میں توقف کیا گیا ہے۔

سائل نے مجھ سے تبلیغی جماعت کے ساتھ تبلیغی دورے مملکت سعودیہ عربیہ اور اس کے علاوہ علاقوں میں کرنے کا حکم دریافت کیا ہے کہ آیا میں سائل کو اس کی اجازت دیتا ہوں یا نہیں؟

جواب میں (مولف) کہتا ہوں کہ تبلیغی جماعت بدعت و ضلالت پھیلانے والی جماعت ہے اور تبلیغی جماعت والے اللہ کے رسول اور اصحاب رسول ﷺ کے طریقے پر نہیں ہیں بلکہ بعض جاہل صوفیہ اور ان کے بدعتوں بھرے راستے پر گامزن ہیں اور ان کی

Marfat.com

اس بدعت کی بنیاد ان کے بانی مولوی الیاس دیوبندی نے رکھی ہے اور ان کو گمراہی کے چھ اصول اس نے دیئے ہیں، جن کا بیان عنقریب آئے گا۔ اس کے بعد اس کا بیٹا یوسف ان کا امیر ہوا اور آج ہمارے زمانے میں مولوی انعام الحسن ان کا امیر ہے جو ان کو اپنا مرید کہتا ہے۔

(تنبیہ: حضرت قطب مدینہ شیخ العرب والعجم شاہ محمد ضیاء الدین احمد مدنی علیہ الرحمہ حرمین طیبین کو مملکت سعودیہ عربیہ کہنے سے منع فرماتے تھے اس لئے کہ سعود بے بہبود ابن عبدالوہاب نجدی کا ایجنٹ تھا اس کی طرف نسبت جائز نہیں۔ قادری غفرلہ)

تبصرہ قادری: فقیر غفرلہ القدیر اپنی رائے بیان کرنے سے قبل مولف کی عبارت پر تبصرہ کرنے کی خواہش رکھتا ہے کہ مولف نے خاص یہ کتاب "**القول البليغ في التحذير من جماعته التبليغ**" تبلیغی جماعت کے رد میں لکھی ہے جو آج گلی گلی، نگر نگر، کوچہ کوچہ، ڈگر ڈگر پر حشرات الارض کی طرح کہہ لیں یا برسات کے پتنگوں اور مینڈکوں کی طرح پھیلی ہوئی نظر آتی ہے۔ عرب وعجم میں کافی پھلی پھولی ہے لیکن دیار عرب میں اس کے اپنے بڑے بھائی اس کی مخالفت پر کمر بستہ ہو کر اس کے خلاف کتابیں لکھنے لگے، انہی کتب عربیہ میں سے ایک کتاب مولف کی مذکور کتاب ہے جس کا سبب تالیف یہ بیان کیا کہ کسی سائل نے تبلیغ کے نام پر تخریب کرنے والوں کے ساتھ قریہ قریہ گھومنے کی اجازت طلب کی تو مولف نے یہ کہہ کر منع کا فتویٰ صادر کیا کہ "**فانهم جماعة بدعة وضلالة**" کہ یہ تو ضلالت وبدعت کا گروہ ہے لہذا سائل ہرگز ان کے جھانسے میں نہ آئے اور ان کے ساتھ جانا ممنوع ہے۔ وجہ اس کی آگے چل کر تفصیل سے بیان کریں گے۔

رہی اس جماعت کے بانی کی بات تو وہ مولوی الیاس دیوبندی ہے اس کے وضع کردہ اصول ستہ پر یہ لوگ کاربند ہیں جن کی تفصیل عنقریب آئے گی، الیاس کے بعد اس کا بیٹا یوسف امیر مقرر ہوا اور مولف کے زمانے میں ان کا امیر انعام الحسن ہوا، اس نے ایک

سازش یہ کی (اہل سنت و جماعت) کے طریقے پر سلاسل اربعہ (قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ) میں اپنے متعلقین اور جماعت کے نام نہاد مبلغین کو بیعت کرنا شروع کر دیا جس کا منطقی نتیجہ یہ نکلا کہ عوام الناس ان کو پکا سچا سنی سمجھنے لگ گئے۔ اس کے علاوہ انہوں نے نماز بمطابق طریقہ حنفی پڑھنا شروع کر دی جس کی وجہ سے لوگ ان کو غیر مقلد وہابی سمجھنے کے بجائے پکا حنفی سمجھنے لگے اور یوں بظاہر سنی حنفی بن کر انہوں نے اولاً برصغیر کے سنی حنفی مسلمان کو تبلیغ کی آڑ میں عقائد وہابیہ کی طرف چلانے کی کوشش شروع کی اور بعد ازاں عرب دنیا میں اپنا جال پھیلانے کی ناپاک کوشش کی جس کے نتیجہ میں کچھ لوگ وہاں بھی ان کے دام فریب میں آنا شروع ہو گئے اور کچھ جو کہ خود غلط العقائد ہیں انہوں نے ان کے خلاف کتابیں لکھنی شروع کر دیں جبکہ علمائے اہل سنت نے بھی تحریر و تقریر کے ذریعے ان کی خوب خوب خبر لی لیکن مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی کے مصداق یہ فتنہ پھیلتا چلا گیا۔

یاد رہے کہ اس جماعت کو سب سے زیادہ غم اشاعتِ توحید کا کھائے جا رہا ہے اور یہ اپنے علاوہ دیگر مسلمانوں کو مشرک سمجھتے ہیں اور انہیں اپنے جھانسے میں لے کر سمجھتے ہیں کہ اب یہ پکا توحیدی بن گیا۔ آئیے ذرا ان کی توحید کا حال دیکھتے ہیں۔

چنانچہ "القول البلیغ" ص ۸ پر مزید رقم ہے:

تبلیغیوں کا نظریہ توحید

وقد ذكر العلماء العارفون بجماعة التبليغ كثيرا مماهم عليه من البدع والخرافات والضلالات وانواع المنكرات وفساد العقيدة ولا سيما فى توحيد الالوهية فهم فى هذا الباب لا يزيدون على ماكان عليه اهل الجاهلية الذين بعث فيهم رسول الله ﷺ لانهم انما يقرون بتوحيد الربوبية فقط كما كان المشركون من العرب يقرون بذالك ويفسرون معنى لااله الا الله بمعنى توحيد الربوبية وهو ان الله تعالىٰ هو الخالق الرزاق المدبر الامور وقد كان المشركون يقرون

بهذا التوحيد' كما ذكر الله ذلك عنهم في آيات كثيرة من القرآن ولم ينفعهم ذالك' ولم يدخلوا به في الاسلام

وقد جهل التبليغيون معنى لااله الا الله على الحقيقة' وهوانه' المستحق للعبادة ماسواه' فيجب افراده بجميع انواع العبادة (الخ)

ترجمہ: علماء عارفین نے بیان کیا ہے کہ تبلیغی جماعت والے کثیر بدعتوں اور خرافات و گمراہیوں کو اپنائے ہوئے ہیں' اس کے ساتھ ساتھ طرح طرح کی برائیوں اور عقیدے کے بگاڑ کا شکار ہیں۔ خاص طور پر توحید کے نظریہ میں ان کا انداز وہی ہے جو زمانہ جاہلیت کے لوگوں کا تھا جن کی طرف سرکار ﷺ بھیجے گئے۔ تبلیغی مشرکین مکہ کی طرح فقط توحید کا دعویٰ تو کرتے ہیں لیکن اصل توحید کے قائل نہیں۔

تبلیغی لا الہ الا اللہ کا معنی یہ کرتے ہیں کہ اللہ خالق رزاق اور امور کو چلانے والا ہے حالانکہ اس بات کا اقرار تو مشرکین مکہ بھی کرتے تھے جیسا کہ بہت ساری آیات قرآنیہ میں اس کا ذکر موجود ہے۔ لیکن اس چیز نے ان کو نفع نہ دیا اور وہ داخل اسلام نہ ہوئے (اسی طرح تبلیغی بھی گمراہ پھر رہے ہیں)

تحقیق تبلیغی حقیقی طور پر لا الہ الا اللہ کے مفہوم سے نابلد ہیں' اور وہ یہ ہے کہ صرف اللہ ہی لائق عبادت ہے اور عبادت کی جملہ اقسام اس کے ساتھ خاص ہیں۔

تبصرہ قادری

درج بالا عبارت میں تبلیغی جماعت کا نظریہ توحید بیان ہوا کہ رب کائنات کو خالق کائنات' رازق کائنات اور متصرف فی الکائنات تو مانتے ہیں لیکن جیسا اسکے ماننے کا حق ہے ویسا نہیں مانتے جبکہ مشرکین مکہ بھی یہ باتیں مانتے ہوئے بتوں کو شریک خدا ٹھہرانے کی وجہ سے کافر ہوئے، یہی حال تبلیغی جماعت والوں کا ہے کہ وہ باری تعالیٰ کو تمام عیوب نقائص سے پاک نہیں مانتے اور ہر بری چیز بھی اسی کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ حالانکہ وہ ذات سبحان ہے تمام نقائص سے منزہ و مبرہ ہے۔ جبکہ تبلیغیوں کے بڑے بڑے گرو گھنٹالوں میں

سے رشید احمد نے باری تعالیٰ کے لئے جھوٹ بولنے کا عقیدہ گھڑا ہے۔ اسی طرح مولوی محمود الحسن نے جہد المقل میں اور امام الطائفہ اسماعیل دہلوی نے اپنی دو ورقی بنام یکروزی میں امکان کذب کے نظریئے کو لازم ٹھہرایا' اسی لئے ہمارے نزدیک ''یکروزی'' کا معنی ہے کہ ''ایک دن کی خباثت عمر بھر کا عذاب'' اور یہ سب کتب عوام میں تبلیغی جماعت والے پھیلاتے ہیں۔

صفات باری کے بارے میں متکلمین کا نظریہ

اب آیئے اکابر علماء متکلمین کے در صفات باری نظریات کی جھلک ملاحظہ کیجئے اور محبت الٰہی سے اپنے قلوب واذہان کو منور کیجئے۔

چنانچہ علامہ عمر نسفی علیہ الرحمہ رقم طراز ہیں۔

العالم بجميع اجزائه محدث و المحدث للعالم هوالله تعالىٰ الواحد القديم القادر الحى العليم السميع البصير الشائى المريد ليس بعرض ولا جسم ولا جوهر ولا مصور ولا محدود ولا معدود ولا متبعض ولا متجز ولا متركب ولا متناه ولا يوصف بالماهية ولا بالكيفية ولا يتمكن فى مكان ولا يجرى عليه زمان ولا يشبه شئ ولا يخرج عن علمه وقدرته شئ الخ

(متن العقائد لعمر النسفی ص ۲۲۰ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی)

ترجمہ: عالم (جہان) اپنے تمام اجزاء سمیت فانی ہے اور اس کو فنا کرنے والی ذات اللہ تعالیٰ کی ذات ہے جو قدیم ہے' قادر ہے' زندہ ہے دوسروں کو قائم رکھنے والا ہے' علم والا ہے' سمیع وبصیر ہے' چاہت والا ہے' ارادہ والا ہے' جسم سے پاک ہے' جوہر نہیں اور کسی دوسرے کا بنایا ہوا نہیں' محدود نہیں اور عدد سے پاک ہے' تقسیم ہونے اور مرکب ہونے اور متناہی ہونے سے پاک ہے، یوں نہیں کہہ سکتے کہ اس کی مقدار اور حالت یہ ہے اور مکان سے پاک ہے اور اس پر ماضی حال مستقبل نہیں گزرتے۔ کوئی شے کائنات کی اس کے مشابہ نہیں

Marfat.com

اور اس کے علم وقدرت سے کوئی شے خارج نہیں۔

مفتی ثقلین علامہ عمر نسفی علیہ الرحمہ کے علاوہ علماء متکلمین نے بھی ذات وصفات باری تعالیٰ کے بارے میں جسم وجسمانیات ومکان ومکانیات سے پاک ہونے کا بیان تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ تفصیل کے لئے اہل علم حضرات اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کے فتاویٰ رضویہ قدیمہ جلد سادس اور جدیدہ کی جلد پندرہویں کو ملاحظہ کریں۔ علاوہ ازیں علماء مدرسین شرح عقائد للتفتازانی النبراس للعلامہ عبدالعزیز از خیالی للاعلامۃ الخیالی اور حاشیہ علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی، مواقف وشرح مواقف، از میر شریف جرجانی، مقاصد وشرح مقاصد از علامہ تفتازانی کی طرف رجوع کریں۔

تبلیغیوں کے مبلغ اعظم مولوی طارق جمیل کے نظریات

اب ایک جھلک اس زمانہ کے تبلیغیہ کے نام نہاد مبلغ اعظم مولوی طارق جمیل کے ذات باری تعالٰی کے بارے نظریات ملاحظہ کیجئے جبکہ اس سے قبل آپ علماء متکلمین کے نظریات ملاحظہ کر چکے ہیں؛ دونوں کو موازنہ کر لیجیے۔

ا۔اے اللہ! اپنے غصے کے دروازے کو بند کر لے (ص ۹۶)

۲۔اے مولا! تو ہمارے سامنے ہو ہم تیرے پاؤں پکڑ لیں (۹۷)

(گویا اللہ کا جسم ہے اور پاؤں بھی ہیں جس کو یہ پکڑے گا)

۳۔یا اللہ! آجانا ہماری مدد کو آجا (ایضا)

۴۔وہ آسمان پر بیٹھ کر تربوز کو سرخ بناتا ہے (ص ۳۴)

(متکلمین کے نزدیک اللہ تعالٰی مکان سے پاک ہے اور اس کے نزدیک آسمان پر بیٹھا ہے)

۵۔اللہ ایکسی لیٹر سے پیر ہٹالے اور اس کی رفتار کم کر دے تو خالی دن چوبیس گھنٹے کا ہو جائے اور رات الگ چوبیس گھنٹے کی ہو جائے' (العیاذ باللہ ص ۳۴)

(معاذ اللہ! اس قول بدتر از بول میں بھی اللہ کا پاؤں اور اس کے رکھنے کے لئے ایکسی لیٹر ثابت کیا گیا ہے)

قارئین کرام! یہ چند نمونے "خطبات جمیل" مطبوعہ عمر پبلی کیشنز' یوسف مارکیٹ غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور کے مختلف صفحات سے پیش کئے گئے۔ جن کا نام "ایمان افروز بیانات کا مجموعہ" رکھا گیا ہے جبکہ در حقیقت یہ ایمان سوز بیانات کا پلندہ ہے۔لہذا اس شخص کے تقریری وتحریری بیانات جو کہ ایمان کے لئے زہر قاتل ہیں۔ان سے خود بھی بچئے اور دوسرے مسلمان بھائیوں کو بھی بچائیے کیونکہ ذات باری کے بارے میں جسم وجسمانیت اور

مکان ومکانیات کا قائل بحکم فقہاء کرام کافر ہے۔ یہی بات وہابیہ کے امام ابن تیمیہ نے بھی اپنے فتاویٰ میں لکھی ہے کہ اللہ مجسم و متمکن ہے تو علماء نے اسے مردود ٹھہرایا اور آج کل QTV پر ایک نام نہاد شیخ الاسلام پروفیسر ابن تیمیہ کے گن گاتا نظر آتا ہے۔ وہ بھی خطرناک ہے اور اس پروفیسر اور طارق جمیل دونوں کی کیسٹوں کو خریدنا گمراہی کو خریدنا ہے لہذا خدارا! ہماری بات مان کر ان کے فتنے سے بچئے اور راہ حق کے مسافر علماء اہل سنت کو سنئے اور پڑھیئے۔ اردو داں حضرات کتاب العقائد از صدر الافاضل سید مفتی محمد نعیم الدین مراد آبادی، توحید و شرک از علامہ سید احمد سعید کاظمی علیہ الرحمہ اور بہار شریعت حصہ اولیٰ کا مطالعہ کریں، نیز ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی مدظلہ العالی کے توحید سیمینار کے خطابات سماعت فرمائیں۔

اب آیئے ذرا ایک جھلک ان کی تبلیغی نصاب کی لیجے۔

چنانچہ حمود بن عبداللہ بن حمود تو یجری رقم طراز ہیں......

واهم كتاب عندالتبليغيين كتاب "تبليغى نصاب" الذى الفه احد رؤسائهم المسمىٰ محمد ذكريا الكاندهلوى' ولهم عناية شديدة بهذا الكتاب' فهم يعظمونهم كما يعظم اهل السنة الصحيحين' وغيرهما من كتب الحديث' وقد جعل التبليغيون هذا الكتيب عمدة و مرجعا للهنود وغيرهم من الاعاجم التابعين لهم' وفيه من الشركيات والبدع والخرافات والاحاديث الموضوعة والضعيفة شئى كثير' فهو فى الحقيقة كتاب شروضلال وفتنة' وقد اتخذه التبليغيون مرجعا لنشر بدعهم وضلالاتهم وتزيينها للهمج الرعاع الذين هم اضل سبيلا من الانعام ...... (ص11-12)

ترجمہ: تبلیغی جماعت والوں کی اہم ترین کتاب کا نام "تبلیغی نصاب" ہے۔ اس کتاب کو ان کی جماعت کے بڑے رئیس محمد ذکریا کاندھلوی نے لکھا ہے۔ یہ کتاب ان کے لئے

بڑی مہربانی کا سبب ہوئی ہے۔ تبلیغی اس کتاب کی اس طرح تعظیم کرتے ہیں جیسا کہ اہل سنت صحیحین اور دیگر کتب حدیث کی تعظیم کرتے ہیں۔

نیز تبلیغی جماعت والوں نے اس کتاب کو ہندی اور دیگر عجمی لوگوں کے لئے بہترین نمونہ بنا رکھا ہے۔ حالانکہ اس میں شرکیات' بدعات' اور خرافات بھری پڑی ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں موضوع اور ضعیف حدیثوں کا ذخیرہ موجود ہے اور در حقیقت یہ کتاب گمراہی' فتنہ اور شرارت کا پلندہ ہے۔

تحقیق تبلیغی جماعت والے اسی کے ذریعے اپنی بدعت اور گمراہیاں پھیلاتے ہیں اور لوگوں کو جانوروں سے بھی بدترین بنانے کے لئے اس کو زینت دیتے ہیں (القول البلیغ ص 12-11)

تبصرہ قادری: ناظرین! آپ نے دیکھا تبلیغی ایجنٹوں کا نیا کارنامہ یہ کہ لوگ بجائے حدیث کی مستند کتابوں' فقہ و تصوف کی معتبر تصانیف کے اپنے مولوی ذکریا سہارنپوری کی کتاب بنام "تبلیغی نصاب" جو کہ مولوی الیاس کاندھلوی کی خواہش پر لکھی گئی' اس کی تعلیمات فاسدہ کو عام کرنے کیلئے گلی گلی' نگر نگر' کوچہ کوچہ ڈگر ڈگر بیس بیس من کے بھاری بھرکم بستر اٹھا کر' سر پر استرا پھرا کر' عوام الناس کو دھوکہ دینے کے لئے انہیں زہر ملا شہد پلا کر' ان کے متاع ایمان کو لوٹنے کے لئے گشت کرتے اور دابۃ الارض کی طرح اپنی بساط کے مطابق دنیا بھر میں گھومنے کی سعی کرتے ہوئے لوگوں کو اپنے تئیں نیکی کی دعوت دیتے ہیں' مسلمانوں کو کلمہ پڑھاتے اور انگریز کے گن گاتے نظر آتے ہیں۔ اب ذرا دل پر ہاتھ رکھ کر ذکریا سہارنپوری کے نظریات کی ایک جھلک ملاحظہ کیجئے۔

تبلیغی نصاب کے باب فضائل نماز کا آخری عنوان بنام آخری اپیل میں نماز کے اندر کی جانے والی تلاوت کے بارے میں کہتا ہے "نماز کا اہم رکن قیام ہے اور اس کا بہترین ذکر تلاوت ہے' بے سمجھے تلاوت کرنا بخار میں مبتلا شخص کے ہذیان (بکواس) بکنے کی طرح ہے (تبلیغی نصاب' باب فضائل نماز مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور)

Marfat.com

علماء فرماتے ہیں کہ تلاوت قرآن اگرچہ بے سمجھے ہو اس کو ہذیان بکنے سے تشبیہ دینا کفر ہے۔ اب آپ اندازہ کیجئے' کیسے مردود دشمن کی کتاب سے پوری دنیا کے مسلمانوں کو درس دے کر گمراہ کرنے کی سوچی سمجھی پلاننگ کی گئی ہے۔ نعوذ باللہ من ذالک

تنبیہ: اس نکتے کی طرف میری خصوصی توجہ امیر اہلسنت حضرت مولانا مرشدنا محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی نے دلائی، نیز یہ بھی یاد رہے کہ اس "تبلیغی نصاب" کا نیا تبدیل شدہ نام "فضائل اعمال" ہے (قادری غفرلہ)

نیز حمود بن عبداللہ بن حمود رقم طراز ہے

وللتبليغيين كتاب آخر يعتمدون عليه ويجعلونه من مراجع اتباعهم من الاعاجم من الهنود وغيرهم' وهوالمسمى حياة الصحابه' لمحمد يوسف الكاندهلوى' وهو مملوء بالخرافات والقصص المكذوبة والاحاديث الموضوعة والضعيفة وهو من كتب الشرو والضلال والفتنة (القول البلیغ ص 13)

ترجمہ: تبلیغیوں کو ایک دوسری کتاب پر بھی بہت اعتماد ہے اور اس کو بھی اپنے عجمی پیروکاروں کے لئے مرجع قرار دیتے ہیں' اس کا نام کتاب "حیات الصحابہ" ہے جو کہ مولوی محمد یوسف کاندھلوی کی ہے حالانکہ یہ کتاب بھی (میرے نزدیک) خرافات' جھوٹے قصے اور گھڑی ہوئی روایات سے بھری پڑی ہے اور (میرے نزدیک) یہ کتاب بھی گمراہی' شر اور فتنہ کا پلندہ ہے۔

تبصرہ قادری: قارئین! آپ نے دیکھا کہ تبلیغی ایجنٹ "حیاۃ الصحابہ" نامی کتاب کو بھی اپنا خاص مواد بناتے ہیں جبکہ مولف القول البلیغ کے نزدیک یہ بھی گمراہی کا ہتھیار ہے اور عجمیوں کو اپنے دام تزویر میں پھانسنے کا جال ہے۔ بہر حال فقیر قادری غفرلہ عرض گزار ہے کہ یہ کتاب میں نے اپنے کالج کے زمانہ میں 1414ھ بمطابق 1994ء جبکہ میں فرسٹ ایئر کا طالب علم تھا' اس کا خوب مطالعہ کیا تو نتیجہ یہ نکالا کہ تبلیغی جماعت

والے لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے کے لئے صحابہ کرام علیہم الرضوان کی راہ دین میں کی گئی کوششوں کے واقعات لوگوں کو ترغیب دلانے کے لئے بیان کرتے ہیں اور شاید یہ کتاب اسی نیک مقصد کے لئے لکھی گئی ہوگی جبکہ یہ زمانہ میرا دینی علوم سے دوری اور غفلت و لاپرواہی کا تھا۔ جوں جوں شعور کی دنیا میں قدم رکھا اور علوم دینیہ سے آراستہ ہوا اور انگریز کے خود کاشتہ پودا "تبلیغی جماعت" کی حقیقت مجھ پر آشکار ہوئی تو پھر سے ان کی کوک شاستری نما کتب دیکھنے کا شوق پیدا ہوا تاکہ ان کی نقاب کشائی کی جائے اور مسلمانوں کے سامنے ان کے بدنما حلیہ سے ظاہری پاکدامنی کا پردہ اٹھا کر انہیں ان کا اصل چہرہ دکھایا جائے اس سلسلے میں "حیات الصحابہ" کو قرآن وسنت کی روشنی میں جانچنے کی کوشش کی تو چند باتیں نمایاں میرے سامنے آئیں اور وہ درج ذیل ہیں۔

☆ یہ کتاب روایات موضوعہ وضعیفہ کا مجموعہ ہے

☆ تبلیغی اس کے ذریعے لوگوں کو بظاہر صحابہ کرام کی راہ دین میں کی گئی کوششوں کے احوال سناتے اور در پردہ اپنی شان باور کرانا چاہتے ہیں۔

☆ اس کا مصنف گمراہ کن نظریات کے حامل انگریز نواز علماء کا پیروکار ہے۔

☆ صحابہ کرام جیسی مقدس جماعت پر تبلیغی جماعت اس کتاب کے سہارے اپنے آپ کو قیاس کرتی اور غرور و تکبر کا شکار بنی پھرتی ہے۔

☆ قرآن وسنت سے تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اللہ کے محبوب اعظم ﷺ کے جانثار صحابہ ان کو بے مثل و مثال مانتے تھے جبکہ مصنف حیات الصحابہ کی تحریر یہ نظریہ دیتی ہے کہ وہ بھی ہماری طرح عام انسان تھے (معاذ اللہ)

الغرض ذکر کردہ ہر دو کتابیں "تبلیغی نصاب" اور "حیات الصحابہ" تبلیغیوں کی نام نہاد تبلیغ کی کل کائنات ہیں جبکہ ان کے سہارے یہ لوگوں کو گمراہ کرنے کی ناپاک کوشش میں مصروف ہیں اور جہالت کا دور دورہ کرنے کے لئے بڑے بے تاب اور مثل ماہی بے آب تڑپ رہے ہیں۔ آپ اول الذکر کتاب کی جگہ "فیضان سنت" اور ثانی الذکر کی جگہ "صحابہ

کرام کا عشق رسول" نامی کتابوں کو پڑھ کر دیکھیں اظہر من الشمس ہو جائے گا کہ وہابی تبلیغی کیا درس دے رہے ہیں اور سنی مبلغین کی تبلیغ کا مرکز ومحور کیا ہے؟ یقیناً وہابی سوئے نجد بلا رہا ہے تو سنی سوئے مدینہ جانے کی صدا لگا رہا ہے۔

اب آیئے ذرا "القول البلیغ" کے اس جملے "ولھم عنایتہ شدیدۃ" یعنی اس "تبلیغی نصاب" کی وجہ سے تبلیغی جماعت کے لئے ذکریا کاندھلوی سہارنپوری کی بڑی مہربانی ونوازش ہے' توچونکہ ان کی تمام تر تبلیغی سرگرمیوں کا اصل ماخذ یہ مہربان کتاب ہے۔ لہٰذا آپ اس کتاب کے مولف اور خود اس کتاب کی حقیقت بیان کرنے کے ساتھ ساتھ مذکور کتاب سے درس دینے والے تبلیغی ایجنٹوں کی کارستانی کا بیان ملاحظہ کیجئے۔ جس کے عنوانات درج ذیل ہیں۔

(1) مولف کا تعارف

(2) کتاب کا تعارف

(3) کتاب اور کتابیوں کی شان

مولف کا تعارف

اس کتاب کے مولف کا نام مع القابات جو کہ کتاب کے قدیم نسخہ پر مرقوم ہے' وہ یہ ہے

حضرت مولانا الحافظ الحاج المحدث محمد ذکریا صاحب مدظلہ شیخ الحدیث مدرسہ مظاہر العلوم

یہ نسخہ مولف کی حیات کا مطبوعہ ہے اور ناشران قرآن اردو بازار لاہور کا مطبوعہ ہے اور "مدظلہ" مولف کی حیات پر قرینہ ہے۔

جبکہ جدید نسخہ بنام تبدیل شدہ "فضائل اعمال" پر نام مولف یوں مرقوم ہے

"شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ذکریا صاحب نور اللہ مرقدہ"

یہ مطبوعہ خواجہ محمد اسلام اردو بازار لاہور کا ہے۔ اس میں درود کا باب نہیں ہے۔ اس کے علاوہ مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور نے "تبلیغی نصاب کامل" اور "فضائل اعمال مکمل" کے نام سے اسے چھاپا ہے اور فضائل درود کا باب دونوں میں برقرار رکھا ہے۔

تعارف کتاب

کتاب کا نام دو عنوان "تبلیغی نصاب" اور "فضائل اعمال" سے معنون ہوا تو اس کے ابواب میں بھی کچھ لف ونشر مرتب وغیر مرتب اور کچھ کمی بیشی ہوئی حالانکہ مولف ایک ہی ہے۔ آیئے ایک جھلک موازانہ ملاحظہ کیجئے:

1	2
تبلیغی نصاب	فضائل اعمال
(مطبوعہ درحیات مولف)	(مطبوعہ بعد از ممات مولف)
1۔ فضائل تبلیغ (پہلا باب)	1۔ حکایات صحابہ (پہلا باب)
2۔ فضائل نماز (دوسرا باب)	2۔ فضائل نماز (دوسرا باب)
3۔ فضائل قرآن (تیسرا باب)	3۔ فضائل تبلیغ (تیسرا باب)
4۔ فضائل ذکر (چوتھا باب)	4۔ فضائل ذکر (چوتھا باب)
5۔ فضائل رمضان (پانچواں باب)	5۔ فضائل قرآن (پانچواں باب)
6۔ فضائل درود شریف (چھٹا باب)	6۔ فضائل رمضان (چھٹا باب)
7۔ حکایات صحابہ (ساتواں باب)	7۔ مسلمانوں کی موجودہ پستی کا واحد علاج
8۔ مسلمانوں کی موجودہ پستی کا واحد حل	

درج بالا تفصیلی ابواب بندی کو بغور ملاحظہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ایک کتاب کو ابواب کی تبدیلی کے بہانے ترتیب ابواب کو بدل کر اس میں سے فضائل درود کا باب نکال دیا گیا ہے اور کتاب کا نام بھی فضائل اعمال رکھ دیا گیا ہے حالانکہ مولف کے مرنے کے بعد اس کی اجازت کے بغیر نام کتاب کو بدلنا خیانت ہے اور اس پر طرہ یہ کہ نام فضائل اعمال رکھا اور عظیم عمل خیر درود شریف کو اس میں سے خارج کر دیا گیا۔ اور بقیہ ابواب سبعہ کی ترتیب آگے پیچھے کر دی گئی۔ ایسا کیوں کیا گیا؟ اس کا بیان عنوان "کتاب اور کتابیوں کی شان" کے تحت تفصیلی ملاحظہ کیجئے۔

کتاب اور کتابیوں کی شان

قبل ازیں کہ کتاب اور کتابیوں کی شان مفصل بیان کی جائے' مجھے ایک بزرگ ہستی کا ارشاد یاد آ گیا۔ جنہوں نے مولف کتاب کو شیخ الخبیث کہا تو عرض کی گئی کہ اسے شیخ الخبیث کہنا کیسا؟ تو ارشاد فرمایا کہ اسے تو اخبث الخبثاء کہیں تو بھی مضائقہ نہیں' کیوں کہ اسی شخص نے تو ان نجدی ایجنٹوں کو یہ ہتھیار دیا ہے جس سے لوگوں کے عقیدوں کو قتل کرتے اور اسی جال سے عوام کالانعام کو گمراہ کر کے پھانستے ہیں اور پھر کتاب کی ایک خاص بات بتائی جو کہ عوام کی کھوپڑی میں جلد سما جاتی ہے وگرنہ ہماری عوام بیچاری بھی غلطی سے اس کتاب کو مجموعہ فضائل اعمال سمجھ کر اس کے درس کو سنتی رہتی اور سر ہلاتی رہتی ہے اور پھر کتابیوں کے ورغلانے پر چلہ کشی کر کے اور پکے ہو جاتے اور بالآخر وہابیت کی دلدل میں پھنس کر رہ جاتے ہیں۔ اب ذرا دل پر ہاتھ رکھ کر وہ خاص گمراہی کی بات اور مولف کا قول بدتر از بول سنئے اور اس کے عبرتناک انجام پر غور کیجئے۔

چنانچہ ذکریا سہارنپوری کاندھلوی رقم طراز ہے۔

""نماز سب سے اہم ذکر ہے' اس کے ارکان میں قیام سب سے افضل ہے اور اس کے اندر پڑھی جانے والی چیزوں میں تلاوت قرآن سب سے اہم و افضل چیز ہے تو جو شخص

تلاوت قرآن بے سمجھے کرتا ہے وہ بخار میں مبتلا ہو کر ہذیان (بکواس) بکنے والے کی طرح ہے)''

(ملخصاً از تبلیغی نصاب' باب فضائل نماز کا آخری عنوان' بنام آخری گزارش)

علماء فرماتے ہیں یہ قول بدتر از بول' کہ تلاوت قرآن اگرچہ بے سمجھے ہوا سے بکواس سے تشبیہ دینا صریح کفر ہے اور اس کا بکنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے۔ لیکن دوسری طرف کتابیوں (از راہ تفنن ان کو تبلیغی ایجنٹوں کے بجائے بعض مقامات پر کتاب تبلیغی نصاب کی طرف منسوب کرتے ہوئے کتابیوں کہا گیا ہے' قادری) کا حال یہ ہے کہ اپنی ساری زندگی اس قول بدتر از بول کو بار بار پڑھ پڑھ کر لوگوں کو سناتے اور ذرا بھی نہیں شرماتے اور بڑی ڈھٹائی سے کہتے پھرتے ہیں کہ حضرت شیخ الحدیث نے کیسی شاندار مثال پیش کی ہے اس شخص کی جو کہ تلاوت قرآن کو بے سمجھے کرتا ہے اور معنی و مفہوم پر ذرا بھر غور وفکر نہیں کرتا۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ تبلیغی جماعت کی غالب اکثریت ان پڑھ جاہلوں پر مشتمل ہے جو کہ مفہوم قرآن تو دور کی بات صحیح قرات اور تلفظ کی درستگی سے بھی محروم ہیں۔ اب اگر ان کو کوئی کہے کہ تمہارا نماز میں قرآن پڑھنا تو بیمار آدمی کے بکواس کرنے کی طرح ہے تو یہ جھٹ سے کہیں گے کہ معاذ اللہ یہ تلاوت قرآن کی بے ادبی کا مرتکب ہے اور اسے دائرہ ایمان سے نکل جانے کا فتویٰ بھی صادر کریں گے تو پھر کیا وجہ ہے کہ یہی کام ان کے نام نہاد شیخ الحدیث نے کیا تو اسے کافر تو کیا بلکہ مسلمانوں کا رہبر مانتے اور اس کی تعریف کرتے تھکتے نہیں۔ یونہی جب ان کتابیوں سے کہا جاتا ہے کہ تم نے نئے نسخے بنام ''فضائل اعمال'' سے درود پاک کے باب کو کیوں نکال دیا تو کہتے ہیں کہ اصل میں کتاب بہت وزنی ہو گئی تھی تو ہم نے اسے ہلکا کر دیا۔ سچ کہا کسی نے شیطان کو نیکی کا کام بھاری لگتا ہے۔ ان شیطانوں کو بیس بیس من کے بستر اٹھانا آسان اور کلو دو کلو کی کتاب اٹھانا بھاری کہ اس میں فضائل درود نکالنے کی حاجت پیش آ گئی اور بعض بہانہ بناتے ہیں کہ ہم نے اس کے الگ

الگ باب چھاپ دیئے ہیں اور مجموعہ بھی موجود ہے تو اولاً تو یہ باب الگ بھی نہیں ملتا' ثانیاً جب مجموعہ میں دیگر ابواب سبعہ موجود تو فضائل درود کیوں غائب؟ اور بعض گستاخ تو یہاں تک منہ پھٹ ہو گئے کہ غصے میں آ کر کہتے ہیں اس میں درود پاک کا باب ڈالنا ہی صحیح نہ تھا لہذا ہم نے اس لئے نکال دیا' سچ کہا...... **بے حیا باش ہرچہ خواہی کن**

قارئین کرام! اب آیئے ذرا دارالعلوم محمدیہ رضویہ بھکی شریف ضلع منڈی بہاؤ الدین کے سابقہ ماہنامہ حافظ الحدیث کی جلد نمبر **1** شمارہ **7** جولائی **2001ء** کا تبلیغی ایجنٹوں' تبلیغی نصاب اور نام نہاد شیخ الحدیث کاندھلوی کے بارے میں شاندار تبصرہ ملاحظہ کیجئے۔

چنانچہ تبصرہ نگار فرماتے ہیں:

"ویسے تو ہر جماعت ہر گروہ ہر فرقے بلکہ ہر فرد کی اپنی الگ الگ خصوصیات ہوتی ہیں جن کی بناء پر باہم امتیاز پیدا ہوتا ہے مگر کچھ افراد یا گروہ اپنی امتیازی خصوصیات کی بناء پر بہت ہی نمایاں ہو جاتے ہیں اور وہ خصوصیات ان کا لازمہ بن جاتی ہیں جیسا کہ پاکستان بھر میں بلکہ برصغیر اور بیرونی ممالک میں دین کے نام کا ہوکا (آوازہ) دینے والے منفرد شان اور جداگانہ کردار کی حامل تبلیغی جماعت کا نمایاں وصف اور جداگانہ خصوصیت وہ ان کی نرم روی اور نرم کلامی اور ظاہری خیر خواہی کا جذبہ ہے مثلاً ایک شخص اپنے آپ کو اگر واقعتاً جماعت کے گشت کے لئے وقف کر دے تو جماعت کے دیگر مخلصین اسے فکر معاش سے آزاد کر دیتے ہیں۔ یہ ہمارے اپنے مشاہدے کی بات ہے حتی کہ بعض لوگوں سے یہ بھی سنا گیا ہے کہ ان کے پاس ایسا منتر ہے کہ جو شخص ایک چلہ لگا لے وہ چاہے کتنا ہی کرخت کیوں نہ ہو وہ نرم ہو جاتا ہے۔ جیسے شبیہ ذوالجناح کو تعزیہ داری کے دوران ٹھنڈا کر لیا جاتا ہے اور ان (تبلیغیوں) کے مخالفین اسی خوبی کی بناء پر طعنہ زنی کے انداز میں انہیں گربہ مسکین کا لقب دیتے رہتے ہیں۔

مجاہد ملت علامہ عبدالستار خان نیازی رحمتہ اللہ علیہ اپنے خطابات میں اسی لفظ سے ان کو

یاد فرمایا کرتے تھے اور اس پر پر لطف مسکراہٹ بکھیرتے ہوئے جلسہ گاہ کو کشت زعفران بنادیا کرتے تھے۔ بہر حال ان کی مسکینی حالت اور مسکینی چال ہر ایک کے سامنے ہے بلکہ دیگر مساکین کے ساتھ ان دین کے کام میں چست مسکینوں کا مقابلہ کیا جائے تو انہیں اشد المساکین کہنا بالکل بجا ہوگا، سب کچھ یا بہت کچھ ہوتے ہوئے مسکین بن کے رہنا بہت بڑی خوبی اور اللہ کا احسان ہے جسے نصیب ہو پھر بعض مسکین کبھی کبھی ایسا کام بھی کرتے دکھائی دیتے ہیں کہ عقل مند اور حلیم آدمی کا سر چکرا کر رہ جاتا ہے ایسی ہی صورتحال میں راقم الحروف بھی گرفتار ہے۔ یہ میری سامنے فضائل صدقات نامی کتاب ہے جس کا ٹائٹل یوں ہے "تبلیغی نصاب حصہ دوم" جس میں فضائل صدقات دونوں حصے اور فضائل حج کو یکجا مجلد کیا گیا ہے۔

مصنف کا نام لکھا ہے "شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ذکریا صاحب دامت برکاتہ" اور ادارہ اشاعت دینیات حضرت نظام الدین نئی دہلی نمبر 13 اس تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ فضائل صدقات کتاب شروع میں تبلیغی نصاب کا حصہ تھی بعد میں الگ کر دی گئی اور فضائل صدقات کا نام دے دیا گیا اور مصنف کے نام کے ساتھ دامت برکاتہ کے تعریفی کلمات بتاتے ہیں کہ حضرت کے دور میں یہ کتاب چھپی تھی نام کے ساتھ شیخ الحدیث بھی لکھا ہے جو ظاہر کرتا ہے کہ یہ کوئی عام رائٹر یا مصنف نہیں بلکہ حدیث شریف پڑھانے والے کے قلم کی یہ کاوش ہے۔ تبلیغی نصاب میں جا بجا اس کا اظہار بھی ہوا ہے کہ اس کے مصنف حدیث شریف کے استاد ہیں اور حدیث شریف پڑھانے والے سے تو صحاح ستہ کی کوئی حدیث اوجھل نہیں رہ سکتی بالخصوص فضائل اعمال کے مصنف سے شیخ الحدیث سے ابوداؤد و نسائی کی کوئی حدیث اوجھل رہے علم حدیث کے خدام میں ایسا شخص اس منصب فاضلہ کے لائق نہیں اور بالخصوص ایک ایسی حدیث جس پر فقہ حنفیہ کے ایک اہم ترین مسئلہ کہ عورتوں کے زیورات پر زکوۃ فرض ہے یا نہیں؟ کی بنیاد ہو کسی حنفی شیخ الحدیث سے تو کیا درمیانے

درجے کے مدرس سے بھی پوشیدہ نہیں رہ سکتی' آمدم برسر مطلب......اس تمہیدی گفتگو کے بعد عرض ہے کہ صحاح کی دو اہم کتابوں ابوداؤد اور نسائی میں یہ حدیث شریف موجود ہے۔

ان امراۃ اتت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومعها ابنتة لها و فی ید ابنتها مسکتان غلیظ لتان من ذهب فقال اتعطین زکوٰۃ هذا قالت لا قال ایسرك ان یسورك اللہ بهما یوم القیامة سوارین من نار فخلعتهما فالقتهما الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقالت هما للہ و رسوله صلی اللہ علیہ وسلم

بارگاہ رسالت ﷺ میں ایک خاتون حاضر ہوئیں ان کے ہمراہ ان کی بیٹی بھی تھی جس کے ہاتھ میں سونے کے دو بھاری کنگن تھے۔ سرکار ﷺ نے اس لڑکی سے فرمایا کہ کیا تم اس زیور کی زکوٰۃ دیتی ہو تو انہوں نے عرض کی نہیں۔ ارشاد فرمایا کیا تمہیں یہ بات پسند ہے کہ ان کے بدلے اللہ تعالیٰ تمہیں آگ سے کنگن پہنائے دن قیامت کے' اس پر وہ عرض گزار ہوئی کہ یہ دونوں کنگن میں نے اللہ و رسول کے لئے دے دیئے اور اتار کر بارگاہ رسالت میں "**هما للہ و رسوله**" کہتے ہوئے پیش کر دیئے۔

(ابوداؤد جلد اول' کتاب الزکوٰۃ نسائی جلد اول کتاب الزکوٰۃ مطبوعہ لاہور' کراچی)

جبکہ فضائل اعمال مطبوعہ دہلی در حیات مولف میں ان الفاظ "**هما للہ و رسوله**" کا ترجمہ یوں کیا گیا ہے۔ "یہ اللہ کے واسطے دیتی ہوں" اور آگے الترغیب کا حوالہ پیش کیا گیا ہے حالانکہ ابوداؤد' نسائی اور ترغیب تینوں میں الفاظ باہم ایک جیسے ہیں اور اس کا صحیح ترجمہ یہی ہے "یہ دونوں اللہ و رسول کے واسطے ہیں" اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ حضرت شیخ الحدیث کسی الجھن کا شکار ہیں جس کی بناء پر ترجمہ کرتے وقت "ورسولہ" کا ترجمہ ان کو گوارا نہ ہوا جو کہ ان کی مسکینی کی حالت کا آئینہ دار ہے۔ اور وہ الجھن یہی ہے کہ زکوٰۃ ایک عبادت ہے اس میں رسول اللہ ﷺ کا نام آ گیا لہٰذا جہاں غیر اللہ کا نام آ جائے تو وہ چیز ناجائز و حرام ہو جاتی ہے جبکہ حدیث اس نظریہ کی نفی کر رہی ہے۔ اس الجھن کو دور کرنے کے دو ہی طریقے ہیں یا تو اپنا غلط نظریہ تبدیل کر کے حدیث صحیح کے مطابق کر لیں یا (معاذ اللہ)

حدیث کو بدل کر اپنے ذہن کے مطابق کرلیں تو تبلیغی نصاب کے مصنف جو کہ منصب شیخ الحدیث پر فائز ہیں انہوں نے دوسرا طریقہ بہتر جانا کہ صحاح ستہ کی حدیث شریف میں تھوڑی بہت تبدیلی کرلو تا کہ اپنے نظریئے کے مطابق کرلیا جائے اس لئے "ورسوله" کا ترجمہ ہضم کر گئے اور حوالہ میں عام دستیاب اصل ماخذ ابوداؤد ونسائی کے بجائے "ترغیب" لکھ دیا۔ (ابوحمزہ مظہری)

قارئین کرام! ابوحمزہ مظہری سلمہ القوی نے بڑی محنت وعرق ریزی سے بقول ان کے تبلیغی جماعت کے نام نہاد مبلغ اعظم کے کہنے پر "تبلیغی نصاب" اور "فضائل اعمال" کا صحیح پوسٹ مارٹم کیا ہے، لیکن اگر کبھی ان کو فرصت ملے تو وہ ان دیو کے بندوں کے گروگھنٹالوں اور پوپ پادریوں کی کوک شاستری کتابوں کا جائزہ لیں تو ان کی عقل دنگ رہ جائے کہ یہ کیسے ظالم لوگ ہیں اور ان کے عزائم کتنے گھناؤنے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے زمانہ طالب علمی میں "تبلیغی نصاب" کو کئی مسجدوں سے غائب کیا تا کہ عام نمازی اس کو پڑھ کر گمراہ نہ ہوں اور اس کتاب میں کیا کیا تحریفات ہوئیں' کتنے نام بدلے' کتنے کام بدلے' یہ مستقل ایک موضوع ہے۔ ہم تو اپنے اس مضمون میں کتاب نہیں بلکہ کتابیوں کی حرکات کا جائزہ لیں گے کیونکہ اسکا نام تبلیغی جماعت کا تعارف ہے اور ضمناً ان کی کتب کا آپریشن کرینگے۔

الحاصل تبلیغی جماعت کی عنایت بھری کتاب "تبلیغی نصاب" اور "فضائل اعمال" گمراہی کا جال ہیں۔ تبلیغی انہی ہر دو کتابوں کے ذریعے عوام الناس کو فضائل سنا سنا کر چلہ کشی کے لئے تیار کرلیتے ہیں اور پھر آہستہ آہستہ ذہن سازی کرتے رہتے ہیں لوگ جب پوری طرح ان کی طرف میلان کرلیتے ہیں تو پھر یہ اپنے امام اول بانی مذہب ابن عبدالوہاب نجدی تیمی کی "کتاب التوحید" اور امام ثانی اسماعیل دہلوی کی "صراط مستقیم" اور "تقویۃ الایمان" جو کہ در حقیقت "صراط جحیم" اور "تفویۃ الایمان" کہلائی جائیں تو صحیح ہے ان ہر سہ کتب سے درس بے ایمانی دینا شروع کردیتے ہیں اور لوگوں کو آہستہ آہستہ اپنے ان دو گروؤں کا گرویدہ بنانے کی چال شروع کردیتے ہیں پھر جب لوگ

ان کے قائل ہوکر ان کی محبت کا دم بھرنا شروع کر دیتے ہیں تو یہ سرکاری شکاری پھر امام اول کے شیدائیوں ابن تیمیہ اور اُس کے نام نہاد شاگرد ابن قیم جوزی کی کتابوں کا شوق دلاتے ہیں اور جو اردو خواں طبقہ ہے انہیں اسماعیل دہلوی جو پہلا ہندوستانی وہابی ہے اس کے ماننے والوں میں سے کوک شاستری کتابوں کے مولفین دیو کے بندوں اشرفعلی تھانوی' رشید احمد گنگوہی' خلیل احمد انبیٹھوی اور حسین احمد کانگریسی کی کتابوں کا اور دیوبند کے مدرسہ میں بے ایمانی و بدعقیدگی کی بنیادی اینٹ لگانے والے منکر ختم نبوت قاسم نانوتوی کی آب حیات و تحذیر الناس کا پانی پلاتے اور ڈراتے ہیں کہ ہمارے ساتھ چلہ کشی نہیں کرو گے تو جاہلیت کی موت مر جاؤ گے اور مشرک و بدعتی لوگ تمہیں گمراہ کر دیں گے' حالانکہ ان کی کتابوں سے بڑھ کر گمراہی کے پلندے نہیں ملیں گے' بخدا ہندوؤں کی پوتھیوں سے ان کی کتابیں بری اور باعث ہلاکت ایمان ہیں کہ ان کی کتابیں عمومی طور پر مسلمان نہیں پڑھتے اور ان نام نہاد مسلمانوں کی کتابیں عام مسلمان پڑھتے ہیں لہذا ان کی گمراہی پھیلنے کے امکان زیادہ ہونے کی وجہ سے یہ زیادہ بری ہیں۔

نیز شیخ محمد بن عبداللہ بن جمود التویجری رقم طراز ہے:

وللتبیلغیتّن مسجد و مرکز رئیسی و دلھی' یشتمل علی اربعة قبور فی الرکن الخلفی من المصلی" وھذا شبیہ' بفعل الیھود والنصاری' الذین اتخذو قبور الانبیاء و الصالحین مساجد' و قد لعنھم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی ھذا الصنیع واخبرانھم من شرار الخلق عند اللہ (القول البلیغ ص ۱۲ مطبوعه دارالصّمیعی للنشر والتوزیع)

ترجمہ: تبلیغی جماعت والوں کی دہلی میں ایک مرکزی مسجد ہے جو کہ مصلی سے پچھلے ستون میں موجود چار قبروں پر بنائی گئی ہے اور یہ (قبروں کے اوپر) مسجد بنانا یہود و نصاریٰ کے کام سے مشابہت رکھتا ہے۔ جنہوں نے انبیاء اور صالحین کی قبروں کو مسجدیں بنا ڈالا'

حالانکہ رسول پاک ﷺ نے ان کے اس کام پر لعنت فرمائی اوران کے بارے میں خبر دی کہ یہ اللہ کے نزدیک بدترین مخلوق ہیں۔

تبصرہ قادری : قارئین کرام! آپ نے تبلیغی جماعت والوں کی دو مشہور درسی کتابوں "تبلیغی نصاب" اور "حیات الصحابہ" پر تفصیلی تبصرہ ملاحظہ کیا' اب دیکھئے کہ کس طرح یہ تبلیغی یہود و نصاریٰ کی روش پر چلتے ہوئے قبروں کو سجدہ گاہیں بناتے ہیں اور اپنے گمراہ گر پیشواؤں کی تعلیم میں یہود و نصاریٰ کے نقش قدم پر چلتے ہیں اور جس طرح یہود و نصاریٰ اپنے علماء کو رشوتیں دے کر تورات وانجیل میں تبدیلیاں کرواتے تھے اور محرف انجیل کی آج کل جگہ جگہ تبلیغ کرتے بلکہ کئی اناجیل بنا ڈالی ہیں اور انہیں مسلمانوں کی مساجد' مدارس' اسکولز' کالجز' یونیورسٹیز' اسپتالوں اور نجی وسرکاری دفاتر میں مفت تقسیم کرتے اور پھیلاتے نظر آتے ہیں ایسے ہی تبلیغی جماعت والے انگریزوں سے وظیفے کے نام پر رشوتیں لیکر ابن عبدالوہاب نجدی اور ہندوستان کی سرزمین پر نجدی کا ناپاک مشن پھیلانے کی ابتداء کرنے والے نام نہاد مولوی اسماعیل دہلوی ایجنٹ آف انگریز کی کتابوں کو مسلمانوں کی مساجد و مدارس اور خانقاہوں میں بھولے بھالے ان پڑھ مسلمانوں کے ہاتھوں مفت دے آتے یا وہاں رکھ آتے ہیں تا کہ ہر آنے والا ان کتابوں کو پڑھ کر صراط مستقیم سے بھٹک کر ان بدبختوں کی صف میں شامل ہو کر دنیا بھر کے مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی ناپاک کوشش میں مشغول ہو جائے۔اب آیئے دیکھیں یہ ابن عبدالوہاب نجدی کون تھا اور اس کے نظریات کیا تھے؟

چنانچہ خلیفہ اعلیٰ حضرت' استاذ العلماء مفتی محمد امجد علی اعظمی علیہ الرحمہ اس کے بارے میں تفصیلی تعارف پیش کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

"وہابی ایک نیا فرقہ ہے جو 1209ھ میں پیدا ہوا' اس مذہب کا بانی محمد بن عبدالوہاب نجدی تھا' جس نے تمام عرب' خصوصاً حرمین شریفین میں بہت شدید فتنے پھیلائے' علماء کو قتل کیا' صحابہ کرام وائمہ وعلماء وشہداء کی قبریں کھود ڈالیں' روضہ انور کا نام معاذ

Marfat.com

اللہ ''صنم اکبر'' رکھا تھا۔ یعنی بڑا بت اور طرح طرح کے ظلم کیے جیسا کہ صحیح حدیث میں حضور اقدس ﷺ نے خبر دی تھی کہ نجد سے فتنے اٹھیں گے اور شیطان کا گروہ نکلے گا۔ وہ گروہ بارہ سو برس بعد یہ ظاہر ہوا۔ علامہ شامی علیہ الرحمہ نے اسے خارجی بتایا۔ اس عبدالوہاب کے بیٹے نے ایک کتاب لکھی جس کا نام ''کتاب التوحید'' رکھا۔ اس کا ترجمہ ہندوستان میں اسماعیل دہلوی نے کیا' جس کا نام ''تقویۃ الایمان'' رکھا اور ہندوستان میں اسی نے وہابیت پھیلائی۔ (بہار شریعت' حصہ اول ص 110 'مطبوعہ مکتبہ المدینہ کراچی)

شیخ احمد صاوی مصری مالکی علیہ الرحمہ ان کے بارے میں رقم طراز ہیں۔

یہ آیت **الذین کفروا لھم عذاب شدید والذین آمنوا وعملوا الصلحت لھم مغفرۃ و اجر......** (سورہ فاطر آیت 7)

ان خارجیوں کے حق میں نازل ہوئی جو کتاب وسنت میں تحریف کرتے ہیں اور اس کے ذریعے (معاذ اللہ) مسلمانوں کی جان اور مال کو حلال ٹھہراتے ہیں' مال لوٹتے اور مسلمانوں کو قتل کر دیتے ہیں جیسا کہ اس کی ایک مثال ہم اپنے دور میں دیکھ رہے ہیں وہ حجاز مقدس میں ایک فرقہ ہے جو وہابی کہلاتا ہے وہ گمان کرتے ہیں کہ وہ سچے ہیں حالانکہ وہ جھوٹے ہیں اور شیطان نے انہیں گمراہ کر دیا ہے اور ذکر خدا ان کو بھلا دیا ہے' یہ شیطانی پارٹی ہے اور شیطانی پارٹی خسارے میں ہے۔ نیز ان کے بارے میں علامہ شامی قدس سرہ السامی رقم طراز ہیں کہ یہ ابن عبدالوہاب کے پیروکاروں کا فتنہ حجاز مقدس میں پھیلا تو انہوں نے مسلمان علماء کا قتل بالخصوص اہل سنت کو مارنا جائز قرار دیا' ان کے مال لوٹ لیتے تھے بالآخر 1233ھ میں یہ فتنہ مغلوب ہو گیا۔ (صاوی علی الجلالین جلد ۵ ص ۷۸ مطبوعہ مکتبہ غوثیہ کراچی، ردالمحتار المعروف فتاویٰ شامی ج 6، ص 400، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)

گرامی قدر قارئین! قبل اس کے کہ تبلیغیوں کے دو بڑے گروؤں ابن عبدالوہاب نجدی اور اسماعیل دہلوی کی کتابوں ''کتاب التوحید'' اور ''تقویۃ الایمان'' کی کفریہ اور گستاخی بھری عبارات پیش کروں آپ فتنہ وہابیہ کے اس پس منظر میں سوات کے اندر ہونے والے

Marfat.com

مظالم کا جائزہ لیجئے کہ کہیں یہ اصلاح کے نام پر باب فساد تو نہیں کھولا جارہا ہے۔
چنانچہ ارشادات رب العزت جل مجدہ ہے

واذا قیل لھم لاتفسدوا فی الارض قالوا انما نحن مصلحون O الا انھم ھم المفسدون و لکن لایشعرون (البقرہ آیت ۱۱۔۱۲)

ترجمہ کنزالایمان: اور جو ان سے کہا جائے زمین میں فساد نہ کرو تو کہتے ہیں ہم تو سنوارنے والے ہیں' سنتا ہے وہی فسادی ہیں مگر انہیں شعور نہیں۔

قاضی عبداللہ بن عمر بن محمد الشیرازی علیہ الرحمہ اپنی مشہور درسی تفسیر "انوار التنزیل و اسرار التاویل" المعروف بالبیضاوی میں یوں رقم طراز ہیں۔

کسی شے کا اعتدال کی حد سے نکل جانا فساد کہلاتا ہے اور شے کا اپنی حد اعتدال میں رہنا اصلاح کہلاتا ہے اور اصطلاح میں فساد سے مراد ہر قسم کا نقصان دہ کام ہے اور اصلاح سے مراد ہر قسم کا نفع مند کام ہے۔ منافقین کا زمین میں فساد یہ تھا کہ وہ مسلمانوں کی مخالفت کرتے تھے اور ان کے خلاف کفار کی مدد کرتے تھے اور مسلمانوں کے راز کفار تک پہنچاتے تھے جن کی وجہ سے وہ جنگوں اور فتنوں کو بھڑکاتے تھے اور ان کے اس انداز سے زمین میں فساد برپا ہوا' اس طرح لوگوں کے مکان' چوپائے اور کھیتیاں تباہ و برباد ہو گئیں اور ان کا فساد یہ بھی تھا کہ وہ کھلے بندوں گناہ کا ارتکاب کرتے اور دین حق کی توہین کرتے تھے کیونکہ احکام شرع میں رخنہ اندازی کرنا' ان پر عمل نہ کرنا' یہ سب سبب فتنہ و فساد ہے اور نظام دنیا کے بگاڑ کا باعث ہے' جبکہ منافقین اس سارے فتنے کے باوجود اس بات کے خواہش مند تھے کہ انہیں بجائے فسادی کے اصلاحی کے نام سے یاد کیا جائے اور ان کے فساد کو اصلاح کہا جائے (ملخصا از بیضاوی مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ اردو بازار لاہور)

شیخ المحدثین شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی علیہ الرحمہ رقم طراز ہیں:

"قوت غضبیہ کو ترجیح دیتے ہوئے تھے اور اس کی بنا پر لوٹ مار اور قتل و غارت گری کا بازار گرم کر رکھا تھا جبکہ کہتے اپنے آپ کو اصلاح پسند تھے اور حقیقی اصلاح تو یہی ہے کہ قتل و

غارت گری نہ ہو مال کی لوٹ کھسوٹ نہ ہو۔

نیز ایک اور مقام پر فرماتے ہیں۔

فسادی گروہ کا فساد چند طریقوں سے تھا' ان میں سے پہلا یہ کہ لوگوں کو ایمان سے متنفر کرتے ہیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور صلحاء امت کے عیب تلاش کر کے تشہیر کرتے ہیں تاکہ لوگ پیغمبر پاک علیہ السلام کی صحبت کی تاثیر اور دین کی خوبی سے بداعتقاد ہو جائیں۔

دوسرا یہ کہ بری رسموں اور بری بدعتوں کو لوگوں کے مال' انعام اور احسان میں طمع دلانے کی وجہ سے بدعتیوں اور فاسقوں میں رائج کرتے ہیں۔

تیسرا یہ کہ اپنی خواہش اور غضب کو جاری کرنے میں بے باکی کرتے ہوئے قتل کرتے' زخمی کرتے' مارتے' گالیاں بکتے' تاوان لیتے اور مال لوٹتے ہیں۔ اور یہ سلسلہ جانوں' مویشیوں اور کھیتوں کو ضائع کرنے' ڈاکے مارنے اور ذخیرہ اندوزی کرنے تک پہنچ جاتا ہے اور ان چیزوں کی وجہ سے روئے زمین خراب ہو جاتا ہے' لیکن یہ لوگ ان حرکات (قتل و غارت گری وغیرہ) کی وجہ سے اپنے مقصد جو کہ دین حق کی توہین اور اہل اصلاح اور نیکوں کی تحقیر ہے' نہیں پہنچتے بلکہ یہ لوگ خسارے میں ہیں اور اپنی عقل کی وجہ سے انہیں جو دنیا میں کثیر نفعوں کی امید تھی' اسے ضائع کر دیا اور آخرت میں بہشت کی لذیذ نعمتیں ضائع کر دیں اور اس کے بجائے ان ہلاک کرنے والی چیزوں کو جو کہ مرنے کے بعد سانپوں اور بچھوؤں کی صورت میں نمودار ہوں گی انہیں خرید لیا تو ان کے حق میں وہی مثال درست ہوئی کہ انہوں نے خود موتی دیا اور اینٹ لے لی۔

(تفسیر عزیزی مترجم مطبوعہ نوریہ رضویہ پبلی کیشنز لاہور ص ۳۰۲)

ابن عبدالوہاب نجدی اور صوفی محمد سواتی کی ہم آہنگی

1......ابن عبدالوہاب نجدی کے نزدیک انبیاء واولیاء کو محض پکارنا ہی شرک ہے

اور

صوفی محمد کے نزدیک بھی بزرگان دین کو پکارنا شرک ہے

2......ابن عبدالوہاب نجدی کے نزدیک دم' تعویذ اور بیماری میں کچھ پڑھ کر پھونکنا بہت بری رسم اور بعض صورتوں میں شرک ہے

اور

صوفی محمد کے نزدیک بھی دم' تعویذ گنڈے یہ سب شرکیہ افعال ہیں

3......ابن عبدالوہاب نجدی کے نزدیک قبروں پر مجاور بن کر بیٹھنا اور صالحین کے مزارات کی تعظیم ناجائز وحرام اور شرکیہ کام ہے

اور

صوفی محمد کے نزدیک بھی مزارات صالحین پر حاضری دینا' مراقبات کرنا یہ سب ناجائز و خلاف شریعت امور ہیں

4......ابن عبدالوہاب نجدی کے نزدیک جو مسلمان علماء ومشائخ کی تعظیم کرتے ہیں' وہ یہود ونصاریٰ کے پیروکار ہیں

اور

صوفی محمد کے نزدیک بھی علماء ومشائخ کی تعظیم وناجائز حرام بلکہ ان کی توہین ضروری ہے؟

5......ابن عبدالوہاب نجدی کے نزدیک بھی مزارات کا گرادینا واجب اور علماء اہل سنت اور مشائخ عظام کی قبروں کو ڈھادینا' انہیں قتل کرنا جائز اور کار خیر تھا

اور

صوفی محمد نے عملاً یہ کام سوات میں بڑی بے دردی سے کیا اور سینکڑوں علماء ومشائخ کا قتل عام اور ان گنت خانقاہوں کو گرادیا۔

مولوی اسماعیل دہلوی اور صوفی محمد سواتی کی ہم آہنگی

1......اسماعیل دہلوی کے نزدیک پیغمبر کی شان یہ کہ جیسے گاؤں کا چوہدری یا بڑا زمیندار ہوتا ہے

اور

صوفی محمد بھی پیغمبر کو منجانب اللہ ایک قاصد سے زائد کوئی حیثیت نہیں دیتا

2......اسماعیل دہلوی کے نزدیک رسول پاک معاذ اللہ مر کر مٹی میں مل چکے ہیں

اور

صوفی محمد کے نزدیک بھی وارثان علم نبوت مشائخ کرام مر کر مٹی میں مل چکے ہیں

3......اسماعیل دہلوی کے نزدیک پیر، پیغمبر، امام زادے سب کی زیادہ سے زیادہ یہ شان ہے کہ وہ ہمارے بڑے بھائی کی طرح ہیں

اور

صوفی محمد کے نزدیک بھی علماء، سادات، ومشائخ عام انسانوں کی طرح ہیں، ان کی تعظیم میں حد بندی ہونی چاہئے۔

4......اسماعیل دہلوی کے نزدیک جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار ہیں

اور

صوفی محمد کے نزدیک بھی انبیاء اولیاء بے اختیار و مجبور محض ہیں

5......اسماعیل دہلوی کے نزدیک مزارات پر حاضری دینا، وہاں روشنی کرنا، ادب سے مجاور بن کر رہنا اور آثار بزرگان دین کی تعظیم سب شرکیہ افعال ہیں

اور

صوفی محمد کے نزدیک بھی یہ تمام امور ناجائز و امر اور بد انجام ہیں

نوٹ: ابن عبدالوہاب نجدی کے یہ نظریات اس کی "کتاب التوحید" (مطبوعہ میر محمد کتب خانہ آرام باغ کراچی اور اسماعیل دہلوی کی "تقویۃ الایمان" مطبوعہ میر محمد کتب خانہ کراچی سے لئے گئے ہیں اور صوفی محمد نے بارہا اپنے حواریوں کے سامنے ان نظریات کا اظہار کیا اور اس کی یہ ساری کاروائی انہی افکار کو پھیلانے کا پیش خیمہ ہے اور میڈیا دنیا بھر کو واضح کر کے دکھا رہا ہے۔ (محمد عارف محمود قادری)

اخبار المدارس کی کارستانی

قارئین کرام! آپ نے ابن عبدالوہاب نجدی اور اس کی کتاب کا ترجمہ پیش کرنے والے اسماعیل دہلوی کے افکار کو ملاحظہ کیا اور پھر ان نظریات کے حامی و ناشر کا سوات میں کردار دیکھا کہ یہ لوگ اپنے فساد کو اصلاح کا نام دے کر قتل و غارت گری کا کس طرح بازار گرم کیے ہوئے ہیں۔ اس کے برعکس اخبار المدارس کا 6 تا 12 مئی 2009ء نے شریعت کے نام پر وہابیت پھیلانے والے ابن عبدالوہاب نجدی کو "اس ہفتے کی شخصیت" کا عنوان دے کر ان الفاظ میں یاد کیا ہے۔

☆ 1115ھ میں ایک علمی گھرانے میں پیدا ہوئے۔

☆ والد ماجد عبدالوہاب بن سلیمان تمیمی شہر کے قاضی تھے۔

☆ ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی اور اعلیٰ تعلیم کے لئے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ اور بصرہ کے سفر کیے۔

☆ علامہ ابن تیمیہ اور حافظ ابن قیم کی کتابوں کا مطالعہ بڑے شوق سے کرتے تھے۔

☆ بدعت کے سخت مخالف اور توحید کے متشدد داعی تھے۔

☆ علاقے کے علماء کی مخالفت کی وجہ سے 1157ھ میں مقام داعیہ میں منتقل ہوگئے۔

☆ بادشاہ وقت محمد بن سعود کو اپنا ہمنوا بنایا اور نجد کی سرزمین آپ کے افکار کا مرکز بن گئی۔

☆ رفتہ رفتہ شرک و بدعت سے بیزار لوگوں کو آپ کی طرف منسوب کیا جانے لگا۔ یہ سلسلہ (وہابیہ) برصغیر پاک و ہند اور سرزمین عرب میں اب بھی جاری ہے۔

☆ کتاب التوحید، مختصر سیرۃ الرسول ﷺ، الخطب المنبریہ اور مختصر المعاد وغیرہ درجنوں کتب کا یہ عظیم مصنف 1206ھ میں راہی ملک عدم ہوا۔

یہ ہے اخبار المدارس جس کا دعویٰ تو یہ ہے کہ اختلافی موضوعات پر تحریریں شائع نہیں کی جائیں گی جیسا کہ خود اخبار میں **"توجہ فرمایئے"** کے عنوان کے تحت آخری جزء میں یہی لکھا ہے لیکن ابن عبدالوہاب نجدی جیسے شخص کو عظیم مصنف وشخصیت قرار دیا جا رہا ہے جس کی شخصیت وتصنیف کی چند جھلکیاں آپ پچھلے صفحات میں تفصیل سے ملاحظہ کر چکے ہیں جو شخص روضہ رسول ﷺ کو معاذ اللہ بڑا بت قرار دے اور علماء کو قتل کرنا جائز قرار دے اسے تو مسلمان ماننا ہی درست نہیں چہ جائیکہ اسے عظیم مصنف کا عنوان دیا جائے۔ بہرحال تبلیغی جماعت سے بچنے کے ساتھ ساتھ اس کے تمام ہمنواؤں' مقرروں' اخباروں' اشتہاروں اور کتب ورسائل سے اپنے آپ کو بچایئے کہ اسی اخبار المدارس میں تبلیغی جماعت کے گن گاتے مولویوں کے مضامین چھپتے ہیں اور وہ اس کی آڑ میں تبلیغی جماعت کی تشہیر کرتے ہیں۔

الغرض تبلیغی جماعت اور ان کے جملہ حامیان وحواریان کا مشن ایک ہی ہے اور یہ لوگ بظاہر تو کلمہ گو مسلمان نظر آتے ہیں بلکہ جگہ جگہ مسلمانوں کو کلمہ پڑھاتے نظر آتے ہیں لیکن درحقیقت انگریزوں کے ایجنٹ ہیں اور ان کی دشمنی ہمیشہ سے محبوبان باری تعالیٰ کے ساتھ رہی ہے اور ان کی جنگ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ہمیشہ جاری رہی ہے۔ صلیبی جنگوں کا منظر ہمیشہ ان کے مظالم میں واضح جھلکتا ہوا نظر آتا رہا ہے اور اب بھی آ رہا ہے۔ ابن عبدالوہاب نجدی تا صوفی محمد ان کے مظالم کا شکار ہمیشہ اہل سنت وجماعت ہی رہے ہیں اور یہ لوگ معاذ اللہ مسلمانان اہل سنت کو مشرک وکافر شمار کر کے قتل کر دینا روا سمجھتے ہیں اور محبوبان باری تعالیٰ کے مزارات گرانا اور گروا دینا فخر سمجھتے ہیں اور علماء ومشائخ اہل سنت کو قتل کرنا اور کروانا اور پھر ان کی لاشوں کی بے حرمتی کرنا اپنے لئے معاذ اللہ ذریعہ نجات سمجھتے ہیں جبکہ اس کے برعکس اگر ان کے نام نہاد ملاؤں میں سے جس کو اس کے کرتوتوں کی بناء پر مسلمانوں نے واصل جہنم کر دیا ہوا سے شہید اور مجاہد قرار دیتے ہیں اور اس کی مرگھٹ پر

پھول چڑھاتے اور اس کے ایام مناتے پھرتے ہیں۔اس کے علاوہ اگر اس کی قبر کو کوئی سنی جیالہ جوش میں آ کر توڑ پھوڑ دے تو اس پر شدید احتجاج کرتے اور ریلیاں نکالتے ہیں اور اس کو توہین قرار دیتے اور اس پر فتویٰ بازی کرتے اور حکومت سے سزا کا مطالبہ کرتے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ اگر جو شخص اپنے قول و فعل سے ارتداد کرے اور دائرہ ایمان سے نکل جائے تو اس کی کوئی عزت نہیں اس کی قبر لائق زیارت نہیں اس پر پھول چڑھانا یا اس کی تعظیم کرنا ناجائز و حرام اور جہنم میں لے جانے والا بدانجام کام ہے۔مذکورہ دوامامین طائفہ ابن عبدالوہاب نجدی اور مولوی اسماعیل دہلوی نے جو کردار ادا کیا اس کی بناء پر امت مسلمہ کے جمہور علماء کا ان کے خلاف گستاخ رسول ہونے کا فتویٰ موجود ہے اور گستاخ رسول کو امام بنا کر اس کے پیچھے چلنے والے افراد کی جماعت وہابیہ کے سرکردہ لوگوں کو اپنا مذہبی پیشوا مان کر ان کی کتابوں سے تبلیغ کرنے والی یہ تبلیغی جماعت جو کہ ماری ماری پھرتی ہے کہ کس طرح مسلمانوں کو راہ حق سے ہٹانے میں اس کو کامیابی ملے تو یہ اس کی محرومی اور بدبختی ہے جو یہ دھندا کرتی ہے ورنہ تو لبادہ مسلمانی میں اسلامی شعار اپنانا مسلمان کا شیوہ ہے نہ کہ لباس خضر میں راہزن بن کر دولت ایمان کو لوٹنا اور اس پر اترانا یہ کسی مبلغ کو زیب نہیں دیتا۔

شیخ حمود بن عبداللہ بن حمود تویجری رقمطراز ہے:

وقدذكر سيف الرحمن بن احمد فى (صفحه ٥٦،٥٧)انواعاكثيرة من مشابهة التبليغيين للشيعة و (من تشبه بقوم فهو منهم) و هذا ملخص ما ذكره سيف الرحمن بن احمد عنهم

قال "و مما يُلاحظ عليهم ان لهم الشبه بالشيعة فى اخفاء السم فى الدسم ولهم الشبه بالشيعة فى اخفاء مافى كتبهم و لهم الشبه بالشيعة فى اخفاء كثير من عقائدهم.المبعدة فى الغلو و فى التطرفات والخرافات النائية ولهم شبه بالشيعة بالتقيه باسم الحكمة والاحتياط حيث انهم يظهرون شيئاً و يخفون شيئاً و يحرفون الكلم

عن مواضعه و يقولون شيئاً و يفعلون شيئاً و ينادون بالدعوة الى الاجماعيات و يتحمسون لكثير من الخلاضيات و لهم شبه بالشيعة فى البغض و نصب الاعداء لاهل الحق و عقيدة السلف و لهم شبة بالشيعة فى كثير من التاويلات النائية عن طريق السلف الصالح و لهم شبة بالشيعة فى قربهم للحكايات والخرافات و تعظيم النسبة الى اكابرهم و الیٰ مشائخهم (القول البليغ فى التحذيز من جماعة التبليغ صفحه 18)

ترجمہ: شیخ سیف الرحمٰن بن احمد نے کتاب کے صفحہ ۵۶، ۵۷ پر کئی اقسام کا بیان کرتے ہیں جن کے اندر تبلیغیوں کی شیعہ کے ساتھ مشابہت پائی جاتی ہے اور بفرمان حدیث جو جس قوم سے تشبہ اختیار کرے وہ انہی میں سے ہے۔ (حمود بن عبداللہ بن حمود) کہتا ہے کہ شیخ سیف الرحمٰن کی عبارت کا خلاصہ درج ذیل ہے

(شیعہ کے ساتھ پائی جانے والی مشابہت کے نمونے)

1۔ تبلیغی جماعت والے اپنی کتابوں میں موجود باطل نظریات کو شیعوں کی طرح چھپا کر رکھتے ہیں۔

2۔ تبلیغی جماعت والے اپنے غلو بھرے عقائد، دوراز اصول دین باتیں اور نت نئی خرافات کو شیعوں کی طرح چھپانے کی کوشش کرتے ہیں۔

3۔ تبلیغی جماعت والے شیعوں کی طرح تقیہ کرتے ہیں اور اسے حکمت واحتیاط کا نام دیتے ہیں اس حیثیت سے کہ بعض چیزوں کو ظاہر کرتے ہیں اور بعض چیزیں چھپاتے ہیں اور کلمات کو اپنے مقام بدل دیتے ہیں کہتے کچھ اور کرتے کچھ ہیں لوگوں کی اجماعیات کی طرف بلاتے ہیں جبکہ خود کئی اختلافات کا شکار نظر آتے ہیں۔

4۔ تبلیغی جماعت والے اسلاف کے خلاف عقیدے گھڑنے اور ان سے بغض رکھنے میں شیعوں سے مشابہت رکھتے ہیں۔

5۔تبلیغی جماعت والے اپنے نام نہاد مشائخ کے بارے میں ایسی حکایات گھڑ لیتے ہیں جس طرح کے شیعوں نے گھڑ لی ہیں۔

مزید حمود بن عبداللہ بن حمود رقمطراز ہے۔

ولهم شبةٌ بالشيعة فی بعدهم عن النصوص و عن العلم با لنصوص نصوص الكتاب و السنة فالذاكر الشيعی علی العموم جاهل و هذا التبليغی كذالك علی العموم جاهل و لهم شبة بالشيعة فی تحديد علمهم و علم طائفتهم فی كتب المعروفة عندهم دون غير ها من الكتب ودون غيرهم من علماء المسلمين و لهم شبة بالشيعة بجهل معظم الدين محصوراً فی المناقب و المثالب و تعظيم الاكابر۔ولهم شبة بالشيعة فی المقدرو علی المغالطات و المبالغات (ايضاً صفحه 19)

شیعہ کے ساتھ پائی جانے والی مشابہت کے نمونے

6۔تبلیغی جماعت والے شیعوں کی طرح نصوص قرآن وسنت اور علم سے دور ہیں علی العموم شیعہ ذاکر جاھل ہوتا ہے اسی طرح تبلیغی مبلغ بھی جاہل ہوتا ہے (بلکہ تبلیغی جماعت والوں میں سے تو بارہا کا ہمیں تجربہ ہے کہ جب ان کو پھنسا دیا جائے تو بھیگی بلی بن کر اپنی جہالت کا سرراہ برملا اظہار کرتا ہے اور اس کے باوجود دین کی ٹھیکیداری کا کام نہیں چھوڑتے۔ (قادری غفرلہ)

7۔تبلیغی جماعت والوں کی طرح شیعوں کے ساتھ ملنے جلنے والی باتوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ انہوں نے علماء مسلمین کی کتابوں کو چھوڑ دیا ہے اور اپنا علم چند مخصوص کتابوں تک محدود کیا ہوا ہے

یہی وجہ ہے کہ حمود نے اپنی کتاب میں یہ بھی لکھا ہے کہ یہ کم علم کی بناء پر اپنے لوگوں کو بحث مباحثہ سے روکتے ہیں۔

8۔تبلیغی جماعت والوں کا یہ عمل بھی شیعوں سے مشابہت رکھتا ہے کہ یہ تعظیم وتوقیر اپنے بڑوں کی حد تک محصور جانتے ہیں اور اس سلسلے میں بہت مبالغہ آرائیاں کرتے ہیں (اس سلسلے میں تبلیغی جماعت والوں نے اشرف السوانح، تذکرۃ الرشید اور ارواح ثلاثہ المعروف حکایات اولیاء کو بہت پھیلایا ہے حالانکہ مذکورہ کتب ثلاثہ فحش لٹریچر میں ایک قابل قدر اضافہ ہے جو ان کی نیک نامی کی قلعی کھولنے کیلئے کافی ہے۔قادری غفرلہ

تبصرہ قادری: قارئین کرام! شیخ سیف الرحمٰن کی کتاب کے حوالے سے آپ نے تبلیغی جماعت والوں کے ان افعال کا جائزہ لیا جس میں ان لوگوں نے نام نہاد محبان اہل بیت یعنی دشمنان صحابہ سے مشابہت اختیار کر رکھی ہے جبکہ یہ لوگ ویسے ایک دوسرے کو کافر کہتے نہیں تھکتے اور اندر ہی اندر باہم اس قدر مشابہت موجود ہے علی الخصوص تبلیغی جماعت والے اپنے جس عمل کو حکمت واحتیاط کا نام دے کر عوام الناس کو بے وقوف بناتے اور گمراہ کرتے ہیں یہ درحقیقت ''تقیہ'' ہے جس میں یہ حقائق کو چھپاتے ہیں اور کہتے کچھ اور کرتے کچھ ہیں، حالانکہ قرآن مجید اور احادیث مصطفی ﷺ نے اسے یہودیوں کا طریقہ بتایا ہے اور اس زمانے میں ہمارے علماء نے اسے مودودیوں کا طریقہ بتایا ہے ۔روافضِ زمانہ نے اسے شعار بنایا ہی تھا' تبلیغی جماعت والے بھی اس کے دلدادہ ہو گئے کہ ان کی معتبر کتابوں میں منقول ہے۔**الشیعۃ ماخوذۃ من الیھودیۃ** یعنی شیعیت یہودیت سے نکلی ہے لہٰذا وہ اگر تقیہ کریں تو اتنا عجب نہیں لیکن تبلیغی جماعت جو اپنی من گھڑت توحید کے زعم میں تبلیغ اسلام کی ٹھیکیدار جماعت بنتی ہے اور اپنے آپ کو خادم دین سمجھتی ہے اسے تو کم از کم حق بات کو اپنا شیوہ اور اظہار حق کو معیار بنانا چاہیے ۔اسی طرح جب یہ لوگوں کو دینی اجتماعات کی طرف بلاتے ہیں تو خود طرح طرح کی بے تکی باتوں کے ذریعے اُمت میں انتشار وافتراق پھیلانے سے گریز کرنا چاہیے حالانکہ ان کی یہ تقیہ داری اُمت مسلمہ میں پھوٹ ڈالنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے کہ گستاخانہ الوہیت ورسالت کو اپنا مذہبی شیوا مان کر ان کی طرز فکر کے دل سے حامی ہیں لیکن جب گرفت کر دتو اپنے بڑوں

کے اپنا ہونے کا انکار کردیتے ہیں گویا اپنے نسب کا انکار کرتے ہیں۔

اب آیئے اگلی سطور میں دنیائے اسلام کے عظیم المرتبت قائد شیخ الاسلام والمسلمین حضرت خواجہ قمرالدین سیالوی علیہ الرحمہ کے قلم برق بار سے ''تقیہ'' اور ''اہل تقیہ'' کی حقیقت کا بیان ملاحظہ کیجئے' جسے انہوں نے اپنے مشہور زمانہ رسالے ''مذہب شیعہ'' میں پرزور طریقے سے بیان کیا ہے۔ چنانچہ خواجہ صاحب علیہ الرحمہ رقمطراز ہیں:۔

آج کل خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی خلافت راشدہ کے انکار میں جس شور وشر کے مظاہرے کئے جارہے ہیں اور اُمت مرحومہ کی آخرت تباہ کرنے اور اس دنیا میں افتراق وانشقاق اور فتنہ وفساد کی آگ مشتعل کرنے میں جو ہنگامے بپا کئے جارہے ہیں اور اس تمام فتنہ پردازی اور شرانگیزی پر پردہ ڈالنے کیلئے محبت وتولی اہل بیت (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) کا دعویٰ کیا جاتا ہے اور ائمہ معصومین وصادقین (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) کی اقتداء اور پیروی کا دم بھرا جاتا ہے۔ اگر اہل بصیرت فرقہ اہل تشیع کے نظریات کا بغور مطالعہ کریں اور دوسری طرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے ارشادات گرامی اور سلف صالحین کے ایمانی جذبات اور ان کی محیر العقول اسلامی خدمات کی انجام دہی اور ان کی عقل وادراک سے بالاتر قربانیاں بھی مطالعہ کریں تو وہ حضرات نہایت آسانی کے ساتھ یہ اندزہ لگا سکتے ہیں کہ اہل تشیع کے نظریہ اور شریعت اسلامیہ کے درمیان مکمل مخالفت اور مناقضت کی نسبت ہے اور ان کا دعویٰ محبت اہل بیت کرام سراسر بلا دلیل ہے۔

نادر اساس

مذہب شیعہ کی ابتداء کیسے اور کب ہوئی اس کے متعلق انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ صفحات میں عرض کیا جائے گا سردست یہ گذارش کرنا ہے کہ اہل تشیع نے اپنے مخصوص مذہب کی بنیاد ایسی روایات پر رکھی ہے جو انتہائی محدود ہیں کیونکہ احادیث کے عینی شاہد یعنی صحابہ کرام

Marfat.com

رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی تعداد تاریخ کی رو سے ڈیڑھ لاکھ کے قریب اور بجز اہل تشیع کے باقی تمام اقوام عالم، پیغمبر اسلام ﷺ کے ساتھ ایمان لانے والوں کی تعداد اس سے کم نہیں بتاتے تو اس قدر تعداد میں سے صرف چار یا پانچ آدمیوں کی روایات قابل تسلیم اور باقی تمام کے تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی روایات نا قابل تسلیم کرتے ہیں۔دوسرا جن اصحاب اور اماموں سے روایتیں لینا جائز بتاتے ہیں ان کے متعلق اس ضروری عقیدہ کا دعویٰ کرتے ہیں کہ تقیہ اور کذب بیانی ان کا دین اور ایمان تھا (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ)

ایمان کی بنیاد۔تقیہ

اہل تشیع کی انتہائی معتبر کتاب کافی، مصنف (اہل تشیع کے مجتہد اعظم) ابو جعفر یعقوب کلینی میں مستقل باب تقیہ کیلئے مخصوص ہے اور اس کو اصول دین میں شمار کیا ہے۔نمونہ کے طور پر ایک دو روایتیں جو امام ابو عبداللہ جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب ہیں پیش کرتا ہوں۔

عن ابن ابی عمیر الاعجمی قال لی ابو عبدالله علیه السلام یا ابا عمیر ان تسعة اعشار الدین فی التقیة و لادین لمن لا تقیة له

یعنی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ایک شیعہ ابن ابی عمیر الاعجمی سے فرمایا کہ........ دین میں نوے فیصد تقیہ اور جھوٹ بولنا ضروری ہے اور فرمایا کہ جو تقیہ (جھوٹ) نہیں کرتا وہ بے دین ہے (باقی دس کی کسر بھی نہیں رہی)

اصول کافی ص ۴۸۲ اور ص ۴۸۳ پر بھی کثرت کے ساتھ روایات ہیں جن میں سے دو تین نمونہ کے طور پر پیش کرتا ہوں

عن ابی بصیر قال قال ابو عبدالله علیه السلام التقیة من دین الله قلت من دین الله؟ قال ای والله من دین الله

Marfat.com

یعنی ابوبصیر جو امام عالی مقام امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کا وزیر و مشیر تھا اور روایت میں اہل تشیع کا مرکز ہے کہتا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تقیہ کرنا دین ہے۔ میں نے عرض کیا کہ اللہ کا دین ہے؟ تو امام نے فرمایا۔ اللہ کی قسم ہاں تقیہ (جھوٹ) اللہ کا دین ہے۔

عن عبدالله ابن ابی یعفور عن عبدالله علیه السلام قال اتقوا علی دینکم واحجبوه بالتقیة فانه لاایمان لمن لاتقیة له

یعنی ابن ابی یعفور جو امام عالی مقام صادق علیہ السلام کا ہر وقت حاضر باش خادم تھا۔ وہ کہتا ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ تم اپنے مذہب پر خوف رکھو اور اس کو ہمیشہ جھوٹ اور تقیہ کے ساتھ چھپائے رکھو۔ کیونکہ جو تقیہ نہیں کرتا اس کا کوئی ایمان نہیں۔

عن معمر ابن خلاد قال سالت اباالحسن علیه السلام عن القیام للولاة فقال قال ابوجعفر علیه السلام التقیة من دینی و دین ابائی ولاایمان لمن لا تقیة له

یعنی حضرت امام موسیٰ کاظم کا خاص شیعہ معمر بن خلاف کہتا ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ مسئلہ دریافت کیا کہ ان امیروں اور حاکموں کے استقبال کیلئے کھڑا ہونا جائز ہے یا نہیں؟ تو آپ نے فرمایا کہ امام محمد باقر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تقیہ کرنا میرا مذہب ہے اور میرے آباؤ اجداد کا دین ہے (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ) اور جو تقیہ نہیں کرتا وہ بے دین ہے۔

اسی طرح اسی صفحہ پر محمد بن مروان اور ابن شہاب زہری کی روایتیں بھی قابل دید ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس صفحہ ۴۸۵، ۴۸۶ اور ۴۸۷ تمام کے تمام یہ صفحات تقیہ، مکروفریب اور کذب بیانی پر مشتمل روایات سے بھرے ہوئے ہیں۔

صفحہ ۴۸۶ پر معلی بن خنیس کی ایک روایت بھی یاد رکھیں، وہ کہتے ہیں۔

عن معلی بن خنیس قال قال ابو عبدالله علیه السلام یا معلی اکتم امرنا ولا تذعه فانه من کتم امرنا و لم یذعه اعزه الله به فی الدنیا و جعله نوراً بین عینیه فی الاخرة تقوده الی الجنة یا معلی و من اذاع امرنا و لم یکتمه اذلة الله به فی الدنیا و نزع نوراً من بین عینیه فی الاخرة و جعله ظلمة تقوده الی النار یا معلی ان التقیة من دینی و دین ابائی ۔ولا دین لمن لا تقیة له

یعنی امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خاص شیعہ اور امام صاحب موصوف سے کثرت سے روایات کرنے والا معلّٰی بن خنیس کہتا ہے کہ امام صاحب نے مجھے فرمایا کہ ہماری باتوں کو چھپاؤ ان کو ظاہر مت کرو کیونکہ جو شخص ہمارے دین کو چھپاتا ہے اور اس کو ظاہر نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ چھپانے کے سبب سے ان کو دنیا میں عزت دے گا اور قیامت کے دن اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک نور پیدا کرے گا۔ جو سید ھا جنت کی طرف اس کو لے جائیگا۔ اے معلّٰی! جو شخص بھی ہماری باتوں کو ظاہر کرے گا اور ان کو نہ چھپائے گا تو دنیا میں اللہ تعالیٰ اس سبب سے اس کو ذلیل کرے گا اور آخرت میں اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان میں سے نور سلب کریگا اور اس کی بجائے ظلمت اور اندھیرا بھر دے گا جو اس کو جہنم کی طرف لے جائے گا۔ اے معلّٰی تقیہ کرنا میرا دین ہے اور میرے آباؤ اجداد کا دین ہے اور جو تقیہ نہیں کرتا وہ بے دین ہے۔

غرض یہ کہ ایک سے بڑھ چڑھ کر روایتیں ہیں، کس کس کو لکھیں اہل تشیع کی تو جس کتاب کو بھی دیکھیں تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ آئمہ صادقین معصومین کی طرف حق کو چھپانے اور تقیہ اور کذب بیانی پر مشتمل روایات منسوب کرنے کی غرض سے یہ کتاب تصنیف فرمائی گئی ہے۔ چونکہ کتاب ''کافی کلینی'' اہل تشیع کی تمام کتابوں کا منبع اور ماخذ ہے اور تمام کتابوں کی نسبت ان کے نزدیک زیادہ معتبر ہے۔ حتی کہ اس کتاب کے شروع میں اس کی وجہ تسمیہ میں جلی قلم سے یہ لکھا ہوا ہے۔ **قال امام العصر و حجة اللہ**

المنتظر علیه السلام الله الملك الاکبر فی حقه هذا کاف لشیعتنا
یعنی اس کتاب کے متعلق امام حجۃ اللہ المنتظر مہدی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ ہمارے شیعوں کے لئے یہی کتاب کافی ہے۔

تو اسی لئے اس ضروری مسئلہ تقیہ و کتمان حق کے ثبوت میں اسی کافی کی روایات کو کافی سمجھتا ہوں۔ دل تو ہی چاہتا ہے کہ ہر ایک کتاب سے بطور نمونہ ایک ایک روایت پیش کرتا مگر طوالت کے خوف سے اسی پر اکتفا کرتا ہوں۔

عمدہ استدلال

میں یہ کہہ رہا تھا کہ جن اصحاب سے یہ روایتیں کرنا اہل تشیع جائز سمجھتے ہیں یا بتاتے ہیں ۔ان کے متعلق کہتے ہیں کہ تقیہ اور کتمان حق ان کا عقیدہ تھا۔اب اس کا نتیجہ ظاہر ہے کہ ایک انتہا درجہ محب اور علمبردار تشیع جونہی ان حضرات سے کوئی حدیث سنے گا اور کسی امر کا اظہار معلوم کریگا تو اس کیلئے یہ یقین کرنا ضروری ہے کہ صحیح اور حق بات تو قطعاً انہوں نے فرمائی ہی نہیں جو بھی ان سے روایت کی گئی ہے سراسر بے حقیقت اور واقعات کے خلاف ہے اور نفس الامر کے برعکس ہے وہ بھلا اپنا اور اپنے آباؤ اجداد کا دین کیسے چھوڑ سکتے ہیں یا ان کے وہ خاضر باش اور رات دن ان کے خدمت گزار جنت کو چھوڑ کر جہنم کا راستہ کیسے اختیار کر سکتے ہیں تو لہٰذا جو روایات بھی اہل تشیع کی کتابوں میں لکھی گئیں ہیں اور جلسوں اور محفلوں میں بلکہ آج کل تو لاؤڈ اسپیکروں کے ذریعہ بلند آہنگی کے ساتھ بیان کی جاتی ہیں سراسر کذب اور واقعات کے خلاف ہیں کون محب اہل بیت اور کون شیعہ ائمہ طاہرین کے صریح اور واضح وغیر مبہم تاکیدی حکم کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بے دین و ایمان وجہنمی اور ذلیل ہونا پسند کرے گا۔اس مقدمہ کو اہل فکر غور وخوض کے سپرد کرتا ہوں اور گزارش کرتا ہوں کہ بانیان مذہب تشیع نے اصل اور حقیقت پر مبنی دین اسلام کو ختم کر دینے اور شریعت مقدسہ کو کلیۃً فنا کر دینے کی یہ سیاسی چال چلی ۔کون شخص یہ نہیں سمجھ سکتا کہ

حضور اقدس ﷺ ہی اللہ تعالیٰ اور اس کی مخلوق کے مابین جس طرح واسطہ ہیں اسی طرح رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہ بھی واسطہ ہیں۔ انہی مقدس لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے کلام کی تفسیر اللہ کے رسول ﷺ سے پڑھی اور انہی مقدس لوگوں نے صاحب اسوۂ حسنہ ﷺ کے ارشادات گرامیہ اور اعمال عالیہ اور سیرت مقدسہ کی دولت کو براہ راست حضور کی ذات سے حاصل کیا۔ جس کو ان کے شاگردوں یعنی تابعین نے ان سے حاصل کیا علی ہذالقیاس وہ مقدس شریعت ہم تک پہنچی۔ اب جبکہ ابتدائی واسطے یعنی صحابہ کرام ہی کی ذات قدسی صفات کو قابل اعتماد تسلیم نہ کیا جائے یعنی تین چار کے بغیر باقی ظاہری مخالفت کی بناء پر قابل اعتبار نہ رہیں اور یہ تین چار باوجود انتہائی دعویٰ محبت و تولی کے سخت ناقابل اعتماد ثابت کئے جائیں کہ جو بھی ان کی روایات ہونگی یقینا غلط اور خلاف واقعہ امر کی طرف رہنمائی کریں گی۔ یا تو خود ان ہستیوں نے ہی **تقیة للحق** غلط اور خلاف واقعہ فرمایا یا ان کے محبان خدمت گاران شیعوں نے بہ تعمیل ائمہ کذب، جھوٹ اور خلاف واقعہ روایت فرمائی بہر صورت ان روایات کو صحیح کہنا اپنی بے دینی اور بے ایمانی پر واضح دلیل پیش کرنا ہے۔

قرآن کے متعلق عقیدہ:

اب رہا قرآن کریم تو اس کے متعلق بانیان مذہب تشیع و رازداران فرقہ مذکورہ اس قرآن کریم کا صراحتاً انکار کرتے نظر آتے ہیں۔ نمونہ کے طور پر اسی اصول کافی صفحہ 271 پر یہ روایت دیکھیں کہ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت علی قرآن کریم کو جمع کرنے اور اس کی کتابت سے فارغ ہوئے تو لوگوں سے کہا کہ اللہ عزوجل کی کتاب یہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ پر اس کو نازل فرمایا ہے اور میں نے ہی اس کو اکٹھا کیا ہے۔ جس پر لوگوں نے کہا کہ ہمارے پاس قرآن شریف موجود ہے ہمیں کسی نئے قرآن کی کیا ضرورت ہے۔ اس پر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی قسم آج کے دن کے بعد تم اس قرآن کو کبھی نہ دیکھو گے، اسی صفحہ پر امام جعفر صادق رضی اللہ

Marfat.com

عنہ سے منسوب ایک روایت اور بھی ملاحظہ فرمالیں کہ جو قرآن حضورﷺ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے جبریل علیہ السلام لائے تھے اس کی سترہ ہزار (17000) آیتیں تھیں اور غریب اہل السنت والجماعت کے پاس تو صرف چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ (6666) آیات والا قرآن کریم ہے۔ اسی اصول کافی کے صفحہ 270 پر بھی نظر ڈالتے جایئے اور اگر اس قرآن کریم سے صراحتاً انکار کی شان کسی حد تک تفصیل کے ساتھ دیکھنا چاہیں تو اصول کافی صفحہ ۲۶۱ تا ۲۶۸ و ۶۷۱ اور ناسخ التواریخ جلد ۲ صفحہ ۴۹۳ و ۴۹۴ اور تفسیر صافی جلد اول ص ۱۴ میں مطالعہ فرمائیں اور بانیان مذہب تشیع کی سیاست کی داد دیں کہ کس طرح صراحت اور وضاحت کے ساتھ اس فرقہ نے سرے سے قرآن شریف ہی کا انکار کیا ہے۔

شاید کہ تیرے دل میں اتر جائے میری بات

اے میرے محترم بھائیو احادیث کا اس طریقے سے انکار اور قرآن کا اس طرح انکار ہو تو کوئی بتائے کہ مذہب اسلام اور شریعت مقدسہ کسی طرح بھی ممکن الوجود ہو سکتی ہے؟ ممکن ہے میری اس تحریر کا جواب یا جو آگے عرض کرنے والا ہوں اس کا رد اہل تشیع حضرات لکھنے کی زحمت کریں تو میں سفارش کرتا ہوں کہ اپنے اس رسالہ میں جتنے حوالے میں نے پیش کیے ہیں ان کا مطالعہ فرمالینے کے بعد یہ تکلیف کریں تاکہ اہل علم حضرات بھی صحیح اور غلط کا اندازہ لگا سکیں اور حق و باطل میں تمیز کر سکیں اور اہل تشیع کے ذاکرین صاحبان کی زحمت بھی اکارت نہ جائے جس صاحب کو کتاب کے حوالہ دیکھنے کی ضرورت محسوس ہو تو سیال شریف آ کر کتابیں دیکھ کر اپنی تسلی کر سکتا ہے۔

اہل تشیع حضرات کی مذہبی روایات اگرچہ پیش کرنا عقل اور انصاف کے لحاظ سے بالکل بے فائدہ ہے۔ کیونکہ ان کی کسی روایت کا صحیح اور مطابق واقعہ ہونا ممکن نہیں کیونکہ میں یہ نہیں مان سکتا کہ اہل تشیع نے ائمہ کرام کی اصل اور صحیح روایت بیان کی ہو اور اپنے لئے بے ایمانی اور بے دینی منتخب کی ہو اور جہنمی ہونا اختیار کیا ہو۔ بلکہ خود ائمہ کرام نے بھی حسب تصریح اصول کافی وغیرہ کوئی سچی بات ظاہر نہیں فرمائی اور اپنے آباؤ اجداد کے مذہب کو نہیں چھوڑا تو

Marfat.com

پھر ایسی روایات لکھنے لکھانے کا کیا فائدہ؟ اور اہل تشیع کے خلاف ایسی روایات ان کے تیار کردہ مذہب کو کیا نقصان پہنچا سکتی ہے یا ہمیں کیا فائدہ بخش سکتی ہیں مگر میں جو اہل تشیع کی کتابوں سے روایتیں پیش کر رہا ہوں تو میرا مقصد فقط یہ ہے کہ وہ سادہ لوح مسلمان جوان کی ہنگامہ آرائی اور مجالس میں شرکت کرتے ہیں یا اہل تشیع کے مذہب کو بھی کسی طرح صحیح تصور کرتے ہیں۔ ان کو سوچنے اور غور کرنے کا موقع مل سکے تا کہ سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں اور چلنے سے پہلے منزل مقصود کا نقشہ ملاحظہ کر لیں۔ اسی غرض کے تحت یہ رسالہ لکھ رہا ہوں اور شروع سے آخر تک تمام کی تمام روایات صرف اہل تشیع کی معتبر ترین و مسلم ترین کتابوں سے لکھ رہا ہوں اور حوالہ دکھانے کا ذمہ دار ہوں۔

مذہب شیعہ کی اساس:

خلفاء راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی خلافت کا انکار اور ان مقدس ہستیوں کی شان میں گستاخی اس تبرائی گروہ کا مابہ الامتیاز (امتیازی شان) ہے۔ اور صراحتاً خلفائے راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور باقی صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے حق میں سب وشتم اور حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ اور ان کی تمام اولاد طاہرین ائمہ معصومین کی شان میں اشارتاً و کنایتاً سب وشتم اور کذب بیانی و مکر و فریب اور کتمان حق کی نسبت کرنا اس فرقے کا خاصہ لازمہ ہے جو کسی بھی عقل مند انسان سے پوشیدہ نہیں۔ اس مذہب کا دارومدار جن مسائل پر ہے ان میں سب سے بڑا مسئلہ خلفاء راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی خلافت راشدہ کا انکار ہے۔ ان کا مذہب ہے کہ حضرت ابوبکر، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان ذوالنورین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین خلفاء برحق نہیں تھے انہوں نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت غصب کر لی تھی اور حضرت علی کو ڈرا دھمکا کر اپنی بیعت کرنے پر مجبور کر لیا تھا اور تمام عمر اسی خوف کی وجہ سے حضرت علی شیر خدا نے ان کے پیچھے نمازیں پڑھیں۔ ان کی مجلس شوریٰ کے ممبر بنے رہے اور مال غنیمت منظور کرتے رہے وغیرہ وغیرہ۔ قبل اس کے کہ اہل تشیع کی معتبر ترین کتابوں سے یہ ثابت

Marfat.com

کروں کہ اہل تشیع کے تمام دعوے جھوٹے اور خلاف واقعہ ہیں یہ عرض کرتا ہوں کہ خلافت راشدہ کا زمانہ اقدس آج سے تقریباً ساڑھے تیرہ سو سال پہلے گزر چکا ہے۔ اس وقت ان کی خلافت پر اعتراض یا اس کی ناپسندیدگی کا شوروغوغا اور بے فائدہ مظاہرے بجز اسکے کہ فتنہ وشرارت پیدا کرسکیں اور ملک کے امن وامان کو متزلزل کریں اور کیا نتیجہ برآمد ہوسکتا ہے؟ ہے کوئی بڑی سے بڑی حکومت یا کوئی بڑی سے بڑی عدالت جو ان کے غیر مستحق خلافت ہونے کی صورت میں کوئی تدارک کرسکے اور مستحق کو اس کا حق واپس دلا سکے۔ اگر وہ مقدس ہستیاں مستحق خلافت تھیں یا بقول اہل تشیع مستحق نہیں تھیں بہرصورت وہ خلیفے بنے اور امور خلافت باحسن وجوہ سرانجام دیئے اب ان کی شان اقدس میں سب وشتم گالی گلوچ کیا معنی رکھتا ہے اگر ان تمام لوگوں کو جو خلفائے راشدین کی برحق اور مستحق خلافت پر یقین کرتے ہیں یک قلم تختہ دار پر کھینچ دیا جائے یا قتل کردیا جائے یا خلفائے راشدین کے ساتھ بغض وعداوت غل وغش، کینہ رکھنے والے اپنے سینوں کو پیٹ پیٹ کر اڑادیں تو بھی ان سماء رفعت کے چمکتے ہوئے تاروں کو اور ان کی خلافت راشدہ کو پرکاہ کے برابر بھی نقصان نہیں پہنچ سکتا تو پھر یہ منافرت ومخاصمت اور یہ سب وشتم، یہ فتنہ پردازی اور فسادانگیزی سے کیا حاصل؟ بہتر صورت یہی تھی کہ جب ایک ہی ملک میں بسیرا کرنے کا موقع ملا تھا تو باہمی منافرت ومناقشت کو کنارے رکھ کر گزارہ کرتے اور کسی قسم کا مذہبی تخالف تھا بھی تو فریضہ تقیہ کی ادائیگی کے ساتھ ملکی امن وامان کا بھی لحاظ رہتا آخر آئمہ کرام کی تقلید بھی ضروری امر تھا جو کس طرح تصریح فرماتے ہیں کہ "**التقیۃ من دینی و دین آبائی**" یعنی امام عالی مقام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب روایت کی تقیہ کرنا میرا اور میرے آباؤ اجداد کا مذہب ہے اور "**لادین لمن لاتقیۃ لہ ولاایمان لمن لاتقیۃ لہ**" یعنی جو تقیہ نہیں کرتا نہ اس کا دین ہے نہ اس کا ایمان ہے ایسی صورت میں تقیہ سے کام لینا ایک تو اہل تشیع کو بے ایمانی و بے دینی سے بچاتا دوسرا بلاوجہ وبلافائدہ شرارت وفتنہ پردازی سے دور رکھتا اور باقی مسلمان غریب بھی سکھ وآرام کا منہ دیکھتے مگر

وائے برحال پاکستان میں آئے روز نئے نئے اڈے اکابر امت کی شان اقدس میں بکواس و سب وشتم بکنے کیلئے مقرر کئے جا رہے ہیں اور ملکی تعمیری اسباب ان کو یقین کیا جا رہا ہے اب فقیر چاہتا ہے کہ اہل تشیع کی خدمت میں ان مقدس ہستیوں کی تصریحات پیش کرے جو اہل تشیع کے دعویٰ کے مطابق بھی پیشوا اور امام ہیں جن تصریحات کے ملاحظہ کرنے کے بعد اہل فکر و ہوش حضرات خود ہی فیصلہ فرما سکیں کہ آئمہ اور پیشوایان امت کے بالمقابل موجودہ ذاکروں ماکروں کی کچھ وقعت نہیں۔ اور ائمہ کرام کی تصریحات کے مقابلہ میں ان ذاکروں کے تخمینے اور ٹوٹکے سخت خوار بیہودہ ہیں۔

نکتہ:

یہ بات بھی قابل گزارش ہے کہ جن مقدس ہستیوں نے اللہ اور اس کے سچے رسول ﷺ کی خوشنودی اور رضا کیلئے اپنا تن، من دھن قربان کیا اور ایسے میں محبوب کبریا ﷺ کے ساتھ ایمان لائے کہ جب حضور اکرم ﷺ کے ساتھ ایمان لانا اور کائنات عالم کی دشمنی مول لینا ایک معنی رکھتا تھا اور ایسے وقت میں حضور ﷺ کا ساتھ دیا جس وقت حضور ﷺ کا ساتھ دینے میں مستقبل کی تمام دنیوی منزلوں میں غربت اور مصائب و آلام و تکالیف کے سوا عالم اسباب میں اور کچھ نظر نہ آتا تھا تو ایسے حالات میں ان مقدس ہستیوں نے تمام دنیوی تکالیف کو بطیب خاطر برداشت کیا اور اللہ کے سچے رسول ﷺ کا ساتھ نہ چھوڑا تو ایسی مقدس ہستیوں کے خلوص، ان کے صدق وصفا ان کے ایمان و تصدیق کے متعلق کیا شبہ ہوسکتا ہے۔ ایسے حالات میں دوسرا کون سا داعیہ ہوسکتا تھا جس کے زیر نظر ان لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ اس قدر دکھ برداشت کئے؟۔ پھر ایسے جان نثاروں اور وفاداروں کی جان نثاری اور قربانی کا بدلہ جو اللہ ارحم الراحمین کی جناب سے ضروری اور لازمی ہے اس کی کیفیت اور کمیت کو بھی مد نظر رکھنا چاہیے۔ قرآن کریم کی بیسیوں آیات اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ ہجرت کرنے والوں اور انصار و مہاجرین کے حق میں نازل

ہوئی ہیں کہ اللہ ان سے راضی ہو گیا اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے ان کے لئے جنت کے اعلیٰ و ارفع مراتب اور نعمتیں مہیا ہیں۔ ان کو بھی سامنے رکھنا چاہیے اور اس بات کو بھی پورے نظر و فکر کے ساتھ دیکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول ﷺ کو فرماتا ہے "**یاایھا النبی جاھد الکفار والمنافقین واغلظ علیھم**" یعنی اے اللہ تعالیٰ کے پیارے نبی آپ کافروں اور منافقوں کے خلاف جہاد فرماؤ اور ان پر سختی کرو۔ اس حکم کے بعد جن مقدس ہستیوں کو اللہ کے پیارے نبی ﷺ نے اپنا ہمراز و دمساز قرار دیا سفر و حضر، ہجرت و جہاد، ہر معاملے میں اور ہر حالت میں اپنا وزیر و مشیر مقرر فرمایا اور اپنا ساتھی و رفیق قرار دیا۔ ان ہستیوں کی شان میں گستاخی کرنا (معاذ اللہ) اور ان ہستیوں کی طرف کفر و نفاق کی نسبت کرنا کون سی دیانت ہے اور کون سا ایمان ہے ذرا سوچو ان مقدس ہستیوں کے صدق و صفا کا انکار براہ راست مہبط وحی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان اقدس میں گستاخی کو مستلزم نہیں؟ یقیناً ہے۔ محبوب رب العالمین علیہ وآلہ وسلم کے تمام صحابہ مہاجرین وانصار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے فضائل و مناقب میں آیات کلام اللہ اور احادیث صحیحہ اس کثرت کے ساتھ وارد ہیں کہ جنہیں لکھا جائے تو ایک بہت بڑی مستقل کتاب بن جائے گی۔ (شیعہ مذہب)

قارئین کرام!

اب ذرا تفصیل سے "تقیہ" کے بارے میں پڑھئے اور اندازہ کیجئے یہ کس قدر خطرناک ہے

چنانچہ علامہ بدر القادری مدظلہ العالی یوں رقم طراز ہیں

تقیہ

تقیہ (عربی) مصدر وق ی مادہ وقی یقی تقی تقاۃ تاء واو سے بدلی ہوئی ہے۔ معنی حذر، خوف بچاؤ۔

فرقہ شیعہ کی اصطلاح میں غیر کے خوف ضرر سے خلاف اعتقاد/ قولاً یا فعلاً کچھ کہنا یا کرنا

Marfat.com

اہل تشیع تقیہ کے جواز میں کھینچ تان کر قرآن مجید کی جن آیات کو لاتے ہیں۔ وہ یہ ہیں
آل عمران' آیت 28' النحل 16' آیت 106' آیت 195' اور المومن 28
مزے کی بات یہ ہے کہ شیعوں کے قدیم ماہرین فن نے اپنی فقہی اور کلامی کتابوں میں تقیہ کو مستقل عنوان نہیں بنایا۔ البتہ متاخرین میں ان کے شیخ مرتضٰی انصاری (م 1281ھ) نے اپنی کتاب "المکاسب" کے ملحقات میں تقیہ کے عنوان پر مستقل ایک رسالہ لکھا ہے۔

اس باب میں اسلامی موقف

یہاں یہ جان لینا بھی ضروری ہے کہ تقیہ علمائے اہل سنت اور ان کے متبعین کے نزدیک کوئی اصطلاح نہیں ہے۔ اور اصطلاح علیہ پر جتنی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان میں کہیں اس کلمہ کا ذکر نہیں ملتا۔ یہ صرف اہل تشیع اور ان کے مختلف فرقوں کی اصلاح ہے۔ دائرہ معارف اسلامیہ لاہور میں ہے۔

امام ابوحنیفہ کے اصحاب نے کہا کہ یہ (تقیہ) اللہ تعالٰی کی طرف سے ایک رخصت ہے اور اس رخصت پر عمل نہ کرنا بہتر ہے اور یہی زیادہ فضیلت رکھتا ہے، اگر کسی پر زبردستی کی گئی کہ کلمہ کفر کہہ اور اس نے جان دینا منظور کیا مگر کلمہ کفر کہنا منظور نہ کیا، یہاں تک کہ اسے قتل کر دیا گیا تو یہ شخص اس شخص سے افضل ہے جس نے جان بچانے کے لئے زبان سے کلمہ کفر کہہ دیا۔ یہی حکم ان سب باتوں کا ہے جس میں دین کی عزت برقرار رکھنے کا سوال در پیش ہو۔ دین کی عزت کو برقرار رکھتے ہوئے جان دے دینا اس سے افضل ہے کہ رخصت پر عمل کرے اور جان بچائے (دائرہ معارف اسلامیہ لاہور ج 6' ص 584-584)

اب آیئے امام احمد بن حنبل کی بارگاہ میں حاضری دیں اور ان سے پوچھیں کہ اس باب میں آپ کیا فرماتے ہیں۔

اے امام باوقار! آپ کے سر پر اگر کوئی شخص تلوار لے کر کھڑا ہو جائے (آپ سے خلاف حق بات کہلوانا چاہے) تو کیا آپ اس کی بات مان لیں گے، امام احمد جواب دیتے

ہیں نہیں۔ اگر عالم نے تقیہ کر کے مان لیا اور جاہل تو جاہل ہے ہی تو حق کے ظاہر ہونے کی کیا صورت ہوگی۔ پچھلے لوگ اگلوں کے جو حالات بیان کرتے آئے ہیں، ان میں ہمارے پاس چھوٹوں کو بڑوں کی بابت مسلسل یہی بیان پہنچتا ہے کہ صحابہ تابعین اور تبع تابعین نے اپنی جانیں اللہ کے لئے دے دیں اور اس بارے میں ان پر ملامت کرنے والوں کی ملامت کا کوئی اثر نہیں ہوا اور نہ کسی زبردست ظالم کی سختی کو وہ خاطر میں لائے۔

امام فخر الدین رازی فرماتے ہیں۔

تقیہ انہی صورتوں میں جائز ہے جن میں اظہار حق اور دین کا سوال ہو۔ مگر جن صورتوں میں کسی اور پر برا اثر پڑتا ہو مثلاً قتل، زنا، مال کا غصب، جھوٹی گواہی، محصنہ پر تہمت اور دشمنوں کو مسلمانوں کے کمزور پہلوؤں کی بابت اطلاع دینا (جاسوسی) ان سب صورتوں میں تقیہ قطعاً ناجائز ہے (تفسیر کبیر ج 2 ص 46)

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اہل بیت پاک رضی اللہ عنہم کی تاریخ اس بات سے بھری پڑی ہے کہ انہوں نے اپنی جانیں ہتھیلی پر رکھ کر حق کا اعلان کیا اور کبھی مداہنت فی الدین کا شکار نہ ہوئے۔ حضرات اہل بیت کا کیا کہنا وہ تو دنیا میں احقاق حق اور ابطال باطل کے امتیازی مینار ہیں۔ اور ان کی روش روشن اور قول و فعل سے تو نظام اسلام کی ترتیب ہوتی ہے۔ کیونکہ امہات المومنین اور دیگر وابستگان خاندان نبوت نے ہی سرور عالم ﷺ کی حیات مبارکہ اور حضور کی علمی زندگی سے متعدد گوشوں کو اجاگر کیا ہے۔ بلکہ ہم تو دیکھتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ کے دیدار سے مشرف ہونے والے صحابہ اور تابعین پھر تبع تابعین (الی ما بعد) نے اسلام کی صداقت اور دین کی حقانیت کو اجاگر کرنے کے لئے وہ قربانیاں دی ہیں جو آج بھی حیرت انگیز ہیں۔

حضرت ابن حذیفہ کا جانبازانہ اعلان حق

تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن حذیفہ کو مسیحیوں نے گرفتار کر لیا اور ان سے

کہا کہ عیسائی ہو جاؤ۔ اس پر انہوں نے نہایت جرات کے ساتھ فرمایا کہ

"اگر تم لوگ اپنی اور تمام اہل عرب کی دولت مجھے اس شرط پر دو کہ میں لحہ بھر کے لئے اپنے نبی کے دین سے منحرف ہو جاؤں...... تو یہ میری لئے نا قابل قبول ہے"

اس پر بادشاہ نے قتل کی دھمکی دی۔ آپ اپنے قول پر قائم رہے۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ انہیں سولی پر چڑھا دیا جائے اور تیر اندازوں سے کہا کہ حذیفہ کے ہاتھ پاؤں کو زخمی کریں۔ اس پر بھی آپ نے عیسائیت قبول نہیں کی۔ بادشاہ نے پھر انہیں سولی سے اتارنے کا حکم دیا اور ان کے سامنے ایک تانبے کی دیگ کو آگ پر رکھ کر خوب گرم کروایا اور حضرت حذیفہ کے سامنے ہی اس میں ایک مسلمان قیدی کو ڈال کر جلا ڈالا۔ اور حضرت حذیفہ سے کہا کہ اب تمہارا کیا خیال ہے۔ عیسائیت قبول کرتے ہو یا نہیں؟ آپ نے کہا نہیں۔ بادشاہ نے اپنے جلادوں کو حکم دیا کہ انہیں بھی دیگ میں ڈالیں جب جلادوں نے حذیفہ کو پکڑا اس وقت ان کی آنکھوں میں آنسو چھلک آئے۔ بادشاہ نے سمجھا اب یہ خوفزدہ ہو گئے ہیں۔ شاید میری بات مان لیں اور اشکباری کا سبب پوچھا۔ انہوں نے جواب دیا۔ میں اس بات پر رو پڑا کہ میری محض یہ ایک جان ہے جسے رضائے الٰہی کے لئے آگ مین ڈالا جا رہا ہے۔ کاش! میرے جسم کے رونگٹوں اور بالوں کی مقدار میں میری جانیں ہوتیں تو اپنے مالک و مولا کی خوشنودی کے لئے میں سب کو کھولتی دیگ کے حوالے کر دیتا۔ بادشاہ نے حضرت حذیفہ کو قید میں ڈال دیا۔ اور وہاں خنزیر کا گوشت اور شراب ان کے کھانے کے لئے بھیجتا رہا۔ مگر متعدد کئی شبانہ روز گزر جانے کے باوجود انہوں نے ان چیزوں کو ہاتھ نہیں لگایا۔ بادشاہ نے پھر اپنے دربار میں طلب کیا اور کچھ بھی نہ کھانے پینے کی وجہ دریافت کی تو حضرت حذیفہ نے کہا' حالت اضطرار میں اگرچہ ان حرام چیزوں کا کھانا بھی میرے لئے حلال تھا مگر میں اس رخصت پر عمل کے ذریعہ اپنی عزیمت کو کمزور کرنا اور تجھے خوشی دینا نہیں چاہتا۔

حضرت حذیفہ کو اپنے ایمان و ایقان میں اتنا پختہ اور نا قابل تسخیر دیکھ کر بادشاہ کے حوصلے پست ہو گئے اور اس نے کہا کہ اگر تم میرے سر کو بوسہ دو تو میں تمہیں آزاد کر دوں۔

Marfat.com

حضرت حذیفہ نے فرمایا، یہ شرط میں اس وقت قبول کروں گا جب تو میرے ساتھ میرے تمام مسلمان بھائیوں کو جو تیری قید میں ہیں' آزاد کرنے کا وعدہ کرے۔ بادشاہ نے وعدہ کیا اور حضرت حذیفہ اپنے تمام ساتھیوں سمیت قید سے رہا ہو کر مدینہ طیبہ پہنچے۔

امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے جب واقعہ سنا تو فرمایا۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ حذیفہ کی پیشانی کو بوسہ دیں۔ اور سب سے پہلے انہوں نے خود حضرت حذیفہ کی پیشانی کو چوما (رضی اللہ عنہم)

حضرت عبداللہ بن حذیفہ کا یہ واقعہ تاریخ امت مسلمہ کے سمندر کا ایک قطرہ ہے۔ قرون اولیٰ بالخصوص جانباز اصحاب نبی ﷺ ورضی اللہ عنہم کے ایثار وقربانی جانبازی وجان سپاری پر تو خود رب تعالیٰ کا قرآن شاہد ہے۔ سورۃ النحل کی آیت مبارکہ کو تقیہ کے سلسلے میں اہل تشیع اپنی سب سے بڑی دلیل قرار دیتے ہیں۔

من کفر باللہ بعد ایمانہ الا من اکرہ و قلبہ مطمئن بالایمان

(سورہ نحل آیت 106)

جس نے کفر کیا اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایمان لانے کے بعد بجز اس شخص کے جسے مجبور کیا گیا' اور اس کا دل ایمان کے ساتھ مطمئن ہے۔

آیئے اس آیت مبارکہ کی شان نزول ملاحظہ کیجئے۔

اعلان حق کی شاندار مثال

مکہ مکرمہ میں جانبازان رسول کی صف میں عمار' یاسر اور سمیہ کے نام اسلام کی تاریخ کے لعل وجواہر ہیں۔ ایک بار کفار مکہ نے ان تینوں کو بہت اذیت دی تا کہ وہ خوفزدہ ہو کر اسلام سے منہ موڑ لیں۔ مگر بے سود بالآخر چشم فلک نے وہ منظر بھی دیکھا کہ دلدادگان ظلم وستم نے حضرت سمیہ کے دونوں پاؤں دو اونٹوں کے پیروں سے باندھے۔ ابوجہل لعین نے ان کی شرمگاہ پر نیزہ سے وار کیا اور دونوں اونٹوں کو دو جانب ہانک دیا۔ حتیٰ کہ ایمان اور اسلام کی

پاداش میں ان کا سر دو حصوں میں چر گیا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہا' اور سمیہ کا نام شہدائے اسلام کے دفتر میں سب سے پہلے رقم کیا گیا...... یہی نہیں اس کے بعد ان کے شوہر حضرت یاسر کو بھی نہایت بے رحمی سے قتل کیا اور زن وشوہر دونوں یکے بعد دیگرے دولت شہادت سے سرفراز ہوئے۔ مکہ کا یہ دلگداز واقعہ اور ماں باپ دونوں کی اس حالت میں شہادت نے عمار بن یاسر کو کچھ سوچنے پر مجبور کر دیا اور انہوں نے طوعاً و کرہاً زبان سے کلمات کفر کہہ کر اس وقت اپنی جان بچالی۔ عمار کے والدین نے عزیمت پر عمل کیا' مگر عمار نے رخصت کو اپنایا۔ مگر ان کے دل میں شرم وندامت کروٹ لینے لگی۔ دوڑے ہوئے بارگاہ رسول ﷺ میں حاضر ہوئے' لوگوں نے کہا عمار تو کافر ہو گئے۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

"ہرگز نہیں' عمار تو سر سے لے کر پیروں تک ایمان سے لبریز ہیں"

حضور ﷺ اقدس عمار سے پوچھتے ہیں۔ اس وقت جب تمہاری زبان سے کلمات کفر ادا ہوئے تمہارے دل کا کیا حال تھا۔ عمار نے عرض کیا "**مطمئنا بالایمان**" وہ تو ایمان سے مطمئن تھا۔ اس وقت یہ آیہ مبارکہ نازل ہوئی اور آقائے نامدار نے اپنے غلام باوفا کے اشک ندامت اپنے دست مبارکہ سے پونچھ دیئے (تفسیر مظہری)

ہمشیرہ فاروق اعظم کی اسلامی عزیمت

امام احمد رضا رضی اللہ عنہ نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قبول اسلام کا واقعہ بیان کرتے ہوئے معارج کے حوالے سے تحریر فرمایا۔ ابوجہل لعین نے معاذ اللہ حضور ﷺ کو شہید کروانے کے لئے انعام کا اعلان کیا اور عمر ننگی تلوار لے کر گھر سے نکلے۔ ادھر رب تعالیٰ نے قسم فرمائی کہ اب یہ تلوار اس وقت تک نیام میں نہ جائے گی جب تک عمر خود کفار کو قتل نہ کریں۔ پھر عمر کو راہ میں نعیم بن عبداللہ صحابی ملے اور کہا تم پہلے اپنے گھر کی تو خبر لو بعد میں کچھ اور کرنا۔ وہیں سے پلٹ کر بہن' بہنوئی کے گھر آئے انہیں حضرت خباب سورہ طٰہٰ کی تعلیم دے رہے تھے۔ عمر کی آہٹ سن کر حضرت جناب خباب کوٹھری میں جا چھپے۔ بہن

Marfat.com

سے پوچھا کیا تو آبائی دین سے پھر گئی۔ جواب میں صالحہ بہن نے برملا اپنے اسلام کا اعلان کیا۔ اور بالآخر آیات قرآنیہ سن کر عمر کا دل بھی نور ایمان سے جگمگا اٹھا اور انہوں نے دار ارقم کے اندر خدمت رسول میں پہنچ کر کلمہ شہادت پڑھ لیا۔ امام احمد رضا قدس سرہ حضرت عمر کی ہمشیرہ کی جرات ایمانی بیان کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

"اسلام میں رافضیوں کا سا تقیہ کہاں؟ (بہن نے) صاف کہہ دیا۔ میں نے سچا دین اسلام قبول کر لیا (الملفوظ امام احمد رضا قادری ج 3 ص 56)

شیعہ مذہب میں تقیہ کی اہمیت

تقیہ اہل تشیع کے نزدیک ایک نہایت بنیادی عبادت کی حیثیت رکھتا ہے اور ان حضرات کے خیال میں دنیا کے اندر کئی مقدس شخصیات نے تقیہ کیا ہے۔

ان کا عقیدہ ہے کہ حضرت علی اور ان کے چار سچے ساتھیوں نے خلفائے ثلثہ یعنی سیدنا صدیق اکبر، سیدنا عمر اور سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی بیعت تقیہ کے طور پر کی تھی۔

احتجاج طبرسی میں ہے کہ

"سوائے علی کے اور ہمارے ان چاروں حضرات کے امت میں سے کسی نے ابوبکر کی بیعت جبر و اکراہ سے مجبور ہو کر نہیں کی۔"

اور اسی کتاب میں ایک نہایت ناشائستہ روایت بھی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے گلے میں رسی ڈال کر انہیں ان کے گھر سے گھسیٹتے ہوئے لایا گیا۔ وہاں کچھ صحابہ تلواریں سونتے کھڑے تھے اور عمر نے دھمکایا کہ بیعت کرو ورنہ سر تن سے اڑا دوں گا۔ اس وجہ سے حضرت علی نے مجبوراً بیعت کی (احتجاج الطبرسی ص 47-48)

گویا حضرت اسد اللہ الغالب رضی اللہ عنہ نے خلفائے ثلثہ کی بیعت خوف یا دھوکہ دہی کے طور پر کی تھی اور صرف انہوں نے ہی نہیں بلکہ تمام شیعہ اماموں نے اپنے اپنے دور کی ظالم حکومت کے ساتھ ایسا ہی طریقہ اپنا رکھا۔ ایرانی انقلاب کے بانی جناب خمینی صاحب

کے جانشین جناب علی خامنہ ای نے ایک طویل مقالہ لکھا ہے جس کا عنوان ہے۔

ہمارے ائمہ اور سیاسی جدوجہد

اس میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ ان حضرات ائمہ کی گویا پوری زندگی اسی ادھیڑ پن میں منہمک رہی کہ کس وقت حکومت وقت کے ہاتھ سے اقتدار کو چھین لیں اور تخت حکومت پر قبضہ کرلیں۔ ہم طوالت مضمون کے خوف سے اس مضمون کے حوالوں کو قلم انداز کرتے ہیں۔ ایک جملہ ہی بطور نمونہ از بس ہے۔

"اگرچہ جب تک ہارون بقید حیات رہا' امام ہشتم کو بھی خاموشی اور تقیہ کی زندگی بسر کرنی پڑی۔ پھر بھی آپ کی جدوجہد اور سیاسی مہم جاری رہتی ہے" (مقالہ ہمارے ائمہ اور سیاسی جدوجہد' مجلہ توحید ج 4' شمارہ 6' ص 117)

شیعہ اصول فقیہ میں بھی تقیہ کا لحاظ

تقیہ ان کے رگ و پے میں اتنا رچا بسا ہوا ہے کہ اپنی فقہ کے سلسلے میں انہوں نے جو اصول فقہ ترتیب دیئے ہیں اس میں سنت تقریری کی بحث میں بھی اس بات کو شامل کرتے ہیں کہ معصومین (واضح رہے کہ ان کے نزدیک انبیاء کی طرح ائمہ بھی معصوم ہیں' بلکہ ائمہ کو انبیاء سے بھی زیادہ افضل کہتے ہیں اور رسول خدا ﷺ کی طرح تمام ائمہ کے اعمال واقوال کو بھی سنت کہتے ہیں اور ائمہ کے قول فعل نیز ان کے سامنے کیا جانے والا ہر وہ کام جس کو انہوں نے دیکھا اور اپنی رضامندی کا اظہار کیا ہو' شریعت کا ماخذ ہے) کی خاموشی کہیں بطور تقیہ نہ ہو' چنانچہ مصادر فقہ کے تحت جناب سید مصطفیٰ محقق داماد شیعی ایرانی مجتہد نے سنت تقریری کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے۔ معصوم کی تقریر یا تصدیق کے لئے دو شرطیں لازم ہیں۔

"پہلی یہ کہ معصوم کو کامل طور سے فعل کی انجام دہی کی اطلاع رہی ہو یعنی وہ فعل مکمل طور سے امام کی موجودگی میں اور ان کے سامنے انجام پایا ہو"

دوسری یہ کہ امام کے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لئے کوئی رکاوٹ موجود نہ ہو۔ یعنی امام فعل کے واقع ہونے کے وقت یا جگہ کے لحاظ سے خود عمل یا اس کے طریقہ صحت میں اظہار نظر کے لئے کوئی مانع نہ رکھتے ہوں۔ اس جگہ مختصر سی وضاحت ضروری ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں۔ ائمہ علیہم السلام اور ان کے جملہ احباب باوفا ظالم حکام وسلاطین کی طرف سے ہمیشہ جاسوسوں کے زیر نظر رہے اور بنیاد اسلام کی حفاظت نیز مخفی وعلنی شیعوں کی بقاء کے لئے اکثر اس میں مصلحت تھی کہ خود کو ساکت و پنہاں کیے رہیں۔ جس کے مشہور مظاہر میں سے ایک تقیہ ہے چونکہ غاصب اور ستمگر خلفاء زیادہ تر شیعوں کی نقل وحرکت معلوم کرنے کے لئے ائمہ علیہم السلام کے اردگرد جاسوس معین کرتے تھے اور یہ حضرات بھی اس بات سے واقف تھے لہذا شیعی اقدامات کے پوشیدہ رکھنے کے خیال سے مجبورا مختلف راہوں اور احتیاط کے گونا گوں طریقوں سے استفادہ کرتے ہوئے اکثر شرعی معیارات کے بیان کرنے کا موقع اور امکان نہ رکھتے ہوئے سکوت اور خاموشی کو ترجیح دیتے تھے۔ لہذا تقریر معصوم کے مطالعہ اور اس کی وقعت وحیثیت جاننے کے لئے ہمیشہ یہ بات دھیان میں رکھنی چاہیے (مجلہ توحید، قم ایران ج 3 شمارہ 6، ص 148-149)

علی خامنہ ای خمینی اور روایت تقیہ

نائب خمینی جناب علی خامنہ ای لکھتے ہیں:

"اصل میں تقیہ کا مورد اور عنوان سمجھنے کے لئے لازم ہے کہ وہ تمام روایات جو کتمان اور پردہ داری نیز خفیہ سرگرمیوں سے متعلق ہیں۔ ان کی چھان بین کی جائے تاکہ ایک طرف تو ائمہ علیہم السلام کے اس ادعاء اور ہدف کے پیش نظر جن کا گزشتہ صفحات میں ذکر کیا جا چکا ہے۔ (یعنی کسی طور پر سیاسی غلبہ) اور دوسری طرف خلفائے زمانہ کے اس شدید ردعمل کے پیش نظر جو ائمہ علیہم السلام اور ان کے اصحاب کی سرگرمی اور سیاسی فعالیت کے خلاف ظاہر ہوتا ہے تاکہ تقیہ کا صحیح اور حقیقی مفہوم سمجھا جاسکے (ہمارے ائمہ، مجلہ توحید، ج 4،

شمارہ 6، ص 128)

ان شیعہ حضرات کا کوئی عمل تقیہ سے خالی نہیں ہوتا۔ حتیٰ کہ ان کی عبادات میں بھی تقیہ ہر جگہ گھسا پڑا ہے۔ اب افضل عبادات نماز ہی کو لے لیجئے۔ خدا کی اس عظیم ترین عبادت میں بھی انہوں نے تقیہ کے مسائل اور اس کے فضائل اپنی کتابوں میں لکھے ہیں۔

"جو شیعہ کسی غیر شیعہ کے ساتھ جماعت میں شامل ہو کر نماز پڑھتے ہیں اور اپنی شیعیت کو پوشیدہ رکھتے ہیں ان کے اس تقیہ کی وجہ سے ان کو پچیس نمازوں کا ثواب ملتا ہے (من لایحضرہ الفقیہ ج 1 ص 127)

شیعی ولایت فقیہ کے مسند نشین جناب خمینی صاحب اپنی کتاب "تحریر الوسیلہ" میں نماز کے اندر تقیہ کے مسائل بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"دوسری چیز جو نماز کو باطل کر دیتی ہے وہ یہ ہے کہ ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر رکھا جائے جس طرح ہم شیعوں کے علاوہ دوسرے لوگ کرتے ہیں۔ ہاں تقیہ کی حالت میں ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں (تحریر الوسیلہ للخمینی ج 1 ص 186)

اسی طرح آگے لکھا ہے۔

نویں چیز جس سے نماز باطل ہوتی ہے وہ سورۃ فاتحہ پڑھنے کے بعد آمین کہنا ہے۔ البتہ تقیہ کے طور پر کہنے میں کوئی حرج نہیں (تحریر الوسیلہ للخمینی ج 1 ص 190)

شیعہ کتب حدیث اور تقیہ

تقیہ اہل تشیع کے نزدیک جب اتنا اہم کام ہے تو اس کا سراغ کتاب و سنت میں کچھ تو لگنا چاہئے چونکہ اس چیز کا تعلق اسلام سے بالکل نہیں اس لئے مسلمان جسے کتاب و سنت (قرآن اور حدیث) کہتے ہیں ان میں تو واقعی یہ تقیہ کہیں نہیں ملتا۔ البتہ اہل تشیع کی اپنی حدیثوں میں اس کے لئے کافی مواد موجود ہے۔ قرآن کے بعد ان کے نزدیک جو صحیح ترین کتاب ہے۔ اس کے اندر تقیہ کا ایک مستقل باب موجود ہے۔ ہم اختصار کے پیش نظر روایات کے صرف ترجمے ہی نذر قارئین کرتے ہیں۔

Marfat.com

"ابو عمیر اعجمی سے روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابو عبداللہ (امام جعفر صادق) علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا۔ اے ابو عمیر! دین کے دس حصوں میں سے نو حصے تقیہ میں ہیں۔ ولا دین لمن لا تقیہ لہ اور جس نے تقیہ نہیں کیا اس کا دین ہی نہیں" (اصول کافی ص 482)

حبیب بن بشیر روایت کرتے ہیں کہ ابو عبداللہ (امام جعفر صادق) نے فرمایا کہ میں نے اپنے والد (امام باقر) سے سنا وہ فرماتے تھے۔ روئے زمین پر کوئی شے مجھ کو تقیہ سے زیادہ پسند نہیں۔ اے حبیب جو شخص تقیہ کرے گا اللہ اس کو عظمت سے نوازے گا۔ اور جو تقیہ نہیں کرے گا اللہ اس کو پستی میں گرا دے گا (اصول کافی ص 483)

"ابو جعفر (امام باقر) علیہ السلام نے فرمایا تقیہ میرا دین ہے اور میرے آباؤ کا دین ہے اور جو تقیہ نہیں کرتا اس کا ایمان ہی نہیں ہے (اصول کافی ص 484)

اسی کتاب میں زرارہ سے مروی ہے وہ امام ابو جعفر (باقر) سے نقل کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ تقیہ ہر ضرورت کے لئے کافی ہے۔ اب صاحب تقیہ خود اپنی ضرورت کا زیادہ علم رکھتا ہے (اصول کافی ص 484)

اصول کافی کتاب العلم میں زرارہ بن اعین کی روایت ہے۔ انہوں نے کہا "میں نے امام باقر سے ایک مسئلہ پوچھا۔ انہوں نے مجھے مسئلہ کا جواب دیا۔ اس کے بعد اسی وقت ایک اور آدمی آیا اور اس نے بھی امام سے وہی مسئلہ پوچھا تو انہوں نے اس کا کچھ دوسرا جواب دیا پھر ایک اور آدمی نے بھی آ کر وہی مسئلہ پوچھا تو امام نے اس کو (ان دونوں جوابوں سے) مختلف جواب دیا۔ پھر جب لوگ چلے گئے تو میں نے امام سے عرض کیا۔ اے فرزند رسول! عراق کے دو باشندے جو شیعان اہل بیت میں سے تھے۔ وہ آئے اور ان دونوں نے آپ سے ایک ہی مسئلہ دریافت کیا۔ آپ نے دونوں کو دو مختلف جواب دیا۔ (ایسا کیوں؟) تو حضرت امام نے فرمایا۔ اے زرارہ! اسی میں ہماری اور تمہاری خیر و بقاء ہے اور اگر تم تمام لوگوں کا مسلک ایک ہو گیا تو لوگ تمہیں ہم سے تعلق کے معاملے میں سچا سمجھیں گے اور اس میں ہم سب کی بقاء کو خطرہ ہے۔ اس کے بعد زرارہ نے کہا کہ میں نے

Marfat.com

ایک بار امام جعفر صادق سے عرض کیا کہ آپ کے شیعہ ایسے باوفا ہیں کہ اگر انہیں نیزوں کے اوپر یا آگ میں کودنے کو کہا جائے تو وہ ایسا کر دیں گے۔ لیکن جب وہ آپ لوگوں کے پاس سے باہر نکلتے ہیں تو ان میں باہم اختلاف ہوتا ہے۔ زرارہ نے کہا کہ امام جعفر صادق نے میری اس بات کا وہی جواب دیا جو جواب ان کے والد امام باقر نے مجھے دیا تھا (اصول کافی ص 37)

اس روایت سے یہ پتہ چلا کہ یہ ائمہ تقیہ کے طور پر دینی مسائل بھی غلط بتاتے تھے (العیاذ باللہ)

شیعی حدیث میں بطور تقیہ حلال کو حرام اور حرام کو حلال کرنے کی مثال:

ابان بن تغلب کی روایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ابو عبداللہ (امام جعفر صادق) سے سنا۔ وہ فرماتے تھے کہ میرے والد (امام باقر) دور بنوامیہ میں تقیہ کے طور پر یہ فتویٰ دیتے تھے کہ اگر کوئی باز وشاہین کا شکار کرے اور وہ (قبل ذبح) مر جائے تو وہ حلال ہے۔ اور میں تقیہ نہیں کرتا تو کہتا ہوں کہ وہ حرام ہے۔ (فروع کافی ج 2 ص 80)

فروع کافی میں سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کی ذات جرات، حق گوئی، خلوص وللٰہیت اور صبر وعزیمت کی شاہکار ہے۔ ان کی جانب ایک نہایت بزدلانہ بلکہ منافقانہ روایت منسوب ہے۔

عامر بن سمط امام جعفر صادق سے راوی۔ انہوں نے بیان کیا کہ منافقین میں سے ایک آدمی مر گیا۔ تو حسین بن علی علیہما السلام گھر سے باہر نکلے اور جنازہ کے ہمراہ چلے تا کہ شرکت کریں۔ تو ان کا ایک غلام سامنے آ گیا (جو میت کی منافقت کی وجہ سے شریک جنازہ نہیں ہونا چاہتا تھا) انہوں نے غلام سے فرمایا۔ اے فلاں تو کدھر جا رہا ہے۔ اس نے عرض کیا میں اس منافق کے جنازہ سے بھاگنا چاہتا ہوں۔ امام حسین نے اس سے فرمایا۔ تم نماز میں میرے دائیں کھڑے ہو جاؤ اور جو مجھے کہتے ہوئے سنو تم بھی کہو (اس کے بعد امام جعفر کہتے ہیں جب ولی میت نے نماز جنازہ شروع کی اور تکبیر کہی تو امام حسین نے بھی تکبیر کہی۔

اس کے بعد کہا۔ اے اللہ اپنے اس بندے پر ایک ہزار لعنتیں کر جو متواتر مسلسل ہوں' متفرق نہ ہوں' اور اے اللہ اسے اپنے بندوں میں ذلیل کر اور اسے نار جہنم میں پہنچا اور عذاب سخت کا مزا چکھا۔ یہ شخص تیرے دشمنوں سے دوستی کرتا تھا اور تیرے دوستوں سے دشمنی کرتا تھا۔ اور اہل بیت نبی سے بغض رکھتا تھا (فروع کافی ج 1 ص 99 - 100)

شیعوں کی معتبر کتاب تہذیب میں ہے کہ مخالفین ولایت کے جنازے کو غسل دے اور نماز پڑھے بلکہ اسے اہل خلاف کی طرح غسل دے۔ اس کے ساتھ جریدہ نہ رکھے اور نماز پڑھے تو دعا کی جگہ اس پر لعنت کرے (تہذیب ج 1 ص 96)

فروع کافی میں اس کے بعد ایسی ہی روایتیں حضرت امام زین العابدین اور سیدنا امام جعفر صادق سے بھی منسوب کی گئی ہیں۔

ہر سلیم الفطرت فکر خود فیصلہ کرے

یہ اور اس قسم کی درجنوں روایات کے ہوتے ہوئے دھوکہ دہی' فریب کاری' مکاری و عیاری' اور منافقت کا بھی کوئی مفہوم باقی رہ جاتا ہے۔ اگر مذکورہ بالا الفاظ اپنے اندر کوئی حقیقی معنی و مفہوم رکھتے ہیں تو حضرات شیعہ کے نزدیک جسے تقیہ کہا جاتا ہے اور جس کی مثالیں ان کی اصح کتب بعد کتاب اللہ اور دیگر دستاویزی ماخذ میں موجود ہیں۔ صرف ان کا ایک تقیہ اپنے اندر مکر و فریب' دجل و دغل اور دورخا پن اور منافقت کی تمام غلیظ ترین شاخوں کو لئے ہوئے ہے یا نہیں؟ اور کیا کوئی ذرا بھر ایمان رکھنے والا انسان بھی ان روایت کو خانوادہ نبوت کے مقدس فرزندوں کی طرف منسوب کر سکتا ہے؟ شیعیت کی پوری تاریخ اور تحریک کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد ایک وسیع النظر فکر جس نتیجہ پر پہنچتی ہے، وہ یہ ہے کہ تقیہ بھی اس فرقے کو داغ بیل ڈالنے والوں کی ایک لازمی ضرورت ہے۔ ایک ایسا تیر بہدف نسخہ جو شیر خدا مولائے کائنات سیدنا علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے لے کر اہل تشیع کی تمام معتمد شخصیات کو اپنے خود ساختہ سانچہ میں فٹ کر سکے۔ جسے اگر ہم جناب خمینی صاحب کے لہجے

میں کہیں تو یوں کہہ سکتے ہیں کہ تقیہ بانیان فرقہ شیعہ کا ایسا طاغوتی حربہ ہے جس نے اسد اللہ الغالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی جلالت مآب' سرمایہ شجاعت' بے باک' نڈر' حق گوئی' حق شعار' نسل پاک پر صدہا سال تک حق پوشی' منافقت' دور خاپن' اور خلاف ضمیر زندگی گزارنے کا الزام لگایا ہے (العیاذ باللہ)

سورہ آل عمران کی آیت مبارکہ:

''نہ بنائیں مومن کافروں کو اپنا دوست مومنوں کو چھوڑ کر اور جس نے کیا یہ کام پس نہ رہا اللہ سے (اس کا) کوئی تعلق۔ مگر اس حالت میں کہ تم کرنا چاہو ان سے اپنا بچاؤ (سورہ آل عمران آیت 28)

اور یہ ہے ہمارا بے داغ آئینہ

لفظ ''تقیہ'' کی مفسرین اسلام نے جو تشریح کی ہے اس کا خلاصہ یہ ہے

''اگر مسلمان کفار کے نرغے میں آ جائے اور اسے اپنے قتل ہو جانے' مال چھن جانے اور ناموس لٹ جانے کا قوی اندیشہ ہو' تو اس بے بسی کے عالم میں وہ ایسی بات کہہ لے جس سے وہ کفار کے شر سے محفوظ رہے''

اس عالم خوف و خطر میں اسے یہ اجازت ہرگز نہیں کہ وہ ایسا فعل کرے یا ایسی بات کہے جس سے دوسرے مسلمان کو ایسا ضرر پہنچے جس کی تلافی نہ ہو سکے۔ مثلاً کفار اس سے اگر کسی مسلمان کو قتل کرنے' زنا کرنے' کسی پاکدامن عورت پر بہتان لگانے یا کفار کو مسلمانوں کے راز بتانے پر مجبور کریں تو اس مسلمان کو اس امر کی ہرگز اجازت نہیں کہ وہ اپنے بچاؤ کے لئے ان کاموں میں سے کوئی کام کرے۔

اگر وہ اپنی جان بچانے کے لئے زبان پر کلمہ کفر لائے (جس طرح حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے کیا) اور اس کا دل مطمئن ہو تو اسے ایسا کرنے کی رخصت تو ہے لیکن اس کا ایمان پر ڈٹے رہنا اور اپنی جان دے دینا بہت افضل ہے۔

عصر حاضر کے اسلامی مفکر جسٹس محمد کرم شاہ ازہری اہل تشیع کی تقیہ کے حق میں دلیلوں

کا جائزہ لینے کے بعد اسلامی قانون میں جس حیلہ کو حلال کیا گیا ہے اور جو عزیمت کے مقابلہ میں محض ایک رخصت ہے اس کا ذکر کرتے ہوئے رقم طرز ہیں۔

الغرض! اس فتنے کے خلاف بھی قلمی و لسانی جہاد ضروری ہے۔ اس کا اسرائیل میں داخلہ ہو چکا ہے اور اس کے علاوہ تبلیغی جماعت کے فتنے کا بھی اسرائیل میں داخلہ ہو چکا ہے۔ آپ نے دیکھا کہ دونوں نے اولین مرکز ہند کو پھر پاکستان کو بنایا۔ مرزائے قادیان نے وہاں بیٹھ کر کیا گل کھلائے اور کس طرح لوگوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈالنے کی ناپاک جرأت کی، تحریر میں آپ تفصیل ملاحظہ کریں گے اور دہلی میں تبلیغی جماعت کے مرکز والوں کی فریب کاری کا بیان...... اس کے لئے منتظر رہیں۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلی علیہ الرحمہ رقم طراز ہیں "محمد رسول اللہ ﷺ کو خاتم النبیین ماننا، ان کے زمانہ میں خواہ ان کے بعد کسی نبی جدید کی بعثت کو یقیناً قطعاً محال و باطل جاننا فرض اجل و جزء ایقان ہے۔ **ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین** نص قطعی قرآن ہے۔ اس کا منکر، نہ منکر بلکہ شک کرنے والا نہ شاک کہ ادنیٰ ضعیف احتمال خفیف سے توہم خلاف رکھنے والا قطعاً اجماعاً کافر ملعون مخلد فی النیران ہے۔ نہ ایسا کہ وہی کافر ہو بلکہ جو اس کے عقیدہ ملعونہ پر مطلع ہو کر اسے کافر نہ جانے وہ بھی، جو اس کے کافر ہونے میں شک و تردد کو راہ دے وہ بھی کافر ہے (المبین ختم النبیین)

قارئین کرام! اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کے فتویٰ شرعی سے آپ نے منکر ختم نبوت کا شرعی حکم تو معلوم کر لیا اور گزشتہ صفحات میں آپ نے تبلیغیوں سے ملنے جلنے والی پارٹی قادیانیوں کے سرغنے کے احوال بھی ملاحظہ کئے۔ اب آیئے اس ختم نبوت کے مسئلہ پر آپ جسٹس کرم شاہ الازہری کا حقائق کشا تبصرہ بنظر غائر پڑھیئے۔

اگرچہ بدقسمتی سے امت اسلامیہ کئی فرقوں میں بٹ گئی ہے۔ باہمی تعصب نے بارہا ملت کے امن و سکون کو درہم برہم کیا اور فتنہ و فساد کے شعلوں نے بڑے المناک حادثات کو

جنم دیا لیکن اتنے شدید اختلافات کے باوجود ساری فرقے اس پر متفق رہے کہ حضورﷺ آخری نبی ہیں اور حضورﷺ کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آئے گا۔ چنانچہ گزشتہ تیرہ صدیوں میں جس نے بھی نبی بننے کا دعویٰ کیا اس کو مرتد قرار دے دیا گیا اور اس کے خلاف علم جہاد بلند کر کے اس کی جھوٹی عظمت کو خاک میں ملا دیا گیا۔ مسیلمہ نے جب نبوت کا دعویٰ کیا تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے نتائج کی پرواہ کئے بغیر اس کے خلاف لشکر کشی کی اور تب چین کا سانس لیا جب اس جھوٹے نبی کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ بے شک اس جہاد میں ہزاروں کی تعداد میں مسلمان بھی شہید ہوئے۔ جن میں سینکڑوں حافظ قرآن اور جلیل المرتبت صحابہ تھے لیکن حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے اتنی قربانی دے کر بھی اس فتنے کو کچلنا ضروری سمجھا۔ آپ نور صدیقیت سے دیکھ رہے تھے کہ اگر ذرا تساہل برتا تو یہ امت سینکڑوں گروہوں میں نہیں سینکڑوں امتوں میں بٹ جائے گی۔ ہر امت کا اپنا نبی ہوگا اور وہ اسی کی شریعت اور سنت کو اپنائے گی۔ اسی طرح اس رحمت للعالمینﷺ کے زیر سایہ اسلام کے پلیٹ فارم پر انسانیت کے اتحاد کی ساری امیدیں ختم ہو جائیں گی اور انی رسول اللہ الیکم جمیعا کا سہانا منظر کبھی بھی نظر نہیں آئے گا۔ ناظرین کو یہ بات بھی مدنظر رکھنی چاہیے کہ مسیلمہ حضورﷺ کی نبوت کا منکر نہیں تھا بلکہ اپنے دعویٰ نبوت کے ساتھ ساتھ وہ حضورﷺ کی رسالت کو بھی تسلیم کرتا تھا۔ چنانچہ حضور خاتم الانبیاء والمرسل کی ظاہری زندگی کے آخری ایام میں اس نے جو عریضہ ارسال خدمت کیا تھا۔ اس کے الفاظ یہ ہیں۔

من مسیلمة رسول اللہ الی محمد رسول اللہ

یعنی یہ خط مسیلمہ کی طرف سے جو اللہ تعالیٰ کا رسول ہے محمد رسول اللہﷺ کی طرف لکھا جا رہا ہے۔

علامہ طبری نے اس امر کی بھی تصریح کی ہے کہ اس کے ہاں جو اذان مروج تھی اس میں اشہد ان محمد رسول اللہ بھی کہا جاتا تھا۔ بایں ہمہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے اس کو

مرتد اور واجب القتل یقین کر کے اس پر لشکر کشی کی اور اس کو واصل جہنم کر کے آرام کا سانس لیا۔

اسلام کی تیرہ صد سالہ تاریخ میں جب بھی کسی سر پھرے طالع آزما یا فتنہ پرداز نے اپنے آپ کو نبی کہنے کی جرات کی اس کو قتل کر دیا گیا۔

انگریز کی غلامی کے دور میں ملت اسلامیہ کو جس طرح دوسرے کئی مصائب سے دوچار ہونا پڑا اسی طرح ایک جھوٹی نبوت قائم کر کے امت میں انتشار پیدا کیا گیا۔ وہ مدعی نبوت بظاہر عیسائیت کا رد کرتا تھا اور پادریوں سے مناظرے کرتا تھا۔ اس کے باوجود انگریز کا پرلے درجے کا وفادار تھا۔ ملکہ انگلستان کی شان میں اس نے ایسے تعریفی پمفلٹ لکھے کہ کوئی باغیرت مسلمان ان کو پڑھنا بھی گوارا نہیں کرتا۔ انگریز کی اسلام دشمنی اظہر من الشمس ہے جنہوں نے ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت کا تختہ الٹا' سلطنت عثمانیہ کو پارہ پارہ کر دیا۔ ایسی ظالم اور اسلام دشمن حکومت کو اپنی وفاداری کا یقین دلانا' اسلام سے غداری نہیں تو اور کیا ہے۔ انگریز نے اس کی نبوت کو اپنی سنگینوں کے سایہ میں پروان چڑھنے کا موقع دیا اور اس کو قبول کرنے والوں کے لئے بے جا نوازشات کے دروازے کھول دیئے۔ ہر مرزائی کے لئے کسی استحقاق کے بغیر اچھی سے اچھی ملازمتیں مختص کر دی گئیں۔ سیاسی میدان میں بھی ان کے آگے بڑھانے کی کوشش کی گئی۔ بے شک وہ شخص عیسائیت کے خلاف لکھتا اور بولتا تھا لیکن انگریز نے اس کے ذریعہ امت مسلمہ میں ایک نئی امت پیدا کر کے اور ان کے متفقہ علیہ بنیادی عقیدہ میں تشکیک پیدا کر کے جو مقصد عظیم حاصل کیا' وہ بہت بڑا کارنامہ تھا اور اپنے دوررس نتائج کے اعتبار سے بڑا اہم تھا۔ اگر ایسا شخص عیسائیت کے خلاف کچھ بولتا ہے تو بولا کرے۔ اس سے انگریزی سیاست کو تو کوئی نقصان نہیں پہنچتا بلکہ عیسائیوں کی مخالفت ہی ایک ایسا ذریعہ ہے جس سے وہ انگریزی استعمار کی خدمت پوری دل جمعی سے انجام دے سکتا تھا۔ اگر وہ عیسائیوں کے خلاف کچھ نہ کرتا تو اس کی بات

کوئی آدمی سننے کے لئے تیار نہیں تھا۔

مرزا غلام احمد کی نبوت کا پیغام لے کر جب مرزائی مبلغ اسلامی ممالک میں گئے' وہاں ان کا جو حشر ہوا وہ کسی سے مخفی نہیں۔ کئی ممالک میں تو انہیں مرتد قرار دے کر توپ سے اڑا دیا گیا۔ عالم اسلام کے تمام علماء نے بالاتفاق اس مدعی نبوت کو مرتد اور خارج از اسلام قرار دیا۔

یہ عرض کرنے کا مقصد صرف اس حقیقت کو واضح کرنا ہے کہ ختم نبوت کا عقیدہ ان بنیادی عقیدوں میں سے ایک ہے جن پر گوناگوں اختلافات کے باوجود تیرہ صدیوں تک امت کا کلی اتفاق اور قطعی اجماع رہا ہے جس طرح ایک مسلمان کے لئے اللہ تعالیٰ کی توحید' قیامت' حضور ﷺ کی رسالت کسی دلیل کی محتاج نہیں' اسی طرح ختم نبوت کا مسئلہ بھی کبھی زیر بحث نہیں آیا اور اس کے ثبوت کے لئے کسی مسلمان کو کسی دلیل یا بحث و تمحیص کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی لیکن مرزا قادیانی نے وہ کام کر دکھایا جس کی جرات آج تک شیطان کو بھی نہیں ہوئی تھی۔ اس لئے ضروری ہے کہ اس مسئلہ پر شرح وبسط سے لکھا جائے تاکہ حضور ﷺ کا امتی کسی غلط فہمی کے باعث اپنے آقائے کریم سے کٹ کر نہ رہ جائے۔

رہے وہ لوگ جو شکم کو ایمان پر ترجیح دیتے ہیں اور مال و دولت کے حصول کے خاطر اپنا دین بدلنے میں بھی کوئی قباحت محسوس نہیں کرتے بلکہ اسے کمال ہوشمندی سمجھتے ہیں ایسے لوگوں کا علاج کسی کے پاس نہیں' ہمیں ان کے لئے ملول نہیں ہونا چاہئے۔ نہ ایسے ابن الوقتوں کی خدا کو ضرورت ہے اور نہ اس کے رسول کو:

ہمارا دعویٰ بلکہ ہمارا غیر متزلزل عقیدہ اور ایمان یہ ہے

"حضور سرور عالم سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ سب سے آخری نبی ہیں۔ حضور ﷺ کی تشریف آوری کے بعد نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا۔ حضور ﷺ کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آ سکتا۔ اور جو شخص اپنے نبی ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور جو بدبخت اس کے دعویٰ کو سچا تسلیم کرتا ہے وہ

دائرہ اسلام سے خارج اور مرتد ہے اور اسی سزا کا مستحق ہے جو اسلام نے مرتد کے لئے مقرر فرمائی ہے"

اسی عقیدہ کو ثابت کرنے کے لئے ہم ایسے دلائل پیش کریں گے جو قطعی اور یقینی ہیں اور جن میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔ سب سے پہلے ہم قرآن کریم سے استدلال کرتے ہیں۔ ارشاد خداوندی ہیں۔

ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین وکان اللہ بکل شئی علیما (الاحزاب،39-37)

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم ﷺ کا اسم گرامی لے کر فرمایا ہے کہ محمد (ﷺ) اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں اور خاتم النبیین ہیں یعنی انبیاء کے سلسلہ کو ختم کرنے والے ہیں۔ جب مولا کریم جو بکل شئی علیم ہے نے یہ فرمایا نے کہ محمد ﷺ نبیوں کو ختم کرنے والے آخری نبی ہیں تو حضور ﷺ کے بعد جس نے کسی کو نبی مانا اس نے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی تکذیب کی اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے کسی ارشاد کو جھٹلاتا ہے وہ مسلمان نہیں رہ سکتا۔

خاتم النبیین کا جو معنی یہاں کیا گیا ہے اہل لغت نے اس کا یہی معنی لکھا ہے۔ اس وقت میرے پاس علم لغت کی دوسری کتب کے علاوہ الصحاح للجوہری اور لسان العرب لابن منظور موجود ہیں جن کا شمار لغت عرب کی امہات الکتب میں ہوتا ہے۔ آؤ ان کے مطالعہ سے اس لفظ کی تحقیق کریں، مگر ایک چیز پیش نظر رہے کہ صحاح کے مولف علامہ حماد بن اسماعیل الجوہری کا سن ولادت 332ھ اور سال وفات 393ھ یا 398ھ ہے اور لسان العرب کے مولف علامہ ابوالفضل جمال الدین محمد بن مکرم بن منظور الافریقی المصری کا سن ولادت 630ھ اور سال وفات 711ھ ہے۔ یہ عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ فتنہ انکار ختم نبوت سے صدہا سال پہلے یہ کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان کے متعلق یہ نہیں کہا جا سکتا کہ انہوں نے مذہبی تعصب یا ذاتی عقیدہ کے باعث یہ لکھا ہے تا کہ ان کا قول حجت نہ رہے بلکہ ان کی

نگارشات اور ان کی تحقیقات اہل لغت کے اقوال کے عین مطابق ہیں۔ پہلے صحاح کی عبارت ملاحظہ فرمایئے۔

ختم الله له بخير خدا اس کا خاتمہ بالخیر کرے

وختمت القرآن اى بلغت آخره۔ یعنی میں نے قرآن آخر تک پڑھ لیا۔

اختتمت الشئ نقيض افتحته: افتتاح کی نقیض اختتام ہے۔

والخاتم والخاتم بكسر التا وفتحها واختام والخاتام كله بمعنى وخاتمة الشئ آخرى يعنى خاتم خاتم ختام خاتام سب کا ایک ہی معنی ہے اور کسی چیز کے آخر کو خاتمۃ الشئی کہتے ہیں۔

ومحمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خاتم الانبياء عليهم الصلوٰة والسلام حضور عليه الصلوٰة والسلام تمام نبیوں سے آخر میں تشریف لے آئے۔

علامہ ابن منظور لسان العرب میں لکھتے ہیں۔

ختام الوادى اقصاه و ختام القوم وخاتمهم وخاتمهم آخرهم و محمد صلى الله تعالىٰ عليه وآله وسلم خاتم الانبياء عليه وعليهم الصلوٰة والسلام

وادی کے آخری کونہ کو ختام الوادی کہتے ہیں۔ قوم کے آخری فرد کو ختام خاتم اور خاتم کہا جاتا ہے۔ اسی مناسبت سے حضور ﷺ کو خاتم الانبیاء فرمایا گیا ہے۔ لسان العرب میں التہذیب کے حوالے سے لکھا ہے۔

والخاتم والخاتمه من اسماء النبى صلى الله تعالىٰ عليه و آله وسلم وفى التنزيل العزيز ولكن رسول الله وخاتم النبيين اى آخرهم ومن اسمائه العاقب ايضا ومعناه آخر الانبياء

یعنی خاتم اور خاتم نبی کریم ﷺ کے اسماء گرامی میں سے ہیں۔قرآن مجید میں ہے کہ ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین ۔یعنی سب نبیوں سے پیچھے آنے والا۔اور حضور کے اسماء میں سے العاقب بھی ہے اس کا معنی آخرالانبیاء ہے۔

اہل لغت کی ان تصریحات سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ خاتم کی تاء پر زیر ہو یا زبر اس کا معنی آخری ہے۔اس معنی کی تائید کے لئے اہل لغت نے ایک دوسری آیت سے بھی استدلال کیا ہے۔

وختامه مسك اى آخره مسك

یعنی اہل جنت کو جو مشروب پلایا جائیگا اس کے آخر میں انہیں کستوری کی خوشبو آئے گی۔

ختم نبوت کے منکرین اس موقع پر یہ کہتے ہوئے سنائی دیتے ہیں کہ خاتم کا جو معنی آپ نے بیان کیا ہے۔(آخری) وہ یہاں مراد نہیں بلکہ اس کا دوسری معنی مراد ہے اور یہ معنی بھی ان لغت کی کتابوں میں موجود ہے جن کا حوالہ آپ نے دیا ہے۔جب ایک لفظ کے دو معنی ہوں تو وہاں ایک معنی مراد لینے پر بضد ہونا اور دوسرے معنی کو ترک کر دینا تحقیق حق کا کوئی اچھا مظاہرہ نہیں۔وہ کہتے ہیں کہ ہم بھی اس آیت کو مانتے ہیں اور اس کے معنی اپنی طرف سے نہیں گھڑتے تاکہ ہم پر تحریف قرآن کا الزام لگایا جائے بلکہ لغت عرب کے مطابق ہی اس کا مفہوم بیان کرتے ہیں۔کسی کو ہم پر اعتراض کا حق نہیں پہنچتا۔

صحاح اور لسان العرب دونوں میں خاتم کا معنی مہر یا مہر لگانے والا مذکور ہے۔آیت کا یہی معنی ابلغ اور شان رسالت کے شایان ہے کہ حضور ﷺ انبیاء پر مہر لگانے والے ہیں جس پر حضور ﷺ نے مہر لگادی وہ نبوت کے شرف سے مشرف ہوگا اور جس پر مہر نہ لگائی وہ نبوت کے منصب پر فائز نہیں ہوسکتا۔

اس کے متعلق گزارش ہے کہ بے شک لغت کی کتابوں میں خاتم کا معنی مہر یا مہر لگانے

والا مرقوم ہے لیکن انہوں نے تصریح کر دی ہے کہ مذکورہ آیت میں خاتم النبیین کا معنی آخر النبیین ہے۔ یہاں فقط یہی معنی مراد ہے اور یہ لوگ اگر مصر ہوں کہ یہاں خاتم کا دوسرا معنی مراد ہے تو اس سے بھی انہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچتا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے مطالعہ کرتے ہوئے غور وتدبر سے کام نہیں لیا۔ انہوں نے مہر سے مراد ڈاکخانہ کی مہر یا کسی افسر کی مہر سمجھی ہے کہ لفافہ یا کارڈ پر مہر ٹھپہ لگایا اور اسے آگے بھیج دیا یا کسی کی درخواست پر اپنی مہر ثبت کی اور اسے مناسب کارروائی کے لئے متعلقہ دفتر روانہ کر دیا۔ حالانکہ مہر کا جو مفہوم اہل لغت نے لیا ہے وہ قطعا اس کے خلاف ہے۔ کاش انہیں بے جا تعصب اس امر کی اجازت دیتا کہ وہ ائمہ لغت کی عبارتوں میں غور کرتے۔

آیئے! ہم آپ کی خدمت میں یہ عبارتیں پیش کرتے ہیں تاکہ آپ کسی صحیح فیصلہ پر پہنچ سکیں۔ لسان العرب میں ہے:

ختمه يختمه ختما وختاما طبعه فهوم مختوم ومختم شدد للمبالغة

یعنی ختم کا معنی مہر لگانا ہے اور جس پر مہر لگا دی جائے اس کو مختوم اور مبالغہ کے طور پر مختم کہتے ہیں۔

اس کے بعد لکھتے ہیں:

ومعنى ختم وطبع فى اللغة واحد وهوا التغطية على الشى والاستيثاق عن ان لايدخله شئ كما قال جل وعلا ام على القلوب اقفالها

اس عبارت کا ترجمہ ذرا غور سے سنئے یعنی ختم اور طبع کا لغت میں ایک ہی معنی ہے اور وہ یہ کہ کسی چیز کو اس طرح ڈھانپ دینا اور مضبوطی سے بند کر دینا کہ اس میں باہر سے کسی چیز کا داخلے کا امکان ہی نہ ہو۔

پہلے زمانہ میں خلفاء امراء سلاطین وغیرہ اپنے خطوط کو لکھنے کے بعد کسی کاغذ کے لفافہ اور کپڑے کی تھیلی میں رکھ کر سربمہر کر دیتے کہ جو کچھ لکھا جا چکا اب اس کو سربمہر کر دیا گیا ہے تا کہ اس مہر کی موجودگی میں اس میں کوئی ردوبدل نہ کر دے۔ اگر کوئی ردوبدل کرے گا تو وہ پہلے مہر توڑے گا اور جب مہر توڑے گا تو پکڑا جائے گا۔ اس پر احکام سلطانی میں تغیر و تبدل کرنے اور امانت میں خیانت کرنے کے سنگین الزامات میں مقدمہ چلایا جائے گا۔ اس صورت میں خاتم النبیین کا مطلب یہ ہوگا کہ پہلے انبیاء کی آمد کا سلسلہ جاری تھا۔ حضور ﷺ کی تشریف آوری کے بعد یہ سلسلہ بند ہو گیا اور اس پر مہر لگا دی گئی تا کہ کوئی کذاب' دجال اس میں داخل نہ ہو سکے۔ اگر کوئی شخص زبردستی اس زمرہ میں گھسنا چاہے گا تو پہلے مہر توڑے گا اور جب مہر توڑے گا تو پکڑا جائے گا اور اسے جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ میں جھونک دیا جائے گا۔

قرآن کریم کے الفاظ کا مفہوم سمجھنے میں عربی زبان کی لغات سے بھی بڑی مدد ملتی ہے۔ لیکن اس سلسلے میں بھی قول فیصل اور حرف آخر حضور ﷺ کی بیان کردہ تشریح ہوتی ہے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ کی تعلیم سے ارشاد فرماتے ہیں۔

آیئے اب احادیث نبویہ کا بغور مطالعہ کریں اور یہ معلوم کرنے کی کوشش کریں کہ حضور خاتم الانبیاء ﷺ نے خاتم النبیین کے کلمات کا کیا مفہوم بیان فرمایا ہے۔

خاتم النبیین کے معنی کی وضاحت کے لئے بے شمار صحیح احادیث کتب حدیث میں موجود ہیں۔ سب کے ذکر کی یہاں گنجائش نہیں فقط چند یہاں احادیث تحریر کی جاتی ہیں جن کے دلوں میں ہدایت کی سچی طلب ہوگی' مولا کریم اپنے حبیب رؤف رحیم علیہ الصلوۃ والتسلیم کے طفیل ہدایت کی راہیں ان کے لئے کھول دے گا اور اس کی توفیق ان کی دست گیری کرے گی۔

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میری اور مجھ سے پہلے گزرے ہوئے انبیاء کی مثال ایسی

ہے جیسے ایک شخص نے ایک عمارت بنائی اور خوب حسین وجمیل بنائی مگر ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ چھوٹی ہوئی ہے۔ لوگ اس عمارت کے اردگرد پھرتے اور اس کی خوبصورتی پر حیران ہوتے مگر ساتھ ہی یہ بھی کہتے کہ اس جگہ اینٹ کیوں نہ رکھی گئی' تو وہ اینٹ میں ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں (بخاری کتاب المناقب باب خاتم النبیین)

اگر آپ اس ایک حدیث پر غور کریں گے تو بلاغت نبوی کے اعجاز کا آپ کو اعتراف کرنا پڑے گا۔ جب ایک عمارت مکمل ہو جاتی ہے اور اس میں کوئی خالی جگہ نہیں رہتی تو کوئی ماہر سے ماہر انجینئر بھی اس میں ایک اینٹ کا اضافہ نہیں کر سکتا۔ ہاں اس کی ایک ہی صورت ہے کہ پہلے اینٹوں میں سے کوئی اینٹ توڑ کر وہاں سے نکال لی جائے اور پھر اس خالی کرائی ہوئی جگہ پر کوئی نئی اینٹ لگا دی جائے۔ حضور کریم ﷺ کی تشریف آوری سے قصر نبوت مکمل ہو گیا۔ اب اس میں کسی اور نبی کی گنجائش نہیں۔ بجز اس کے کہ سابقہ انبیاء میں سے کسی نبی کو وہاں سے نکالا جائے اور اور مرزا غلام احمد قادیانی کے لئے جگہ بنائی جائے۔ کیا کوئی عقل سلیم اس کو گوارا کرے گا۔

قصر نبوت کی اس توڑ پھوڑ کو کیا اللہ تعالیٰ کی غیرت برداشت کرے گی؟ ہرگز نہیں یہ ایک حدیث ہی اتنی جامع اور اتنی معنی خیز اور اتنی بصیرت افروز ہے کہ ختم نبوت کے لئے مزید کسی دلیل کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔ اس حدیث کو امام بخاری کے علاوہ امام مسلم نے کتاب الفضائل باب خاتم النبیین میں اور امام ترمذی نے کتاب المناقب اور ابو داؤد طیاسی نے اپنی مسند میں مختلف اسناد سے نقل کیا ہے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے چھ باتوں میں انبیاء پر فضیلت دی گئی ہے (۱) مجھے جوامع الکلم سے نوازا گیا یعنی الفاظ مختصر اور معانی کا بحر بے پیدا کنار (۲) رعب کے ذریعے میری مدد فرمائی گئی (۳) میرے لئے غنیمت کا مال حلال کیا گیا (۴) میرے لئے ساری زمین کو مسجد بنا دیا گیا اور اس سے تیمم کی اجازت دی گئی (۵) مجھے تمام مخلوق کے

Marfat.com

لئے رسول بنایا گیا اور (۶) میری ذات سے انبیاء کا سلسلہ ختم کر دیا گیا (مسلم' ترمذی' ابن ماجہ)

حضرت انس ابن مالک سے مروی ہے:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ رسالت اور نبوت کا سلسلہ ختم ہو گیا اور میرے بعد نہ کوئی رسول آئے گا اور نہ کوئی نبی۔

سردر عالم ﷺ کی اس تصریح کے بعد جس کی کوئی تاویل ممکن نہیں کسی کا نبوت کا دعویٰ کرنا اور کسی کا اس باطل دعوے کو تسلیم کرنا سراسر کفر اور الحاد ہے۔

حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی نہیں بھیجا جس نے اپنی امت کو دجال کے خروج سے نہ ڈرایا ہو۔ اب میں آخری نبی ہوں اور اور تم آخری امت ہو وہ ضرور تمہارے اندر ہی نکلے گا (ابن ماجہ)

اس حدیث سے جس طرح حضور ﷺ کا آخر الانبیاء ہونا ثابت ہو رہا ہے اسی طرح حضور ﷺ کی امت کا آخر الامم ہونا بھی ثابت ہو رہا ہے۔

امام ترمذی نے کتاب المناقب میں یہ حدیث روایت کی ہے۔

اگر میرے بعد کسی کا نبی ہونا ممکن ہوتا تو عمر بن الخطاب نبی ہوتے۔

امام بخاری اور امام مسلم نے فضائل صحابہ کے عنوان کے نیچے یہ ارشاد نبوی نقل کیا:

رسول اللہ ﷺ نے غزوہ تبوک پر روانہ ہوتے وقت حضرت کرم علی اللہ وجہ کو مدینہ طیبہ میں ٹھہرنے کا حکم دیا۔ آپ کچھ پریشان ہوئے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ میرے ساتھ تمہاری وہی نسبت ہے جو موسیٰ کے ساتھ ہارون کی تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

آخر میں ایک اور حدیث ساعت فرمایئے اور اسی کے ذکر پر احادیث کی نقل کا سلسلہ ختم ہوتا ہے

حضرت ثوبان سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ...... میری امت میں تیس کذاب ہوں گے جن میں سے ہر ایک یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ نبی ہے حالانکہ میں خاتم النبین ہوں' میرے بعد کوئی نبی نہیں (ابوداؤد۔ کتاب الفتن)

علامہ ابن کثیر متوفی 774ھ متعدد احادیث نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اور رسول کریم ﷺ نے سنت متواترہ میں بتایا ہے کہ حضور ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں تاکہ ساری دنیا جان لے کہ جو شخص بھی حضور ﷺ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرے گا وہ کذاب ہے' جھوٹا ہے' دجال ہے' گمراہ ہے اور دوسروں کو گمراہ کرنے والا ہے۔ علامہ سید محمود آلوسی متوفی 127ھ روح المعانی میں لکھتے ہیں۔

یعنی حضور ﷺ کا خاتم النبیین ہونا ایسا عقیدہ ہے جس کی تصریح قرآن و سنت نے کی ہے۔ جس پر امت کا اجماع ہے۔ پس جو شخص نبوت کا دعویٰ کرے گا وہ کافر ہو جائے گا اور اگر اس نے توبہ نہ کی اور اس دعویٰ پر مصر رہا تو اس کو قتل کیا جائے گا۔

علامہ ابن حیان اندلسی متوفی 745ھ اپنی تفسیر بحر محیط میں رقم طراز ہیں۔

یعنی جس شخص کا یہ نظریہ ہو کہ نبوت کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا اور اسے اب بھی حاصل کیا جاسکتا ہے' یا جس کا یہ عقیدہ ہو کہ ولی نبی سے افضل ہوتا ہے وہ زندیق ہے اور واجب القتل ہے۔ آج تک جن لوگوں نے نبوت کا دعویٰ کیا' مسلمانوں نے ان کو قتل کر دیا۔ ہمارے زمانے میں بھی فقراء میں سے ایک شخص نے شہر مالقہ میں نبوت کا دعویٰ کیا تو اندلس کے بادشاہ نے غرناطہ میں اس کا سر قلم کر دیا اور اس کی لاش کو سولی چڑھا دیا' وہ اسی حالت میں لٹکا رہا' یہاں تک کہ اس کا گوشت گل کر گر پڑا۔

ان مذکورہ بالا اقتباسات سے امت کا ختم نبوت کے عقیدہ پر اجماع ثابت ہو گیا اور ہر زمانے کے علماء نے مدعی نبوت کو گردن زدنی قرار دیا۔ آخر میں ہم ختم نبوت پر عقلی دلیل پیش کرتے ہیں۔

ختم نبوت کے عقلی دلائل
قدرت کے کام حکمت سے خالی نہیں ہوتے

جب حضور نبی کریم ﷺ کی نبوت جملہ اقوام عالم کے لئے اور قیامت تک کے لئے ہے' جب حضور ﷺ پر نازل شدہ کتاب بغیر کسی ادنیٰ تحریف کے جوں کی توں ہمارے پاس موجود ہے۔ جب سرور عالم ﷺ کی سنت مبارکہ اپنی ساری تفصیلات کے ساتھ اس کتاب کی تشریح وتوضیح کر رہی ہے' جبکہ شریعت اسلامیہ روز اول کی طرح آج بھی انسانی زندگی کے تمام شعبوں میں ہماری رہنمائی کر رہی ہے۔ جب قرآن کریم کی یہ آیت مبارکہ آج بھی اعلان کر رہی ہے

الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا (المائدہ آیت......)

تو پھر کسی اور نبی کی بعثت کا کیا فائدہ ہے اور اس سے کس مقصد کی تکمیل مطلوب ہے۔ آفتاب محمدی طلوع ہو چکا۔ عالم کا گوشہ گوشہ اس کی کرنوں سے روشن ہو رہا ہے۔ تو پھر دن کے اجالے میں کسی چراغ کو روشن کرنا قطعاً قرین دانشمندی نہیں ہے۔

مزید غور فرمایئے۔ نبی کی آمد کوئی معمولی واقعہ نہیں ہوتا کہ نبی آیا۔ جس نے چاہا مان لیا اور جس نے چاہا انکار کر دیا اور بات ختم ہو گئی بلکہ نبی کی بعثت کے بعد کفر اور اسلام کی کسوٹی نبی کی ذات بن کر رہ جاتی ہے۔ کوئی کتنا نیک' پاکباز' پارسا اور عالم باعمل ہو' اگر وہ کسی سچے نبی کی نبوت کو تسلیم نہیں کرے گا تو اس کا نام مسلمانوں کی فہرست سے خارج کر دیا جائے گا اور کفار و منکرین کے زمرہ میں اس کا نام درج کر دیا جائے گا۔ اور یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں۔

اب ذرا عملی دنیا میں مرزا صاحب کی آمد کا جائزہ لیجئے۔

مسلمانوں کی تعداد کم سے کم اعداد و شمار کے مطابق سوا ارب سے زائد ہے۔ یہ سب اللہ

تعالیٰ کی توحید پر ایمان رکھتے ہیں۔ قرآن کریم کو خدا کا کلام یقین رکھتے ہیں۔ تمام انبیاء جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبعوث ہوئے۔ ان کی نبوت اور صداقت کا اقرار کرتے ہیں۔ قیامت کی آمد کے قائل ہیں۔ عملی طور پر غافل و کاہل سہی' لیکن احکام خداوندی اور ارشادات نبوی کے برحق ہونے پر یقین رکھتے ہیں۔ ضروریات دین میں سے ہر چیز پر ان کا ایمان ہے اور امت میں لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں کی تعداد میں ایسے بندگان خدا بھی ہر زمانہ میں موجود رہے ہیں جو شریعت پر پوری طرح کاربند' عبادت کے سختی سے پابند رہے ہیں' ان کے اخلاص وللّٰہیت پر فرشتے رشک کرتے ہیں اور ان کے کارہائے نمایاں پر خود ان کے خالق کو ناز ہے۔

اسی پاک امت میں آ کر مرزا صاحب نے نبوت کا دعویٰ کر دیا۔ ان کی آمد سے پہلے تو یہ سارے کے سارے مسلمان تھے۔ چلو بعض میں عملی کوتاہیاں ہم تسلیم کرتے ہیں لیکن کم از کم نعمت ایمان سے تو وہ بہرہ ور تھے۔ اب حقیقت حال یہ ہے کہ پچاس سالہ کوششوں کے باوجود چند لاکھ کی نفری نے مرزا جی کو نبی مانا اور باقی سوا ارب نے ان کو دجال اور کذاب قرار دیا۔ نبی کو ماننا اسلام ہے اور انکار کفر ہے۔ مرزا صاحب نے اپنا سبز قدم جب دنیائے اسلام میں رکھا تو یہ بہار آئی کہ سارے کے سارے مرتد قرار پائے اور اسلام سے محروم ہو کر کفر میں مبتلا ہو گئے۔ صرف گنتی کے چند آدمی مسلمان باقی رہے۔ ان میں بھی غالب اکثریت بلیک مارکیٹ کرنے والوں' رشوت لینے والوں' اقربا نوازی اور مرزائیت پروری کی قربان گاہ پر لاکھوں حق داروں کے حقوق بھینٹ چڑھانے والوں کی ہے۔ ان میں اکثر بے نمازی' داڑھی منڈے اور آوارہ مزاج لوگ ہیں۔ ہر قسم کی رذیل حرکتیں کرنے والوں کا ایک لشکر جرار ٹھاٹھیں مارتا ہوا آپ کو نظر آئے گا۔ آپ خود فیصلہ کریں کہ دنیائے اسلام کے لئے عملی طور پر مرزا صاحب کی آمد برکت کا باعث بنی یا نحوست کا۔

اللہ تعالیٰ کی حکمت اس کو پسند نہیں کرتی کہ مرزا صاحب کو سچا نبی بنا کر بھیجا جائے تاکہ

Marfat.com

اسلام کے سارے ہرے بھرے پیڑ اپنے خنک سائیوں، میٹھے پھلوں، رنگین اور مہکتے ہوئے پھولوں سمیت اکھاڑ کر پھینک دیئے جائیں اور چند خاردار جھاڑیوں کے جھرمٹ پر "گلشن اسلام" کا بورڈ آویزاں کر دیا جائے۔ متقیوں، پرہیزگاروں، عالموں اور عاشقوں کی امت پر کفر کا فتویٰ لگا دیا جائے اور چند زاغ صفت طالع آزما افراد کو مسلمان ہونے کا سرٹیفکیٹ دے دیا جائے۔

مرزا صاحب کے امتی بڑی ڈینگیں مارتے ہیں کہ ہم دنیا کے گوشے گوشے میں اسلام پہنچا رہے ہیں ہماری کوششوں سے یورپ میں اتنی مسجدیں تعمیر ہوئیں اتنے لوگوں کو ہم نے کلمہ پڑھایا۔

گزارش ہے کہ تم تو مرزا صاحب کو اس لئے نبی کہتے ہو کہ انہوں نے چند کافروں کو کلمہ پڑھایا۔ ہم اولیاء کرام کے زمرہ سے آپ کو ایسے ایسے مبلغ دکھاتے ہیں جنہوں نے ہزاروں لاکھوں کافر کو کفر کی ظلمتوں سے نکال کر ہدایت کی شاہراہ پر گامزن کر دیا۔ خواجہ خواجگان سلطان الہند معین الحق والدین اجمیری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ نے لاکھوں مشرکوں کے زنار توڑے اور ان کی پیشانیوں کو بارگاہ رب العزت میں شرف سجود بخشا۔ داتا گنج بخش ہجویری نے اس کفرستان میں راوی کے کنارے پر توحید کا جو پرچم گاڑا تھا وہ آج بھی لہرا رہا ہے اور لاکھوں خفتہ بختوں کو خواب غفلت سے جگا رہا ہے۔ مشائخ چشت اور دیگر اولیاء کرام نے اسلام کی جو تبلیغ کی اور جو فرشتہ صفت مرید بنائے ان کے مقابلہ میں ساری امت مرزائیہ کی تبلیغی کوششوں کی نسبت سمندر اور قطرہ کو بھی نہیں۔ ان کارہائے نمایاں کے باوجود ان حضرات نے نہ نبوت کا دعویٰ کیا، نہ مہدیت کا، نہ مسیحیت کا، نہ ظلی کا، نہ بروزی کا بلکہ اپنے آپ کو غلامان مصطفیٰ ہی کہا اور اسی کو اپنے لئے باعث صد افتخار اور موجب سعادت دارین سمجھا۔

مرزا قادیانی کو اپنی نبوت تک پہنچنے کے لئے بڑا دور کا چکر کاٹنا پڑا۔ آخر کار آپ کی کمند

فکر یہاں آ کر رکی کہ یہ تو احادیث سے ثابت ہے کہ عیسیٰ بن مریم آئیں گے۔ میں کیوں نہ اپنے آپ کو مسیح موعود کہنا شروع کر دوں تا کہ مجھے لوگ مسیح مان لیں لیکن اس میں مشکل یہ پیش آئی کہ حضرت مسیح تو زندہ ہیں' ان کی زندگی میں میں مسیح کیسے بن سکتا ہوں۔ خیال آیا کہ پہلے مسیح کو مردہ ثابت کروں' جب وہ مردہ قرار پاگئے تو پھر میرے لئے میدان صاف ہو جائے گا۔ چنانچہ انہوں نے اپنا سارا زور وفات مسیح علیہ السلام ثابت کرنے پر لگا دیا۔

بے شک رحمت عالم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ قیامت سے قبل حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نزول فرمائیں گے۔ جن احادیث میں نزول مسیح کے متعلق تشریح کی گئی ہے وہ اس کثرت سے مروی ہے کہ معنوی طور پر وہ درجہ تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں۔ آیئے آپ بھی ان احادیث کی جھلک ملاحظہ کیجئے۔ آپ کو پتہ چل جائے گا کہ نبی برحق نے کوئی مبہم پیش گوئی نہیں کی۔ کسی ایسے مسیح کی آمد کی اطلاع نہیں دی جس کی پہچان نہ ہو سکے اور جس شاطر کا جو جی چاہے وہ آنے والا مسیح بن بیٹھے۔ بلکہ نبی کریم ﷺ نے اپنی امت کو اس کا نام بتایا' اس کی والدہ کا نام بتایا' اس کے لقب سے خبردار کیا' اس وقت اور مقام کی نشاندہی کی جس وقت اور جس مقام پر وہ نزول فرمائے گا' جو کارہائے نمایاں وہ انجام دے گا' اس کی تفصیل بیان فرما دی اور اس کے مدفن کا بھی مقام عطا فرما دیا اور اس کا حلیہ بھی بیان کر دیا۔

اب اگر وہ احادیث صحیح ہیں جن میں حضرت عیسیٰ کی آمد کی خبر دی گئی ہے تو ان تفصیلات کو بھی من وعن صحیح اور سچ تسلیم کرنا پڑے جو ان کے متعلق بتائی گئی ہیں اور اگر کوئی شخص ان تفصیلات کو ماننے سے انکار کر دے گا تو پھر اسے ان تمام احادیث کو بھی ساقط الاعتبار قرار دینا پڑے گا جن میں ان کی آمد کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ تحقیق اور انصاف کا یہ کیسا معیار ہے کہ ایک روایت کی مفید مطلب آدھی بات تو مان لی اور اسی روایت کی دیگر تفصیلات کو نظر انداز کر دیا۔

ان کثیر التعداد احادیث میں سے چند احادیث جن میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے

Marfat.com

نزول کا ذکر ہے۔

پہلی حدیث جسے امام بخاری' امام مسلم' امام ترمذی اور امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ نے اپنی کتب حدیث میں روایت کیا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس خدا کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے' ضرور اتریں گے تمہارے درمیان ابن مریم عادل حاکم کی حیثیت سے' پھر وہ صلیب کو توڑ دالیں گے اور خنزیر کو مار ڈالیں گے اور جنگ کا خاتمہ کر دیں گے اور مال کی اتنی فراوانی ہوگی کہ اسے کوئی لینے والا نہ ہوگا (اور دینداری کا یہ عالم ہوگا) کہ اپنے پروردگار کی جناب میں ایک سجدہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہوگا۔

امام بخاری نے کتاب المظالم باب کسر الصلیب میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

اس وقت تک قیامت برپا نہ ہوگی جب تک عیسیٰ بن مریم کا نزول نہ ہو۔

مشکوٰۃ المصابیح میں حضرت ابی ہریرہ سے منقول ہے۔

حضور علیہ السلام نے خروج دجال کے ذکر کے بعد فرمایا۔ اس اثناء میں کہ مسلمان اس سے لڑنے کی تیاری کر رہے ہوں گے صفیں درست کر رہے ہوں گے اور نماز کے لئے اقامت کہی جا چکی ہوگی کہ حضرت عیسیٰ بن مریم نازل ہوں گے اور مسلمانوں کی امامت کرائیں گے اور دشمن خدا دجال ان کو دیکھے گا تو پگھلنے لگے گا جیسے نمک پانی میں پگھلتا ہے اگر آپ اس کو اپنی حالت پر ہی چھوڑ دیں تو وہ از خود پگھل کر مر جائے' مگر اللہ تعالیٰ اس کو ان کے ہاتھ سے قتل کرائے گا اور آپ اپنے نیزے میں اس کا خون لگا ہوا لوگوں کو دکھائیں گے۔

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میرے اور ان (یعنی عیسیٰ علیہ السلام) کے درمیان کوئی نبی نہیں ہے اور یہ کہ وہ اترنے والے ہیں پس جب تم ان کو دیکھو تو پہچان لینا۔ ان کا قد درمیانہ' ان کی رنگت سرخ و سپید' دو زرد رنگ کے کپڑے پہنے

ہوں گے۔ ان کے سر کے بال ایسے ہوں گے گویا اب ان سے پانی ٹپکنے والا ہے حالانکہ وہ بھیگے ہوئے نہ ہوں گے۔ وہ اسلام پر لوگوں سے جنگ کریں گے۔ صلیب کو ٹکڑے ٹکڑے کردیں گے۔ خنازیر کو مارڈالیں گے۔ جزیہ ختم کردیں گے اور اللہ تعالیٰ ان کے زمانہ میں اسلام کے بغیر تمام ملتوں کو ختم کردے گا اور وہ (مسیح) دجال کو قتل کردیں گے اور وہ زمین میں چالیس سال قیام فرمائیں گے پھر وہ وفات پا جائیں گے اور مسلمان ان کی نماز جنازہ پڑھیں گے۔

(ابوداؤد کتاب الملاحم باب خروج الدجال مسند احمد مرویات ابی ہریرہ)

حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو یہ فرماتے سنا: عیسیٰ بن مریم علیہ السلام اتریں گے۔ مسلمانوں کا امیر ان سے عرض کرے گا کہ حضور تشریف لایئے اور امامت فرمایئے۔ تو آپ فرمائیں گے نہیں تم میں سے بعض دوسروں کے امیر ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس امت کی تکریم کے طور پر ہے۔

(مسلم بیان نزول عیسیٰ علیہ السلام بن مریم مسند احمد مرویات جابر بن عبداللہ)

حضرت نواس بن سمعان نے دجال کا قصہ بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ اس اثناء میں اللہ تعالیٰ مسیح بن مریم کو بھیج دے گا اور وہ دمشق کے مشرقی حصہ میں سفید مینار کے پاس زرد رنگ کے دو کپڑے پہنے ہوئے دو فرشتوں کے پروں پر اپنے ہاتھ رکھے ہوئے اتریں گے۔ جب وہ سر جھکائیں گے تو یوں محسوس ہوگا کہ قطرے ٹپک رہے ہیں اور جب سر اٹھائیں گے تو موتیوں کی طرح قطرے ڈھلکتے نظر آئیں گے۔ ان کے سانس کی ہوا جس کافر تک پہنچے گی اور وہ ان کی حد نظر تک جائے گی وہ زندہ نہ بچے گا۔ پھر ابن مریم دجال کا پیچھا کریں گے اور لد کے دروازے پر اسے جا کر پکڑیں گے اور قتل کردیں گے۔

(مسلم ذکر الدجال ابوداؤد کتاب الملاحم ترمذی ابواب الفتن)

حضور نبی کریم ﷺ کے غلام ثوبان سے مروی ہے کہ حضور نے فرمایا میری امت کے دو

Marfat.com

لشکر ایسے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے دوزخ کی آگ سے بچالیا۔ ایک وہ لشکر جو ہندوستان پر حملہ کرے گا دوسرا وہ جو عیسٰی بن مریم کے ساتھ ہوگا۔

(نسائی' کتاب الجہاد' مسند احمد' مرویات ثوبان)

آپ نے ان احادیث کا مطالعہ فرمالیا۔ ان میں مسیح موعود کا حلیہ' نام' والدہ کا نام' مقام اور وقت نزول' آپ کے کارہائے نمایاں سب کے سب مذکور ہیں۔ خدا کی شان ملاحظہ ہو کہ یہ شخص جو مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کرتا ہے' اس کا نام بھی عیسٰی نہیں' حالانکہ ہزاروں مسلمان اس نام کے موجود ہیں۔ اس کی والدہ کا نام بھی مریم نہیں' حالانکہ ہزاروں مسلمان عورتیں اس نام کی اب بھی ہیں اور خود قادیان میں اس نام کی کئی لڑکیاں ہوں گی۔ صلیب کو توڑنا' خنزیر کو قتل کر کے عیسائیت کو نیست و نابود کرنا تو کجا میاں جی ساری عمر عیسائی حکومت کے جھوٹی چک بنے رہے اور اس کی خیرات پر پلتے رہے اور اس کی اسلام کش سرگرمیوں پر تعریف و توصیف کے قصیدے لکھتے رہے۔ ساری دنیا کو دارالسلام بنا کر جزیہ ختم کرنا تو بڑی دور کی بات' خدائے مصطفےٰ نے یہ بھی پسند نہ فرمایا کہ قادیان کا خطہ پاکستان کا حصہ بنے۔ اب بھی جو لوگ انہیں مسیح موعود مانتے ہیں۔ ان کی نادانی قابل صد افسوس ہے۔

تبصرہ قادری: اس جامع ترین تبصرے کے بعد ہمارے قارئین کرام کو یہ جاننا مشکل نہیں رہا کہ مرزا پہلے مدعی مجددیت و مہدیت ہوا پھر مدعی مسیحیت و عیسویت ہوا اور بالآخر بروزی و ظلی نبوت کا لبادہ اوڑھا اور طرح طرح سے ختم نبوت کے متفق علیہ عقیدے پر کاری ضربیں لگا تا رہا لیکن یہ جان کر آپ حیران و سرگرداں رہ جائیں گے کہ دنیا بھر میں چلت پھرت کے ذریعے تبلیغ دین کا ڈھنڈورا پیٹنے والی تبلیغی جماعت کے نام نہاد مبلغین کے پیشوا اور دیوبند کے بڑے بڑے گرو گھنٹالوں نے ہمیشہ اس مرزا ملعون کی تائید کی بلکہ مولوی قاسم نانوتوی کی تحذیر الناس میں خاتم النبیین کی نئی گھڑی ہوئی تعریف مرزا کے اعلان نبوت

کا ذریعہ بنی اور پھر اس کے بعد دیو بند کے قطب عالم مولوی رشید احمد گنگوہی اور دیو بندیوں کے بلکہ وہابیوں کے خصوصی حکیم صاحب اشرف علی تھانوی جنہوں نے قوم کی عورتوں بنات حوا کو بہشتی زیور کے نام سے بے حیائی کا عظیم تحفہ دیا ہے۔ یہ دونوں ساری زندگی قادیانی دجال کو مرد صالح اور مسلمان شمار کرتے رہے اور اس کے کفریات کی تاویلات اور اپنے کفریات کی تحریرات میں عمریں برباد کر کے سوئے جہنم سدھارے اور تبلیغی گشتوں کا وبال چھوڑ گئے۔

قارئین کرام: تبلیغی جماعت کے ہمنوا قادیانیوں کے بارے میں آپ نے جسٹس کرم شاہ ازہری کا تبصرہ ملاحظہ کیا اب آپ جناب محمد حیات خان کا قادیانیت پر شاندارہ تبصرہ ملاحظہ کیجئے۔

مذہب اسلام کے دو بنیادی اصول اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر اعتقاد رکھنا ہیں' اسلام نے آ کر بنی آدم کو بتایا کہ اصل مستحق عبادت کون و مکان کا پروردگار اور مالک و حاکم صرف اللہ تعالیٰ کی ذات پاک ہے' آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں اور جو ضابطہ حیات آپ نے دنیا کے سامنے کتاب و وحی الٰہی کے ذریعہ پیش کیا وہی صحیح اور درست ہے اور انسانوں پر لازم ہے کہ اپنی فلاح کے لئے اس پر عمل کریں' تاریخ کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ مسلمانوں کے عروج و ظاہری و باطنی کا راز ان دو بنیادی اصولوں پر عمل کرنے ہی میں مضمر تھا' مخالفین اسلام اس بات کو اچھی طرح سمجھتے تھے چنانچہ مسلمانوں کو نیچا دکھانے کیلئے انہوں نے جو قدم اٹھائے ان میں سب سے پہلا انہی دو اصولوں کو ہدف بنانا تھا پہلے اصول کی مخالفت میں تو انہیں چنداں کامیابی حاصل نہ ہو سکی کیونکہ اس اصول کے متعلق تبلیغ اسلام کا اثر ہمہ گیر ہو چکا تھا اور انسانی ذہن اس حد تک نشوونما پا چکا تھا کہ معبودان باطلہ اور معبود حقیقی میں تمیز کر سکے اسے معبود حقیقی پر ایمان رکھنے سے ہٹا کر معبودان باطلہ کی طرف لانا کوئی آسان کام نہ تھا' اندریں حالات

مخالفین نے اپنی تمام تر کوششیں اس بات پر مرکوز کر دیں کہ اسلامی ایمان کے دوسرے ستون یعنی رسالت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو متزلزل کیا جائے اور جو والہانہ عقیدت اور محبت مسلمانوں کو آپ ﷺ کی ذات مبارک سے تھی اس میں جس طرح بھی ہو سکے کمی کی جائے' ان کا یہ خیال بھی کہ اس محاذ پر کامیابی سے انہیں اوّل الذکر اصول پر خود بخود کامرانی حاصل ہو جائیگی' کیونکہ دنیا کو اس اصول سے متعارف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی نے ہی کروایا تھا اور آپ ﷺ کی رسالت کے اصول سے متزلزل ہونا اور توحید کے اصول سے ہٹ جانا گویا لازم و ملزوم تھے۔ اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے فوراً بعد کاذب نبیوں کی ایک کثیر جماعت نے جزیرہ عرب میں سر اٹھایا مگر خلیفہ اوّل کے بروقت اور سخت اقدامات کی وجہ سے ان سب کی سرکوبی ہوئی اور کوئی بھی اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکا' اس کے بعد اگرچہ انفرادی طور پر مدعیان نبوت پیدا ہوتے رہے مگر زمانہ پر کوئی معتدبہ اثر ڈالے بغیر دنیا سے اٹھ جاتے رہے منظم طریقہ سے اس اصول پر محاذ آرائی تقریباً مفقود رہی تاکہ تیرہویں صدی ہجری میں مسلمانوں کا ظاہری و باطنی تنزل تیزی سے شروع ہوا اور اس کے برعکس دوسرے عقائد والی قومیں مادی لحاظ سے ابھرنا شروع ہوئیں اور رفتہ رفتہ تمام دنیا پر چھا گئیں اپنے اس ارتقا کی وجہ سے انہیں اسلام کے اصولوں پر کاری ضرب لگانے کے مواقع میسر آگئے کیونکہ مادی انحطاط کے ساتھ ساتھ مسلمان ذہنی انحطاط کا بھی شکار ہو چکے تھے اور مخالفین کو اپنے عزائم میں کامیاب ہونے کا اس سے بہتر موقع نہیں مل سکتا تھا۔

مسلمانوں کے اس دور ابتلا میں سرزمین ہند میں حکومت برطانیہ کے زیر اثر اس فتنہ نے سر اٹھایا جو بعد میں قادیانیت اور مرزائیت کے نام سے مشہور ہوا' یہاں پر ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس فتنہ کے متعلق مختصر سا تبصرہ ہدیہ ناظرین کیا جائے تاکہ اس بات صحیح اندازہ ہو سکے کہ اس فتنہ سے دنیائے اسلام کس درجہ کے ذہنی اور دینی تفرقہ کے خطرۂ عظیم سے

دوچار ہوئی۔ علمائے وقت نے اس فتنہ کو فرو کرنے میں کتنا بڑا کارنامہ انجام دیا اور اس میں حضرت سید پیر مہر علی شاہ گولڑہ شریف کا کردار کتنا اہم اور عظیم الشان تھا۔

یہ تحریک قادیانیت حکومت برطانیہ کی سرپرستی میں شروع ہوئی اور اس کا اصل مقصد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو نشانہ بنا کر مسلمانوں کے دلوں سے آپ ﷺ کی قدر و منزلت کو نکالنا اور دین اسلام کے ارشادات اور ان کے مطالب میں اس طرح کار دو بدل کرنا تھا کہ مخالفین کو اپنے عزائم کی تکمیل میں امداد مل سکے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی ایک امتیازی خصوصیت یہ تھی کہ آپ ﷺ کے بعد رسالت کا سلسلہ ختم کر دیا گیا تھا' آپ ﷺ مسلمہ طور پر اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں اور آپ ﷺ کی شریعت اس دنیا کے لئے خدا کی آخری شریعت ہے' اس شریعت میں اتنی وسعت رکھی گئی ہے کہ قیامت تک کے لئے پیش آنیوالے انسانی مسائل کا حل اس میں موجود ہے' آپ ﷺ کے آخری نبی ہونے کی خبر قرآن کریم میں نہایت وضاحت اور غیر مبہم الفاظ میں دی گئی ہے۔

محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں لیکن اللہ کے رسول اور سب نبیوں کے ختم کرنے والے ہیں (احزاب ۴۰)

اور متعدد احادیث مبارکہ سے اس کی تائید ہوتی ہے مثلاً صحیح مسلم میں بروایت سعد رضی اللہ عنہ حدیث طویل کے ضمن میں مذکور ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت علی رضی اللہ عنہ) سے فرمایا کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ میرے ساتھ ایسے ہو جیسے موسیٰ کے ساتھ ہارون لیکن نبوت کا لقب تمہیں نہیں مل سکتا' میرے بعد نبوت نہیں۔

مسلمانوں کے سارے مکاتب فکر ختم نبوت کے مسئلہ پر اس وقت تک کاملاً متفق تھے جب تک بانی قادیانیت نے اپنے نبی ہونے کا دعویٰ نہیں کیا اس کی ابتداء بھی اس نے

Marfat.com

عجیب انداز میں کی قرآن کریم میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات کے سلسلہ میں یہ ذکر ہے کہ ان کو یہودیوں نے سولی پر چڑھادیا اور یہ سمجھ لیا کہ وہ وفات پاگئے مگر وہ غلطی پر تھے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ آسمان پر اٹھالیا' یہ تذکرہ سورۃ النساء میں ان الفاظ میں ہے۔

اور وہ کہتے ہیں ہم نے مسیح ابن مریم رسول اللہ کو قتل کردیا' حالانکہ انہوں نے نہیں قتل کیا اور نہ ہی صلیب پر چڑھایا مگر اس کی شبیہ کو اور جو اس میں اختلاف کرتے ہیں وہ بھی بے خبر ہیں ان کے پاس سوائے ظن کے اور کوئی دلیل نہیں انہوں نے ہرگز اسے قتول نہیں کیا بلکہ اللہ نے اسے اپنے پاس اٹھالیا اور خدا غالب ہے حکمت والا۔ (النساء۔۱۵۷۔۱۵۸)

صحیح مسلم کی احادیث مقدسہ میں آثار قیامت کے بیان میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایسے ارشادات موجود ہیں جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ قیامت سے کچھ عرصہ پہلے دنیا میں شرور وفسادات بے انتہا ہونگے اور دجال نامی ایک شخص کا ظہور ہوگا جو اپنے جادو اور شیطانی قوتوں کی امداد سے ایک وسیع قطعہ زمین پر قبضہ کرلے گا اور ایمان رکھنے والوں پر دائرہ حیات تنگ کردے گا اس وقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام دمشق کے مشرق میں سفید مینار کے قریب آسمان سے اتریں گے اس حال میں کہ آپ کے دونوں ہاتھ دو فرشتوں کے کندھوں پر ہونگے آپ آکر دجال کو قتل کریں گے اور دنیا میں اسلام ایمان اور امن کا بول بالا کریں گے اور پھر سات سال یہاں زندہ رہنے کے بعد وفات پاکر مدینہ شریف میں حرم پاک میں دفن ہونگے آپ کے ظہور سے پہلے بنی فاطمہ میں سے ایک شخص پیدا ہوگا جس کا نام محمد ہوگا اور لقب مہدی وہ حضرت عیسی علیہ السلام کے ظہور کے وقت ان کا استقبال کرے گا اور پہلی نماز یہ حضرات ملکر پڑھیں گے' اس میں وہ عیسی علیہ السلام کی قیادت میں دنیا کفر والحاد کے اثرات سے پاک کرنے میں امداد دے گا۔

چونکہ ان احادیث مبارکہ میں صحیح سال کا تعین نہیں ہے اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ

وسلم کے وصال کے بعد کئی ایسے لوگ پیدا ہوئے جنہوں نے اپنے مہدی ہونے کا دعویٰ کیا مگر اس کے کہ وہ کسی عیسیٰ علیہ السلام کا استقبال کرتے جو وہ خود اس دنیا سے اٹھ جاتے رہے بانی قادیانیت نے ان مدعیان سے ذرا مختلف طریقہ اختیار کیا سب سے پہلے اس نے علمائے سلف کے اس عقیدہ کو غلط بتایا کہ عیسیٰ علیہ السلام زندہ آسمان پر اٹھائے گئے تھے اور وہی پھر زمین پر واپس آئیں گے' اس کے نظریہ کے مطابق عیسیٰ علیہ السلام اپنے زمانہ میں انتقال فرما گئے تھے اور قیامت سے پہلے ظاہر ہونے والا شخص محض مثیل مسیح ہوگا' اس نظریہ کی اشاعت کے ساتھ ہی اس مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ کر کے خود کو مسیح مدعود قرار دیدیا' اس ابتداء سے وہ ظلی نبوت کی طرف بڑھنے اور بالآخر اپنے اصلی نبی ہونے کا اعلان کر کے امت مسلمہ کے اس اعتقاد پر ضرب لگائی جس سے وہ تیرہ سو سال سے مکلف تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خدا کے آخری نبی ہیں اور آپ کے بعد کوئی نہیں آئیگا۔

اب مرزا صاحب کے اس ارتقائے روحانی اور ان کی تعلیمات کی تفصیل اجمالاً دی جاتی ہے۔

بانی قادیانیت اور اُس کی ابتدائی زندگی

تحریک قادیانیت کے بانی کا نام مرزا غلام احمد تھا وہ برٹش انڈیا میں صوبہ پنجاب کے ضلع گورداسپور کے موضع قادیان میں ۱۸۳۹ء میں پیدا ہوا۔ اُس کے والد کا نام غلام مرتضیٰ تھا جو سمرقندی مغل گھرانے سے تعلق رکھتے تھے ان کا پیشہ طبابت اور زمیندار تھا' مرزا غلام احمد علوم مروجہ عربی' فارسی اور طب کی تحصیل سے فارغ ہو کر ۱۸۶۴ء میں ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے دفتر میں بطور اہل مد قریباً چار سال ملازمت کرتا رہا' بعدہ ملازمت چھوڑ کر اپنے والد کا ہاتھ بٹانا شروع کر دیا' ساتھ ساتھ مذہبی کتب کا مطالعہ بھی جاری رکھا اور مذہبی مناظرات وغیرہ میں حصہ لیتا رہا جہاں تک معلوم ہو سکا ہے اس کے آباؤ اجداد حنفی المذاہب مسلمان تھے اور خود مرزا صاحب بھی اپنی اوائل زندگی میں انہی کے قدم بہ قدم چلتا رہا' اس وقت

تک مرزا صاحب کے عقائد وہی تھے جو ایک صحیح العقیدہ سنی مسلمان کے ہونے چاہئیں وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کے بھی اس قدر قائل تھا جیسے دیگر مسلمان ان ایام میں مرزا صاحب حضرت عیسیٰ علیہ اسلام کے رفع آسمانی اور نزول کے عقیدہ پر بھی ایمان رکھتا تھا۔

مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ

۱۸۵۷ کی جنگ آزادی کے بعد اپنے سیاسی بالا دستی کھو دینے کی وجہ سے مسلمان سخت ذہنی پریشانی اور مایوسی کا شکار ہو چکے تھے اور اپنے اضمحلال سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے ہر طرف منتظر آنکھوں سے دیکھ رہے تھے کہ کب کوئی مرد خدا آن کر انہیں اس ابتلا سے نجات دلائے اس تذبذب اور اضطراب کے زمانہ میں مسلمانوں کے ذہن پر جو نفسیاتی کیفیت طاری تھی مرزا صاحب کو ان کے رفیق حکیم نور دین نے اس سے فائدہ اٹھانے کا مشورہ دیا ان کا خیال تھا کہ اگر وہ خود کو مثیل مسیح کا لبادہ اوڑھ کر قوم کے سامنے پیش کریں تو ساری قوم دل و جان سے ان کا خیر مقدم کرے گی اور وہ احیائے ملت کے لئے بہت بڑا کارنامہ سرانجام دے سکیں گے۔

مرزا صاحب نے اپنے پیروکار حکیم نور دین کے مشورہ پر عمل کرتے ہوئے سب سے پہلے مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ کیا اور کہا۔

مجھے مسیح ابن مریم ہونے کا دعویٰ نہیں اور نہ میں تناسخ کا قائل ہوں بلکہ مجھے تو فقط مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ ہے جس طرح محدثیت نبوت سے مشابہ ہے ایسا ہی میری روحانی حالت مسیح ابن مریم کی روحانی حالت سے مشابہت رکھتی ہے

(اشتہار مندرجہ تبلیغ رسالت جلد دوم مولفہ میر قاسم علی قادیانی)

مثیل مسیح سے مسیح موعود

مرزا صاحب اپنے اس دعوے مثیل مسیح پر زیادہ عرصہ قائم نہ رہے بلکہ اس سے ایک قدم

آگے بڑھے اور سب سے پہلے حیات مسیح کے عقیدہ کو غلط بتا کر وفات مسیح کا اعلان کیا اور پھر اپنے مسیح موعود اور مہدی معہود ہونے کا اعلان ان الفاظ میں کیا۔

میرا دعویٰ یہ ہے کہ میں تو وہ مسیح ہوں جس کے بارے میں خدائے تعالیٰ کی تمام پاک کتابوں میں پیش گوئیاں ہیں اور وہ آخری زمانہ میں ظاہر ہوگا تحفۂ گولڑویہ)

اب اعلانات کے بعد احادیث نزول مسیح کے مختلف پہلوؤں کو اپنی ذات پر درست ثابت کرنے کیلئے مرزا صاحب نے استعارہ اور تاویل سے کام لیا جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے مسلم کی احادیث کے مطابق مسیح موعود کی تشریف آوری ان حالات میں ہونی تھی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ملک شام یعنی دمشق میں شرقی منارہ پر ہوگا۔

نزول کے وقت دو زرد رنگ کی چادریں پہن رکھی ہوں گی

مسلمانوں کا امام ان سے نماز پڑھانے کی درخواست کرے گا تو فرمائیں امامکم منکم (تمہارا امام نماز تم میں سے ہے) اور صحیح اور متواتر احادیث سے واضح ہے کہ یہ امام حضرت مہدی علیہ السلام ہونگے جو بنی فاطمہ میں سے ہونگے۔

مرزا صاحب نے ان شرائط کی تکمیل اپنی ذات کے متعلق کی اور اپنی مسجد کو مسجد اقصیٰ اور اپنی ذات کو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مثیل ظاہر کیا۔

مسیح موعود ہونے تک

مرزا صاحب اپنے مسیح موعود ہونے کے دعوے پر تقریباً دس سال قائم رہے اور پھر ختم نبوت کے معروف اسلامی نظریہ کو جس کے وہ خود بھی معتقد رہے تھے غلط قرار دیکر نومبر ۱۹۰۱ء میں اپنی نبوت کا اعلان کر دیا۔

اپنے اس دعویٰ کے بعد مرزا صاحب کچھ عرصہ تک اپنے آپ کو ظلی نبی ظاہر کرتے رہے ان کے کہنے کے مطابق اگرچہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا دروازہ

کھلا تھا مگر نبوت صرف آپ ﷺ کے فیضان سے ہی مل سکتی تھی نہ کہ براہ راست جیسا کہ پہلے زمانہ میں ہوا کرتا تھا' یعنی آپ ﷺ کے بعد ایسے انبیاء پیدا ہونگے جن کی نبوت کی تصدیق آپ ﷺ اپنی مہر سے فرمائیں گے' ان انبیاء کی نبوت کا معیار آپ ﷺ کے نقش قدم پر چلنا اور آپ ﷺ کی شریعت کو قائم کرنا ہوگا۔

کچھ عرصہ اسی طرح ظل رہنے کے بعد مرزا صاحب آخر اس منزل پر پہنچ گئے جس کے تصور سے کاملین بھی کانپتے تھے یعنی انہوں نے مستقل صاحب شریعت نبی اور خاتم النبین ہونے کا دعویٰ کر دیا اور ان کے شبدیز قلم نے اس ادب گاہ کو بھی پھلانگ جانے کی جسارت کی جس کے نزدیک پھٹکنے سے نہ صرف جبرائیل علیہ اسلام کے پر جلتے تھے بلکہ مشائخ عظام کو آزادی سے سانس تک لینے کی جرأت نہ تھی۔

ادب گاہیست زیر آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا

اپنی تصنیف حقیقت الوحی میں قرآن کریم کی وہ آیات جو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں نازل ہوئی تھیں انہیں اپنی طرف منسوب کر کے اپنی ذات کو ان کا مصداق ظاہر کیا۔

مستقل نبوت کا لبادہ اوڑھنے کے بعد یہ ضروری تھا کہ اس کے دیگر لوازمات بھی سامنے لائے جاتے چنانچہ مرزا صاحب نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ ان پر وحی نازل ہوتی ہے اور وحی سے کہیں زیادہ الہامات تھے جو مرزا صاحب نے اپنے دعاوی کے ثبوت کے لئے پیش کئے مرزا صاحب کے بہت سے الہامات پیش گوئیوں کی شکل میں ہیں جنہیں وہ اپنی صداقت کا معیار اور نشان قرار دیتے رہے۔

مرزا صاحب اور قرآن وحدیث

ظلی نبی بننے اور صاحب وحی والہام ہونے کے دعویٰ کے بعد مرزا صاحب نے اپنی

توجہ قرآن وحدیث کی طرف بڑھائی تا کہ ان میں اپنے مقصد کے حصول کے لئے ضروری ردوبدل کیا جاسکے بقول ان کے خدا نے مجھے مسیح موعود بنا کر بھیجا ہے اور مجھے بتلایا ہے کہ فلاں حدیث سچی ہے اور فلاں جھوٹی اور قرآن کے صحیح معنوں سے مجھے اطلاع بخشی ہے (اربعین نمبر۴)

اور جو شخص حکم ہو کر آیا ہے اس کو اختیار ہے کہ حدیثوں کے ذخیرہ میں سے جس انبار کو چاہے خدا سے علم پا کر قبول کرے اور جس ڈھیر کو چاہے خدا سے علم پا کر رد کردے (تحفہ گولڑویہ)

قرآن وحدیث کے مطالب کو بدل ڈالنے کے اس خودساختہ اختیار کو مرزا صاحب نے مسلمانوں سے ہر مسئلہ پر اختلاف کھڑا کرنے کے لئے استعمال کیا وہ نہ صرف امت محمدیہ کے مذہبی عقائد اور دینی نظریات ہی سے الگ ہوئے بلکہ اس کی اکثر وبیشتر قومی اقدار اور ملی تقاضوں سے بھی علیحدگی اختیار کرلی۔

اگر وہ تمام مسائل یہاں بیان کئے جائیں جن میں مرزا صاحب نے امت مسلمہ سے اختلاف کیا تو اس کے لئے کئی جلدیں درکار ہونگی ان میں سے مختصر صرف چند ایک بطور نمونہ درج کئے جاتے ہیں۔

ا۔ نزول ملائکہ

مرزا صاحب نے فرشتوں کو ارواح کواکب قرار دیا ہے ایام الصلح میں تحقیق فرمایا کہ فرشتے اگر زمین پر نازل ہوں تو آسمان سے ستارے گر جائیں۔

۲۔ روح انسانی

بروئے قرآن روح عالم امر سے ہے اور عالم امر ان موجودات کا نام ہے جو حس اور خیال اور جہات اور مکان سے ماورا ہیں لیکن مرزا صاحب نے اپنی تقریر جلسہ مذاہب لاہور مورخہ ۲۷ دسمبر ۱۸۹۶ء میں انسانی روح کے متعلق تحریر کیا ہے' ہم روز مشاہدہ کرتے

تھے کہ گندے زخموں میں ہزار ہا کیڑے پڑ جاتے ہیں سو یہی بات صحیح ہے کہ روح ایک لطیف نور ہے جو اس جرم کے اندر ہی پیدا ہو جاتا ہے جو رحم میں پرورش پاتا ہے اور جس کا خمیر ابتداء سے نطفہ میں موجود ہوتا ہے۔

۳۔ یوم الدین کے متعلق کہا

اللہ تعالیٰ نے مسیح موعود کے زمانہ کا نام یوم الدین رکھا کیونکہ اس زمانہ میں دین کو زندہ کیا جائیگا۔

حالانکہ قرآن حکیم میں جگہ جگہ یوم الدین کے معنی روز قیامت کے لئے گئے ہیں۔

۴۔ جہاد بالسیف

مرزا صاحب نے اس زمانہ میں جبکہ عیسائی حکومتیں خصوصاً انگلستان' فرانس اور روس اسلامی سلطنتوں کو تہہ وبالا کر رہی تھیں جہاد بالسیف کو تمام مسلمانوں پر حرام قرار دیا اور اہل اسلام احادیث کے حوالہ سے جس مہدی اور مسیح کے منتظر تھے انہیں خونی مہدی اور خونی مسیح کہا (تبلیغ رسالت جلد نہم)

۵۔ معراج جسمانی

مرزا غلام احمد ازالہ اوہام میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے معراج جسمانی کے متعلق لکھتے ہیں کہ معراج (معاذ اللہ) اس جسم کثیف سے نہ تھی بلکہ وہ اعلیٰ درجہ کا کشف تھا اور اس قسم کی کشفوں میں مؤلف (یعنی مرزا صاحب) خود صاحب تجربہ ہے۔

۶۔ احترام انبیاء

عیسیٰ علیہ السلام کی شان میں کئی طرح کے نازیبا کلمات استعمال کئے اور مسلمانوں سے کہا کہ میں عیسائی ناظرین کے مقابلے میں ان کے یسوع مسیح کے متعلق بات کر رہا ہوں جو ایک معبود باطل اور فرضی شخصیت ہے لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی کے متعلق بات کرتے تو بھی انداز گفتگو کچھ زیادہ مختلف نہ ہوتا (دافع البلاء مولف مرزا صاحب)

Marfat.com

۷۔آل نبی کا احترام

مرزا صاحب نے اپنی تصنیفات اور اشتہارات میں جابجا اپنے آپ کو آل نبی وارث رسول اللہ اور جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا روحانی بیٹا ثابت کرنے کی اور اس سعی میں آل محمد صلبی اور خونی رشتہ کو مقابلہ کم مرتبہ و کم پایہ دکھانا چاہا۔

۸۔نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کے متعلق قادیانیوں کی زبان درازی

مرزا صاحب کے اپنے ارشادات دربارۂ ائمہ اہل بیت اور صحابہ کرام اس قدر ثقیل ہیں کہ انہیں مصلحتاً یہاں درج نہیں کیا جاتا۔

تمام امت محمدیہ پر کفر کا فتویٰ

مرزا صاحب کے بتدریج ارتقائے نبوت کی داستان مختصر اوپر بیان کی جا چکی ہیں احادیث مقدسہ کے مطابق مسیح موعود کے ظہور کے بعد تمام دنیا کے انسانوں نے اسلام کی حقانیت کو تسلیم کرنا تھا جن میں عیسائی، یہودی اور تمام دیگر عقائد رکھنے والے انسان بھی شامل ہو گئے مگر مرزا صاحب نے جب دیکھا کہ ان کی دعوت پر لبیک کہنے والوں کی تعداد بہت کم ہے تو انہوں نے اپنے تمام نہ ماننے والوں کو کافر قرار دیدیا۔فرمایا۔

خدائے تعالیٰ نے میرے اوپر ظاہر کیا ہے کہ ہر ایک وہ شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا، وہ مسلمان نہیں ہے۔

ارشاد مرزا صاحب مندرجہ رسالۂ الذکر الحکیم نمبر 4)

قادیانیت کے پس پردہ کارفرما قوتیں

یہ اندازہ لگانا کہ مرزا صاحب کی تحریک کے پس پردہ وہ کون سی اسلام دشمن قوتیں کارفرما تھیں مشکل نہیں ہے۔۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد انگریز حکومت ہندوستانی

مسلمانوں سے بدظن ہو چکی تھی مگر مرزا صاحب اور ان کی جماعت پر ان کی خاص نظر عنایت تھی' مرزا صاحب نے دیگر مسلمانوں زعما اور علماء کے خلاف قسم قسم کی درخواستیں اور محضرنامے حکومت کو ارسال کیے جن سے یہ بھی صاف پتہ چلتا ہے کہ وہ حکومت برطانیہ کے خاص حاشیہ بردار تھے۔

اور جب دیکھا کہ آزادی ملک اور حصول اقتدار کی دوڑ میں ہندو مسلمانوں کے ساتھ برسرپیکار ہیں تو اپنی جماعت کے حق میں ہندوؤں کو ہموار کرنے کے لئے ان کی پستکوں اور رشی منیوں کی تعریف میں لکھنا اور لیکچر دینا شروع کر دیا اور اپنی کتاب شہادت القرآن میں حکومت برطانیہ کی اطاعت کو نصف الاسلام قرار دیا۔

مرزا صاحب کے دعاوی کا امت مسلمہ پر ردعمل

مسلمان کا یہ ایمان ہے کہ وہ ایک ازلی ابدی عالم گیر ملت بیضا کا رکن ہے جس میں بے شمار انبیائے کرام معبوث ہوئے اور جناب محمد عربی ﷺ اس کے آخری نبی اور رسول ہیں ان کے دین میں چار چیزیں حجت ہیں کتاب اللہ، حدیث نبوی' اجتہاد و سلف امت، جو بات ان چاروں کے میزان پر حق ثابت ہو، ان کے لئے وہی حق ہے اور جو باطل ہو، وہ باطل مرزا کی نبوت اس میدان پر حق ثابت نہیں ہوتی تھی اس لئے اسے ماننا مسلمان کے لئے ممکن نہ تھا۔

مسلمان کو یہ بھی معلوم تھا کہ نبوت ایک بہت ہی ارفع و اعلیٰ چیز ہے اور محض چند پیش گوئیوں کی صداقت میزان ایمان نہیں ہو سکتی نبوت کا دعویٰ کر دینا آسان ہے مگر اسکے معیار پر پورا اترنا آسان نہیں خصوصا جب دعویٰ اس فخر انبیاء کے بروز ہونے کا ہو جس کی تعریف میں خدا خود رطب اللسان ہے اور جس کے زہد و اتقا ایثار و سخا عبادات و مجاہدات اہل خانہ اور عوام الناس کے ساتھ حسن سلوک اور زندگی کے دیگر حسین پہلوؤں کا بیان ۱۴ سو سال سے بھی مکمل نہیں ہو سکا اس ذات عالی کے ساتھ مرزا صاحب کا موازنہ کرنا ہی گستاخی ہے۔

Marfat.com

اس کے برعکس مرزا صاحب کا فرمان تھا کہ وحی الٰہی کا دروازہ ہمیشہ کھلا ہے اور وہ خود خدا کے رسول اور نبی ہیں کتاب اللہ کے وہی معنیٰ درست ہیں جنہیں وہ درست کہیں حدیث نبوی کے جس حصہ کو وہ چاہیں لے لیں اور جسے چاہیں رد کردیں اجتہاد سلف وخلف ختم ہے کیونکہ نبی (یعنی وہ خود) آگئے ہیں اور اجماع امت کے نام کی بھی کوئی چیز نہیں رہی کیونکہ "خدا تعالیٰ ان سے کلام فرماتا تھا اور انہیں اپنی کتاب کی صحیح مفہوم اور حدیث کے صحیح یا بناوٹی ہونے پر مطلع کرتا ہے اس حقیقت کے وہ خود شاہد ہیں اور جو شخص ان کی شہادت پر ایمان نہیں رکھتا اور ان سے بیعت نہیں کرتا وہ خارج از اسلام ہے۔

مرزا صاحب کے ان فرمانوں کو مان لینے کا نتیجہ یہ ہوتا کہ امت خیر الرسل ﷺ کا اپنا ایمان اپنی ہستی اور اپنا وجود بالکل ختم ہوجاتا اس کے علوم وقوانین مقدس اقدار تاریخی شخصیتیں ثقافت اور اس کا نظام ومعاشرہ سب مٹ جاتے اس کی عقیدت اور فکر کا مرکز یکسر بدل جاتا جناب ختمی مرتبت تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت وقیادت کی حیثیت ثانوی ہوکر رہ جاتی قرآن کی تفسیر اور حدیث کی تاویل فقہ اور اجماع کا استدلال اور استنباط اس نہج پر چل نکلتے جو اسلامی روایت اور درایت اور امت کے احساس عمومی کے خلاف ہی نہیں بلکہ انسانیت کے احساس عمومی کے بھی برعکس ہوتا نہ صرف یہ بلکہ امت اسلامیہ اس تحریک قادیانیت کے محسن برطانوی حکومت کے سمند ناز کی نخچیر بن کے رہ جاتی۔

تبصرہ قادری: الحمد للہ علی احسانہ۔ اس فتنہ قادیانیت کے رد میں امام اہلسنت اعلیٰ حضرت مولانا امام احمد رضا خاں محدث بریلی اور دیگر علماء اہلسنت کمربستہ رہے ان حضرات میں سے خاص طور پر آفتاب گولڑہ پیر مہر علی شاہ گولڑوی مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی میرٹھی حجۃ السلام شاہ حامد رضا خان مفتی اعظم ہند مولانا مصطفےٰ رضا خان مولانا غلام دستگیر حنفی قصوری مفتی غلام قادر حنفی بھیروی قاضی فضل احمد حنفی لدھیانوی مولانا فیض الحسن حنفی سہارنپوری علامہ اصغر علی حنفی لاہوری وغیرہم قابل ذکر ہیں انہوں نے تحریری وتقریری

طور پر ردمرزائیت میں وہ کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہیں جس پر امت مسلمہ ہمیشہ فخر محسوس کرتی رہیں گی اس کے برعکس نام نہاد تبلیغی جماعت کے اکابر پیشواہان دیوبند ہیں مولوی رشید احمد گنگوہی' اشرف علی تھانوی اور اس کا خلیفہ عبدالماجد دریا آبادی وغیرہ قادیانی دجال کو مرد صالح مانتے رہے اور اسکے صریح کفریات میں اپنی عادت کے مطابق تاویلات فاسدہ کرتے رہے اس وجہ سے علماء لدھیانہ مولوی رشید احمد گنگوہی سے مباحثہ کرتے رہے اور تھانوی نے تو قادیانی دجال کے صریح کفریات پر پردہ ڈالنے کیلئے "المصالح العقلیہ لاحکام النقلیہ" لکھ ڈالی اس کی تفصیل کیلئے "عقیدہ ختم نبوت کا مقدمہ دیکھئے' الغرض اس دجال کی حمایت کرنے والے اکابر دیوبند کے نقش پاء پر چلنے والی گمراہ کن تحریک' تبلیغی جماعت کی مرکزی دجل گاہ' بستی نظام کا مرکز اس کی روداد ملاحظہ کیجئے۔

چنانچہ رئیس التحریر علامہ محمد ارشد القادری علیہ الرحمہ اپنی مشہور زمانہ کتاب "تبلیغی جماعت" کے دیباچے میں رقم طراز ہیں۔

تبلیغی جماعت کی بابت میری زندگی میں تین ایسے واقعات پیش آئے ہیں جنہیں میں اس کتاب کا سبب تالیف کہہ سکتا ہوں۔

اپنی معلومات کے اس اہم ترین حصے کو آج صفحہ قرطاس پر نقل کرتے ہوئے میں ایک اخلاقی فرض سے سبکدوش ہونے کی خوشی محسوس کرتا ہوں (مصنف)

پہلا واقعہ

آج سے تقریباً پچیس سال پہلے کی بات ہے۔ میرے عہد کے طالب علمی کی ایک خوشگوار شام تھی۔ دارالعلوم اشرفیہ مبارکپور کے صدر دروازے پر ہم چند طلبہ کھڑے تھے کہ ایک سفید ریش بزرگ آتے ہوئے دکھائی پڑے۔ چہرے پر مصنوعی تقدس، ہاتھ میں یاقوت کی تسبیح، ٹخنوں تک کرتہ، درمیان میں سفید کھدر کی صدری، غرض نیچے سے اوپر تک تسخیر قلوب کے جملہ آلات سے مسلح تھے۔ موصوف کے آگے پیچھے چند افراد سر جھکائے

ہاتھ باندھے زیر لب کچھ پڑھتے ہوئے چل رہے تھے۔

ہم نوعمر لوگوں کے لئے یہ بالکل ایک نئی چیز تھی۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ تبلیغی جماعت کے لوگ ہیں جو دہلی سے مبارکپور کے مسلمانوں کو کلمہ پڑھانے آئے ہیں اور آگے آگے جو سفید ریش بزرگ ہیں یہ امیر جماعت ہیں...... یہ معلوم کر کے ہم لوگوں کا بڑا اچنبھا ہوا۔ ہمارے علاوہ انہیں کبھی بھی بت خانے کی طرف جاتے ہوئے نہیں دیکھا گیا۔ اسلام سے منحرف ہو جانے کی کوئی بات کبھی بھی ان کے متعلق نہیں سنی گئی۔ ان حالات میں انہیں کلمہ پڑھانے کی بات کسی طرح سمجھ میں نہیں آرہی تھی۔ اسے حیرت و استعجاب کا نتیجہ کہئے کہ ہم میں سے کسی طالب علم نے ان بتانے والے صاحب سے یہ سوال کر ہی ڈالا:

"کیا ان حضرات کے نزدیک یہاں کے مسلمان، مسلمان نہیں ہیں جو دہلی سے چل کر یہ لوگ انہیں کلمہ پڑھانے آئے ہیں"

وہ صاحب اپنی بات چیت سے اسی گروہ کے آدمی معلوم پڑتے تھے۔ انہوں نے بڑے تپاک سے کہا:

"کلمہ پڑھانے کا یہ مطلب آپ لوگوں نے غلط سمجھا ہے۔ کلمہ ہمیشہ مسلمان بنانے ہی کے لئے نہیں پڑھایا جاتا، کبھی کبھی ذکر خداوندی کے لئے بھی پڑھایا جاتا ہے۔ کلمہ پڑھا کر یہ لوگ خدا کے ذکر کا چرچا کر رہے ہیں، مسلمان بنانا مقصود نہیں"

ان کے اس جواب سے ہم لوگوں کا ذہنی خلجان بہت حد تک دور ہو چلا تھا لیکن ہمارے ایک ساتھی نے یہ کہہ کر پھر ہمیں اسی مقام پر لا کھڑا کیا کہ جب تک میں خود تجربہ نہیں کرلوں گا اس جواب سے میری تشفی نہیں ہوگی۔

لاکھ ہم نے معلوم کرنا چاہا کہ وہ کیسے تجربہ کرے گا لیکن سو جواب کا ایک جواب، اس کے پاس تھا "تم لوگ خاموشی کے ساتھ تماشا دیکھو"

دوسرے دن ٹھیک چار بجے شام کو پھر دہلی کا وہ تبلیغی دستہ قصبے کا گشت کرتا کلمہ پڑھتا ہوا

مدرسہ کے سامنے سے گزرا۔ ہم سب انتظار ہی میں کھڑے تھے کہ دو قدم آگے بڑھ کر ہمارے ساتھی نے اس تبلیغی دستے کے امیر کو آواز دی۔

"مولانا! ذرا ایک لمحے کے لئے تکلیف فرمایئے گا"

اس آواز پر امیر جماعت نے پلٹ کر دیکھا اور کھڑے ہو گئے۔ پھر ساتھی نے لجاجت کے ساتھ کہا:

"مولانا! برا نہ مانئے گا دین کے کام سے میں آپ کو زحمت دے رہا ہوں"

یہ سن کر وہ پیشانی پر بل ڈالے ہوئے بوجھل قدموں کے ساتھ قریب آئے اور ناگوار لہجے میں فرمایا:

"کہئے دین کا کون سا کام ہے میرے لائق"

ساتھی نے برجستہ کہا "ذرا کلمہ پڑھئے گا"

اتنا سننا تھا کہ جیسے تن بدن میں آگ لگ گئی۔ غصہ سے چہرہ تمتما اٹھا۔ گردن کی رگیں تن گئیں، دم پھولنے لگا، آنکھوں سے چنگاری برسنے لگی۔ دہکتی ہوئی آواز میں ارشاد فرمایا:

"شرم نہیں آتی تمہیں! طالب علم ہو کر اپنے بڑوں سے مذاق کرتے ہو۔ خدا نے چاہا تو اس گستاخی کی سزا اسی دنیا میں تم چکھ لوگے"

یہ کہتے ہوئے وہ پلٹنا ہی چاہتے تھے کہ ساتھی نے راستہ روک کر کہا:

"آپ تو بلاوجہ خفا ہو گئے۔ بھلا اس میں مذاق کی کون سی بات ہے۔ یہ کام تو کل سے آپ انجام دے رہے ہیں۔ ذکر الٰہی کا ثواب حاصل کرنے کا حق ہمیں نہیں ہے اور اگر آپ کے کہنے کے مطابق یہ مذاق ہے تو کل سے آپ یہاں کے مسلمانوں کے ساتھ مذاق کر رہے ہیں۔ اسی گستاخی کی سزا آپ نے اپنے لئے کیا تجویز فرمائی ہے؟"

ساتھی کی آواز دم بدم تیز ہوتی جا رہی تھی جیسے کسی چور کو رنگے ہاتھوں کسی نے پکڑ لیا ہو۔ چند ہی لمحوں میں تماشائیوں کی اچھی خاصی بھیڑ جمع ہو گئی۔ عام عادت کے مطابق کچھ لوگوں

نے اچنبھے کے ساتھ دریافت کیا:

''کیوں کیا بات ہوگئی؟''

ساتھی نے جواب دیا''بات کچھ بھی نہیں ہوئی۔ قصہ صرف یہ ہے کہ کل سے یہ لوگ مبارکپور کے مسلمانوں سے کلمہ پڑھواتے پھر رہے ہیں۔ جب ان سے دریافت کیا گیا کہ کیا آپ لوگ یہاں کے مسلمانوں کو مسلمان نہیں سمجھتے ہو جو گلی گلی انہیں کلمہ پڑھواتے پھر رہے ہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ کلمہ ایک ذکر الٰہی ہے اور خدا کا ذکر کرنا کرانا ہر مسلمان کا ایک دینی حق ہے۔

لیکن حیرت سے سر پیٹ لینے کی جاہ یہ ہے کہ یہی دینی حق جب میں نے استعمال کرنا چاہا اور ان بڑے میاں سے کہا کہ ذرا کلمہ پڑھئے۔ بس اتنی سی بات پر یہ آپے سے باہر ہوگئے اور الٹے مجھے عیب لگاتے ہیں کہ میں نے ان سے مذاق کیا ہے۔ اب میں ان سے صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کلمہ پڑھنا اگر مذاق ہے تو کل سے یہاں کے مسلمانوں کے ساتھ کیوں مذاق کر رہے ہیں؟''

ساتھی کی یہ باتیں سن کر سارا مجمع ہموا ہوگیا اور بیک زبان بول اٹھا کہ بات تو یہ چھوٹے مولوی صاحب ٹھیک ہی کہہ رہے ہیں۔

اس بات پر امیر جماعت صاحب ابل پڑے اور اکڑ کر فرمایا:

''ٹھیک نہیں کہہ رہے ہیں۔ دراصل انہوں نے ہمارے ساتھ مذاق کیا ہے ورنہ بگڑنے کی کوئی بات نہیں تھی۔ جہاں تک کلمہ پڑھنے اور پڑھانے کا سوال ہے۔ یہ کام تو میں خود بھی کر رہا ہوں۔ بھلا اس سے کس کو انکار ہوسکتا ہے''

امیر جماعت کے اس جواب پر ایک صاحب نے مداخلت کرتے ہوئے کہا''مولانا صاحب! جب وہی کام آپ بھی کر رہے ہیں اور وہی کام انہوں نے بھی کیا ہے تو آپ اسے مذاق کیوں کہہ رہے ہیں؟''

اس پر امیر جماعت نے تیور بدل کر فرمایا "مذاق میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ ان کی نیت ذکر الٰہی کی نہیں تھی مذاق ہی کی تھی"

امیر جماعت کا یہ جملہ ابھی ختم بھی نہ ہو پایا تھا کہ ایک معمر شخص آگے بڑھے اور انہوں نے للکارتے ہوئے کہا:

"مولانا! جب بات نیت کی آگئی ہے تو مجھے بھی کہنے دیجئے کہ کلمہ پڑھانے میں آپ کی نیت بھی ذکر خیر کی نہیں ہے بلکہ از سر نو مسلمان بنانے کی ہے۔ جو لوگ آپ کے مذہب سے واقف نہیں ہیں بھلے ہی وہ آپ کے جواب سے مطمئن ہو جائیں لیکن جو لوگ آپ کے مذہبی شجرہ سے واقف ہیں وہ اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ آپ کے یہاں کافر و مشرک صرف وہی نہیں ہے جو بت خانے میں جا کر اصنام کی پرستی کرے یا کھلم کھلا اسلام، قرآن اور توحید و رسالت کے عقیدے سے منحرف ہو جائے بلکہ آپ حضرات کے یہاں وہ مسلمان بھی بالکل ابوجہل اور ابولہب ہی کی طرح کافر و مشرک ہیں، جو اسلام و قرآن اور توحید و رسالت پر عقیدہ رکھنے کے باوجود صرف یارسول اللہ کہہ لیتے ہیں، خدا کی عطا سے رسول کو اپنا شفیع و کارساز سمجھتے ہیں۔ رسول کے حق میں عطائی علم غیب کا عقیدہ رکھتے ہیں اور ان کے لئے دونوں جہان میں تصرف کی قدرت تسلیم کرتے ہیں۔

اور خدا کا شکر ہے کہ صرف مبارکپور ہی میں نہیں سارے ملک میں اس طرح کے "مشرکین" کی تعداد ننانوے فیصدی ہے۔ اب انہیں مسلمان بنانے کے لئے سوا اس کے اور کیا چارہ کار ہے کہ آپ حضرات چور دروازہ سے آئیں اور کلمہ پڑھا کر اپنے مذہبی جذبے کو تسکین دے لیں کہ کفر کا ایک "خیبر فتح ہو گیا" سلسلہ بیان جاری رکھتے ہوئے بھرائی ہوئی آواز میں انہوں نے کہا:

"مولانا! یہ بچے آپ سے کیا مذاق کریں گے کہ ابھی تو وہ اس حقیقت سے بھی بے خبر ہیں کہ آپ ان کے مذہبی حریفوں میں ہیں یا دوستوں میں؟ البتہ کلمہ پڑھا کر آپ ہمارے

Marfat.com

ایمان کا ضرور مذاق اڑاتے ہیں"

قلم کے نشتر سے آپ حضرات نے ہمارے جذبہ عقیدت کو جس بیدردی کے ساتھ گھائل کیا ہے۔ روحانی اذیت کے لئے وہی کیا کم تھا کہ اب جگہ جگہ زخموں پر آپ نمک چھڑکتے پھر رہے ہیں۔ کلمہ پڑھنے سے کس بدبخت مسلمان کو انکار ہو سکتا ہے لیکن ہمارے دینی احساسات پر کفر و شرک کا الزام عائد کرنے کے بعد جب آپ کلمہ پڑھنے کو کہتے ہیں تو بالکل ایسا لگتا ہے جیسے کسی بے گناہ پر بہتان لگانے کے بعد کوئی تلقین کرے کہ "توبہ کرو" حالانکہ توبہ کوئی بری چیز نہیں ہے لیکن اس طرح کے حالات میں توبہ کی تلقین کرنا دوسرے لفظوں میں ناکردہ گناہ کا اقرار کرانا ہے"

اس کے بعد آواز کا تیور بدلتے ہوئے انہوں نے کہا:

"مولانا! یہ تو آپ حضرات کی سنگدلی کا صرف ایک رخ ہے۔ آپ حضرات کی مذہبی شقاوت کا دوسرا رخ تو اس سے بھی کہیں زیادہ لرزہ خیز اور بھیانک ہے"

آپ کے بزرگوں نے رسول عربی ﷺ کی شان محترم میں توہین و گستاخی کے کلمات لکھ کر جس دردناک اضطراب میں امت کو مبتلا کر دیا ہے۔ وہ اس صدی کا سب سے قیامت آشوب حادثہ ہے۔ لکھنے والے مدت ہوئی خاک میں مل گئے لیکن ان کی لگائی آگ کا دھواں آج بھی مسلم آبادیوں سے اٹھ رہا ہے۔

پھر اس سے زیادہ اچنبھے کی بات اور کیا ہو سکتی ہے کہ ایک طرف آپ حضرات نبی کی توہین و تنقیص بھی کرتے ہیں اور دوسری طرف اسی نبی کا کلمہ بھی پڑھتے پڑھاتے ہیں۔ انصاف کی بات تو یہ ہے کہ کلمہ پڑھنے پڑھانے کا حق صرف اسے ہے جو نبی کو نبی مانتا ہے۔ دشنام طرازیوں کو کلمے سے کیا واسطہ! دشنام طرازی کے ساتھ کلمہ خوانی اسلام کا مذاق ہی کہا جا سکتا ہے۔

وہ کہتے جا رہے تھے اور مولانا کا خون سوکھتا جا رہا تھا۔ بڑی مشکل سے انہوں نے یہ کہہ

Marfat.com

کر اپنی جان چھڑائی کہ میں اپنی جماعت کا کوئی ذمہ دار عالم نہیں ہوں۔ جب وہ جانے لگے تو مجمع سے کچھ لوگوں نے کہا کہ جواب نہ دیجئے لیکن کم از کم اتنا تو بتاتے جایئے کہ ان صاحب نے آپ لوگوں کے بارے میں جو کچھ کہا ہے وہ کہاں تک صحیح ہے؟ اس سوال پر ان کے ساتھی مشتعل ہوگئے اور اپنے مولانا کو جھرمٹ میں لئے ہوئے آگے بڑھ گئے۔

ہر شخص کے ذہن پر اس تھوڑی دیر کی ردوقدح کا یہ اثر ضرور پڑا کہ تبلیغی جماعت اوپر سے جیسی صاف ستھری نظر آتی ہے اندر سے ویسی نہیں ہے۔ کچھ نہ کچھ دال میں کالا ضرور ہے۔

دوسرا واقعہ

دوسرا واقعہ غالبا 1956ء کا سال رہا ہوگا۔ اس وقت مدرسہ فیض العلوم جمشید پور کی درس گاہ کھلے آسمان کے نیچے تھی۔ ٹاٹا اسٹیل کمپنی سے عمارت کے لئے زمین حاصل کرنے کی جدوجہد کے سلسلے میں ڈاکٹر سید محمود صاحب سے رابطہ قائم کرنا پڑا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کہ موصوف نائب صدر وزیر خارجہ کے عہدے پر فائز تھے۔ انہوں نے میرے ایک مراسلہ کے جواب میں جملہ کاغذات کے ساتھ دہلی طلب کیا۔ میں احتیاطا ان کے دیئے ہوئے وقت سے ایک دن قبل ہی دہلی پہنچ گیا۔

دل نیاز پیشہ نے اصرار کیا کہ پہلی شب کیوں نہ سرکار محبوب الٰہی نظام الدین اولیاء رضی المولیٰ تعالیٰ عنہ کے حضور میں بسر کی جائے۔ چنانچہ اپنی قیام گاہ پر سامان وغیرہ رکھ کر سیدھے بستی نظام الدین کے لئے چل پڑا۔ چار بجے شام کا وقت تھا۔ بس سے اتر کر جیسے ہی میں بستی نظام الدین میں داخل ہوا۔ مجھے کچھ فاصلے پر دو آدمی نظر آئے وہ میری طرف ٹکٹکی باندھے ہوئے بڑے غور سے دیکھ رہے تھے۔ بالکل ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ وہ مجھے پہچانتے ہوں اور میرا انتظار کر رہے ہوں۔

جب میں ان کے قریب پہنچا تو ان کی داڑھی اور پیشانی کا گھٹا دیکھ کر میں ہکا بکا رہ

گیا۔ میں نے اپنی ساری عمر میں اتنی لمبی داڑھی اور پیشانی کی سطح پر ایسا ابھرا ہوا داغ کبھی نہیں دیکھا تھا..... وہ بہت تپاک سے میری طرف بڑھے اور میرا راستہ روک کر انتہائی لجاجت کے ساتھ کہنے لگے:

"حضرت! یہی ہے تبلیغی جماعت کا وہ مرکز جہاں سے ساری دنیا میں اسلام پھیل رہا ہے۔ زحمت نہ ہو تو ذرا دیر کے لئے اندر تشریف لے چلئے۔ اپنی آنکھوں سے چل کر دیکھئے کہ کس طرح دین زندہ ہو رہا ہے۔ مدت ہوئی دین کے ایک مخلص خادم نے یہاں اپنی روحانیت کا پودا لگایا تھا۔ اب وہ جوان ہو گیا ہے اور اس کی برکات سے ایک عالم فائدہ اٹھا رہا ہے۔ بس ایک نظارہ کر لیجئے کہ مرجھائے ہوئے اسلام کو دین کے خادموں نے کیسا تر و تازہ کر دیا"

میں خود بھی بہت دنوں سے چاہتا تھا کہ موقع ملے تو کسی دن تبلیغی جماعت کے کاروبار کو قریب سے چل کر دیکھا جائے۔ منہ مانگی مراد سمجھ کر میں ان کے ہمراہ چل پڑا۔ صدر گیٹ سے داخل ہوتے ہوئے ایک بارہ دری میں ادھیڑ عمر کے کچھ لوگ پارہ عم پڑھ رہے تھے۔ ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ان لوگوں نے بتایا:

"علاقہ میوات کے نومسلم لوگ ہیں۔ ان کے باپ دادا مسلم تھے۔ یہ لوگ بھی اپنے آپ کو مسلمان کہتے تھے لیکن کفریہ اور شرکیہ رسموں میں یہ لوگ اس طرح ڈوبے ہوئے کہ اسلام سے دور کا بھی لگاؤ نہیں رہ گیا تھا۔ تبلیغی جماعت کے پاک باطن رہنماؤں نے حکمت عملی اور لگاتار جدوجہد کے ذریعہ ان کا پرانا مذہب تبدیل کرا کے انہیں حقیقی اسلام سے روشناس کیا۔ اب یہ لوگ شب و روز مرکز میں رہ کر دین سیکھتے ہیں۔ جب یہ پکے ہو جائیں گے تو اپنا علاقہ خود سنبھال لیں گے"

بعد میں ہمیں معلوم ہوا کہ یہ لوگ سالہا سال سے پارہ عم پڑھ رہے ہیں اور تبلیغی جماعت والوں نے اپنی دکان میں انہیں نمونے کے مال کی طرح سجا کے رکھا ہے..... باہر سے آنے والوں کو سب سے پہلے یہی مال دکھلایا جاتا تا کہ دماغ پر پہلا امپریشن اتنا

زوردار ہو کہ ذہن مرعوب ہو کے رہ جائے۔ تھوڑی دیر کے بعد یہ لوگ مجھے اپنے ساتھ لئے آگے بڑھے اور ایک کمرے کے سامنے پہنچ کر گئے...... اور کمرے کے لوگوں کا تعارف کراتے ہوئے کہا:

''یہ تبلیغی جماعت کے نہایت روشن دماغ اور تجربہ کار علماء ہیں۔ دماغی تطہیر کے فن میں یہ لوگ عظیم مہارت رکھتے ہیں۔ خیالات کا دھارا موڑ کر دین کی طرف لگا دینا ان کا شب و روز کا مشغلہ ہے۔ آپ ان کے پاس تھوڑی دیر بیٹھئے ان کی صحبت ذہن و فکر کی تسکین کے لئے اکسیر ہے''

یہ کہتے ہوئے دونوں باہر نکل گئے اور غالباً پھر اپنی شکار گاہ کی طرف واپس لوٹ گئے۔

ان کے چلے جانے کے بعد ان تبلیغی مولویوں نے مجھے نہایت اعزاز و تکریم کے ساتھ اپنے ساتھ بٹھالیا۔ انہیں یہ معلوم نہیں تھا کہ مجھے راستے سے اچک لیا گیا ہے۔ اپنے تئیں وہ بھی سمجھ رہے تھے کہ میں اپنے وطن سے بالمقصد یہیں کے لئے چلا ہوں۔

جب انہوں نے نہایت اصرار کے ساتھ مجھ سے دریافت کرنا شروع کیا کہ میں یہاں کس مقصد کے لئے آیا ہوں تو مجھے خیال آیا کہ تبلیغی جماعت کے اندرونی حالات سے واقف ہونے کے لئے جو ایک زریں موقع ہاتھ آ گیا ہے اسے ضائع نہیں کرنا چاہیے۔

میں نے ان سے کہا کہ ''میں جمشید پور سے آ رہا ہوں، وہاں کی تبلیغی جماعت کے متعلق ایک نہایت ضروری بات حضرت جی سے کہنی ہے'' اس وقت ''حضرت جی'' کے منصب پر مولوی محمد یوسف صاحب فائز تھے۔

انہوں نے ہزار معلوم کرنا چاہا کہ وہ کون سی بات ہے لیکن میں نے ہر بار یہ کہہ کر ٹال دیا کہ ''حضرت جی'' ہی سے کہوں گا۔

جب وہ لوگ میری طرف سے مایوس ہو گئے تو انہوں نے بتایا کہ حضرت جی تبلیغ کے لئے شہر کو گئے ہیں۔ وہ اپنی تبلیغی مہم سے کافی رات گئے لوٹیں گے۔ اب نماز فجر کے بعد ہی ان سے ملاقات ہو سکے گی''

Marfat.com

یہ سن کر میں خاموش ہو گیا اور تھوڑی دیر کے بعد موقع پا کر چپکے سے درگاہ شریف کی طرف نکل گیا۔خدا کا شکر ہے کہ وہ پوری رات محبوب الٰہی کی چوکھٹ پر بسر ہوئی۔صبح کی نماز سے فارغ ہو کر جب میں پارلیمنٹ جانے کے لئے درگاہ شریف سے واپس لوٹا تو پھر مجھے راستہ میں وہ دونوں ''شکاری'' مل گئے۔دور ہی سے انہوں نے مجھے آواز دی۔جب میں ان کے قریب پہنچا تو انہوں نے خوشخبری سنانے والے کے انداز میں خبر دی۔

''مولوی صاحب! تم کہاں چلے گئے تھے؟ حضرت جی صبح سے تمہیں تلاش کر رہے ہیں، چلو جلدی چلو''

جیسے ہی میں ان کے ہمراہ اندر داخل ہوا، پہلے دن والے مولوی صاحبان مجھے مل گئے۔ انہوں نے دیکھتے ہی کہا:

''مولوی صاحب! تم کل شام کو چپکے سے اٹھ کر کہاں چلے گئے۔ہم لوگ تمہاری تلاش میں بہت پریشان ہوئے۔

میں نے جواب دیا: ''درگاہ شریف چلا گیا تھا وہیں رات گزاری'' یہ سنتے ہی اپنے چہرے سے ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے ان میں سے ایک مولوی صاحب نے کہا:

''تم رات بھر اس بدعت خانے میں کیا کرتے رہے۔کیا تم جماعت میں ابھی نئے نئے شامل ہوئے ہو؟ کہیں آنے جانے کے لئے کم از کم ہم لوگوں سے پوچھ لینا چاہئے تھا۔ یہ دہلی ہے یہاں تو ایک سے ایک تماشا ہے۔لیکن دین کی راہ میں نکلنے والے تماشے کے لئے تھوڑے ہی آتے ہیں۔یہاں آنے کے بعد اگر جائز و ناجائز کا فرق نہیں ملحوظ رکھا گیا تو یہاں آنا کس کام کا؟''

میں نے بات ٹالتے ہوئے کہا ''یونہی ذرا دیکھنے چلا گیا کہ وہاں کیا ہوتا ہے اور باقی سب خیریت ہے''

اس پر ایک صاحب نے منہ بگاڑتے ہوئے ارشاد فرمایا ''خیر اتنے میں کوئی مضائقہ نہیں'' اس کے بعد وہ لوگ مجھے ''حضرت جی'' کے دیوان خانے میں لے کر چلے گئے۔

حضرت جی اس وقت اپنی فوج کے کمانڈروں کو کیک تقسیم کر رہے تھے۔ انہوں نے مجھے دیکھتے ہی دریافت کیا "یہ کون صاحب ہیں، کہاں سے آئے ہیں؟"

ایک مولوی صاحب نے سر جھکا کر جواب دیا "حضرت! ابھی مولوی صاحب جمشید پور سے آئے ہوئے ہیں۔ وہاں کی تبلیغی جماعت کے متعلق کوئی ضروری بات حضور والا سے کہنا چاہتے ہیں۔"

اتنا سن کر حضرت جی نے میری طرف اشارہ کرتے ہوئے دریافت فرمایا "کہو، کیا کہنا ہے؟"

میں نے گلا صاف کر کے جمشید پور کی تبلیغی جماعت کی سرگزشت بیان کرتے ہوئے کہا کہ وہاں شروع شروع میں تبلیغی جماعت کا بہت اچھا اثر قائم ہو گیا تھا۔ عام لوگ اس کی تبلیغی سرگرمیوں سے بے حد متاثر تھے اور اس کی طرف سے حسن ظن رکھتے تھے۔ لیکن جب سے کچھ تبلیغی کارکنوں نے میلاد و قیام اور علم غیب جیسے اختلافی مسائل میں اپنے عقیدہ کا اظہار کر دیا اس وقت سے بہت سے لوگ تبلیغی جماعت سے علیحدہ ہو گئے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سی مسجدوں میں تبلیغ کا کام بند ہو گیا ہے"

ابھی میں اتنا ہی کہہ پایا تھا کہ حضرت جی کے چہرے کا رنگ سرخ ہو گیا وہ فرط غضب میں اپنے زانو پر ہاتھ مارتے ہوئے چیخ پڑے۔ اور اپنے تئیں تبلیغی جماعت کا ایک ناتجربہ کار کارکن سمجھ کر مجھے ڈانٹنا شروع کیا:

"جب لوگ تبلیغ کا ڈھنگ نہیں جانتے تو کس نے کہہ دیا کہ وہ تبلیغ کریں۔ یہاں مجھے تبلیغ کرتے ہوئے بیس سال ہو گئے۔ میں نے کسی سے بھی نہ کہا کہ میلاد و فاتحہ چھوڑ دو۔ حالانکہ جاننے کی حد تک سب جانتے ہیں کہ میرا بھی عقیدہ مسلک وہی ہے جو اکابر دیوبند کا ہے۔ لیکن میں نے اچھی طرح تجربہ کر لیا ہے کہ ان چیزوں سے براہ راست روکنے کی بجائے اب لوگوں کا ذہن بدلنے کی ضرورت ہے۔ تبلیغ گشت اور مرکز میں چلہ گزارنے کا راز یہی ہے کہ لوگوں کو اپنے علماء کی صحبت میں زیادہ سے زیادہ اٹھنے بیٹھنے کا موقع فراہم

کیا جائے۔

یہاں کے ماحول میں ذہن ڈھل جانے کے بعد لوگ خود بخود ان چیزوں کو چھوڑ دیتے ہیں بلکہ اپنے عقیدے میں اتنے سخت ہو جاتے ہیں کہ دوسروں کو راہ راست پر لانے کی کوشش کرتے ہیں"

میری طرف رخ کر کے حضرت جی نے حکیمانہ انداز میں فرمایا:

"مولوی صاحب! آپ اچھی طرح سمجھ لو کہ ہم لوگ ابھی اس ملک کے اندر اقلیت میں ہیں جبکہ بدعتیوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ان حالات میں اپنا مذہب پھیلانے کے لئے ہمیں اس کے سوا اور کوئی چارہ نہیں ہے کہ ہم ان لوگوں کے ساتھ مکر سے کام لیں۔ آخر مکر بھی تو کوئی چیز ہے کفر و شرک سے پھیرنے کے لئے مکر سے کام لینا قطعاً کوئی گناہ کی بات نہیں ہے۔ حق پرستی کے جوش میں آ کر اگر ہم تقویۃ الایمان اور بہشتی زیور وغیرہ کے عقائد برملا بیان کر دیں تو لوگ ہمیں مسجدوں میں نہ گھسنے دیں۔

(اس سے معلوم ہوا کہ حضرت جی بھی جانتے تھے کہ ان دونوں کتابوں کے بیان کردہ عقائد درست نہیں، القادری)

اس لئے میں تمام تبلیغی کارکنوں کو سخت تاکید کرتا ہوں کہ وہ بدعتیوں کے ساتھ مکر سے کام لیں یعنی مصلحت کا تقاضا ہو تو میلاد و قیام بھی کر لیں بلکہ اگر ضرورت پیش آ جائے تو اپنے علماء کو برا بھلا کہہ دیں۔ جیسے بھی ہو ان کے ساتھ لگے رہیں، انہیں اپنے ہمراہ لے کر جماعتوں میں پھرائیں۔ کبھی نہ کبھی ان میں سے لوگ ٹوٹ کر ادھر آ ہی جائیں گے۔

مولوی صاحب، دیکھو! یہاں مجھے بیس سال ہو گئے تبلیغ کا کام سنبھالے ہوئے اختلافی مسائل تو بڑی چیز ہے اس کی ہوا بھی میں نے کسی کو نہیں لگنے دی۔ بس اتنا کیا کہ تبلیغی گشتوں، لگاتار چلوں اور اجتماعات کے ذریعہ اپنے بزرگوں کی عقیدت ان کے دلوں میں بٹھا دی۔ کسی کو دیو بند لے جا کر حضرت شیخ الاسلام سے مرید کرا دیا کسی کو حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد ذکریا کی طرف رجوع کیا جس کو جیسا پایا اس کے ساتھ ویسا ہی معاملہ پایا۔

یہ جو تم ہزاروں آدمیوں کو دیکھ رہے ہو جو تبلیغ میں دن رات لگے ہوئے ہیں ان میں سے اکثر لوگ کٹر بدعتی اور قبر پرست تھے لیکن اپنے علماء کی عقیدت کے زیر اثر خود ہی ان کا ذہن بدل گیا۔ یہاں تک کہ جن شرکیہ رسموں کو کہنے پر بھی وہ نہیں چھوڑ سکتے تھے، اب بغیر کہے سنے چھوڑ دیا۔ تبلیغی جماعت نے اسی راز کو پالیا ہے کہ جس کی عقیدت دل میں پیدا ہو جاتی ہے آدمی اس کا مذہب بھی قبول کر لیتا ہے"

حضرت جی اپنا سلسلہ گفتگو ختم کر کے جب خاموش ہو گئے تو میں نے درخواست کی کہ آپ اپنی یہ ہدایات قلم بند کر دیں تو آپ کو لوگوں تک پیغام پہنچانے میں بڑی مدد ملے گی۔

اس درخواست پر حضرت جی نے تیور بدل کر کہا:

"پھر تم نے غلط سوال کیا۔ ہمارے یہاں سارا کام زبان سے چلتا ہے، قلم استعمال نہیں کیا جا سکتا بجز اس کے کہ کارکنوں اور طالبین کے خطوط کے جوابات دے دیئے جاتے ہیں۔ تبلیغی جماعت کا کاروبار کتنا پھیل گیا ہے یہ بتانے کی ضرورت نہیں ہے لیکن لکھت پڑھت کے لئے ایک رجسٹر بھی تم ہمارے یہاں نہیں پاؤ گے"

حضرت جی یہ کہہ کر دوسری طرف متوجہ ہو گئے اور میں باہر نکل آیا۔

ایک دردناک خلش

اس وقت میرا دل مسوس کے رہ گیا کہ کاش میرے پاس ٹیپ ریکارڈر ہوتا اور میں حضرت جی کی آواز کو اس میں قید کر لیتا تو آج مجھے تبلیغی جماعت کی اصل حقیقت سے روشناس کرانے کے لئے ایک کتاب لکھنے کی ضرورت پیش نہ آتی۔ صرف دو انچ کا فیتہ سارے زمانے کو اس صدی کے سب سے بڑے مرکز "دجل وفریب" سے واقف کرا دیتا۔

آج حضرت جی کے مذکورہ بالا "ارشادات" پر سوائے خداوند ذوالجلال کے اور کوئی گواہ میرے پاس نہیں ہے۔ فرشتوں کا ایک نوشتہ ضرور ہے لیکن افسوس کہ وہ اس میدان میں کھلے گا جہاں تبلیغی جماعت کا انجام معلوم کرنے کے لئے کسی دلیل کی ضرورت ہی باقی نہیں

رہے گی۔

جو لوگ میری اس "خودنوشت آپ بیتی" پر اعتماد کرسکیں ان سے عرض کروں گا کہ تبلیغی جماعت کی صحیح تعبیر کے لیے اب وہ خود ہی لغت میں کوئی مناسب لفظ تلاش کرلیں۔ کافی غور و خوض کے بعد بھی مجھے اب تک کوئی ایسا لفظ نہیں مل سکا جو "رہبری" اور "رہزنی" دونوں مفہوم کو ایک ساتھ ادا کرسکتا ہو۔

اب باقی رہ گئے وہ لوگ جو میری خودنوشت پڑھ کر بے ساختہ بول اٹھیں گے کہ یہ صد فیصدی غلط، بے بنیاد اور از سرتاپا افترا ہے۔ ان سے میں التماس کروں گا کہ کسی بھی خبر پر اعتماد کرنے کے لئے شہادت کے علاوہ اب تک جتنے ذرائع دریافت ہوسکے ہیں اپنے اطمینان قلب کے لئے وہ سارے ذرائع استعمال میں لائیں۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ کسی بھی آزمائش کا سامنا کرنے کے لئے میں اپنے آپ کو ہمیشہ تیار رکھوں گا۔

مرکز نظام الدین سے واپسی کے بعد حضرت جی کی ہدایات کا ردعمل میرے دماغ پر اتنا سخت ہوا کہ کئی دن تک مجھ پر سکتے کی سی کیفیت طاری رہی۔ میں بار بار یہی سوچتا رہا کہ اہلسنت کے مذہبی مستقبل کا اب کیا ہوگا۔ زبان وقلم اور علم واستدلال کی جنگ ہو تو میدان سر کیا جاسکتا ہے لیکن مکروفریب کے ان ہتھیاروں کا ہمارے پاس کیا جواب ہے۔

ہمارا دینی مزاج تو ایک لمحے کے لئے بھی اسے برداشت نہیں کرسکتا کہ ہم فریب کی راہ سے کسی کو اپنا مذہبی ہمنوا بنائیں یا اسلام کی تبلیغ کے لئے کفر کا شیوہ اختیار کریں۔ اس وقت سے یہ سوال میرے دل کا ایک چبھتا ہوا کانٹا بن گیا کہ سادہ لوح مسلمانوں کو ان کے دام فریب سے کس طرح بچایا جائے...... شکاریوں کو میں اپنے پیشے سے نہیں روک سکتا تھا۔ اب میرے اختیار کی بات صرف یہی رہ گئی تھی کہ میں شور مچا کر سارے مسلمانوں کو ہوشیار کردوں کہ وہ تبلیغی جماعت کے دام فریب سے اپنے آپ کو بچائیں۔ اپنے بھائیوں کے دین وایمان کی سلامتی کے لئے میری روح کا یہ اضطراب قدرتی طور پر میرے ذاتی تجربے

کا ردعمل تھا اور ہے کیونکہ چور کو کسی دیوار میں نقب لگائے دیکھ کر شور نہ مچانا فطرت انسانی سے جنگ کرنا ہے۔

تیسرا واقعہ

ترچنا پلی (مدراس) کے احباب کی دعوت پر میں نے 1969ء میں جنوبی ہند کا سفر کیا۔ واپسی میں حیدر آباد میں ایک دن کے لئے قیام کرنا پروگرام میں شامل تھا۔ اس لئے بنگلور ہوتے ہوئے سکندر آباد میل سے میری پواسی ہوئی۔ بدقسمتی سے یہ وہ زمانہ تھا جبکہ تلنگانہ کی تحریک بالکل شباب پر تھی۔ ریاست کے بہت بڑے حصے میں مظاہرین نے ایک آگ سی لگا رکھی تھی۔ شہری زندگی کا سارا انتظام درہم برہم ہو کے رہ گیا تھا۔ رات کے وقت میری ٹرین اس علاقہ سے گزر رہی تھی جو تخریب کاروں کا بہت بڑا مرکز تھا کہ اچانک ایک دھچکے کے ساتھ رک گئی۔ سارے مسافر سکتے کی حالت میں اٹھ پڑے۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ آگے لائن اکھاڑ دی گئی ہے تقریباً اٹھارہ گھنٹے تک لائن کی مرمت کے انتظار میں ہم لوگوں کو وہاں رکنا پڑا۔

صبح کے وقت نیچے اتر کر میں ایک درخت کے سائے میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک ادھیڑ عمر کے ایک مولوی صورت مجھے اپنی طرف آتے ہوئے دکھائی پڑے۔ ان کے ساتھ ایک کمسن نوجوان بھی تھا۔ وہ میرے پاس آ کر بیٹھ گئے اور میرے متعلق یہ معلوم کرنا چاہا کہ میں کہاں سے آ رہا ہوں اور مجھے کہاں جانا ہے۔

بات چیت کے دوران جب میں نے ان کا تعارف حاصل کرنا چاہا تو انہوں نے بتایا کہ وہ حیدر آباد کی تبلیغی جماعت کے امیر ہیں۔ کیرالہ ایک اجتماع میں گئے تھے وہاں سے لوٹ رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ساتھ کا نوجوان ایک بہت بڑے دولت مند گھرانے کا لڑکا ہے جو حال ہی میں تبلیغی جماعت سے منسلک ہوا ہے۔

اب ان کے ساتھ گفتگو میں دلچسپی لیتے ہوئے میں اطمینان سے بیٹھ گیا۔ وہ تبلیغی

جماعتوں کے قصے سناتے رہے اور میں خاموشی سے سنتا رہا۔ تبلیغی جماعت کے متعلق چونکہ وہ میرے نقطہ نظر سے واقف نہ تھے اس لئے بغیر جھجک کے وہ بولتے رہے۔ اسی سلسلے میں انہوں نے حیدرآباد کی تبلیغی جماعت کی کارگزاریوں کا بھی تذکرہ چھیڑ دیا۔ جب وہ کہہ چکے تو میں نے ان سے ایک سوال کیا:

"حیدرآباد تو درگاہوں، خانقاہوں اور مزاراتی روایات کا بہت بڑا گڑھ تھا۔ وہاں تبلیغی جماعت کو قدم جمانے کا موقع کیونکر ملا"

اس سوال پر وہ اس طرح مسرور ہو گئے جیسے میں نے ان کے حسن تدبر اور ذہانت کا لوہا مان لیا ہو۔ اسی کے بعد اسی جذبہ مسرت کی ترنگ میں انہوں نے یہ کہانی سنائی "اس میں کوئی شک نہیں کہ حیدرآباد عہد قدیم سے بدعتیوں کا بہت بڑا مرکز تھا۔ قدم قدم پر کفر و شرک کے بے شمار اڈے تھے وہاں کی اٹھانوے فیصدی مسلم آبادی شرکیہ رسموں اور بدعات ہی کو اسلام سمجھتی تھی۔ اس لئے بہت ہی حسن تدبر اور ذہانت کے ساتھ ہمیں اس مرحلے سے گزرنا پڑا۔

عرس و فاتحہ کی مخالفت کرنے کے بجائے ہم نے یہ طریقہ اپنایا کہ جہاں کہیں عرس کا میلہ لگتا ہے، اپنا تبلیغی وفد لے کر وہاں پہنچ جاتے اور لوگوں کو کلمہ و نماز کی تبلیغ کرتے۔ اصرار کر کے بعض زائرین کو بھی گشت میں اپنے ساتھ رکھتے۔ اس طریقہ کار سے ہمیں دو فائدے پہنچے۔ پہلا فائدہ تو یہ پہنچا کہ ایک بالکل اجنبی حلقے میں ہماری آواز پہنچ گئی اور دوسرا سب سے بڑا فائدہ یہ حاصل ہوا کہ کبھی بدعتی مولویوں نے اپنے عوام کو ہماری طرف سے بدظن بھی کرنا چاہا کہ یہ بدعقیدہ اور عرس و فاتحہ کے مخالف لوگ ہیں تو انہی کے عوام نے انہیں جھٹلا دیا کہ یہ لوگ عرس و فاتحہ کے مخالف ہوتے تو فلاں فلاں عرس میں کیوں دیکھے جاتے۔

اپنی کارگزاریوں کی تفصیل بیان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں ہمیں ان گدی نشین پیروں سے بھی کافی مدد ملی جو بریلویوں کی طرح اپنے مسلک میں سخت نہیں

ہیں۔ ہم ان خانقاہوں میں حاضر ہوئے اور ایک خوش عقیدہ نیاز مند کی طرح ہم نے ان کی دست بوسی کی اور انہیں اپنے اجتماع میں شریک ہونے کی دعوت دی۔ کئی بار کی آمد و رفت کے بعد جب وہ تیار ہو گئے تو انہیں نہایت اعزاز و تکریم کے ساتھ اپنے اجتماع میں لے آئے...... ان کی ہمرکابی میں ان کے مریدین کا جو دستہ آیا تھا اس نے جب اپنے پیر کے ساتھ ہمارا نیاز مندانہ رویہ دیکھا تو وہ ہم سے کافی حد تک مانوس ہو گیا۔ یہاں تک کہ وہ اپنے دوستوں اور پیر بھائیوں میں ہماری خوش عقیدگی کا ایک اچھا خاصا اشتہار بن گیا۔

اس طرح رفتہ رفتہ ہم بغیر کسی فکری تصادم کے وہاں کے اجنبی حلقوں میں داخل ہوتے گئے یہاں تک کہ آج ان حلقوں کی بہت بڑی تعداد نہ صرف یہ کہ تبلیغی جماعت کی ہمنوا بن گئی ہے بلکہ ہم نے انہیں ذہنی طور پر اتنا بدل دیا ہے کہ اب اگر ان کے پیر صاحبان بھی ہم سے قطع تعلق کا انہیں حکم صادر فرمائیں تو وہ اپنے پیر سے قطع تعلق کر سکتے ہیں لیکن اپنی جماعت کے خلاف کچھ سننا برداشت نہیں کریں گے۔

یہاں پہنچ کر ان کا لب ولہجہ بدل گیا۔ انہوں نے فاتحانہ لہجہ میں کہا۔ ''مولانا! خدا کا شکر ادا کیجئے کہ تبلیغی جماعت کی خاموش جدوجہد کے نتیجے میں اب وہاں کفر و شرک کے مراکز کی وہ دھوم دھام باقی نہیں ہے۔ میلاد و فاتحہ اور بدعات کی چہل پہل بھی اب دن بدن ماند پڑتی جا رہی ہے۔ ہمارا جذبہ جہاد اسی طرح سلامت رہ گیا تو وہ دن دور نہیں ہے جبکہ ان مزاروں پر مکھیاں بھنبھنائیں گی اور ہم ان صنم خانوں کی ویرانی پر شکرانے کی نماز ادا کریں گے......''

گفتگو کے اس آخری حصے پر میرا پیمانہ صبر لبریز ہو گیا۔ میں نے تیور بدل کر ان سے کہا:

''آپ کی کارگزاریوں کی روداد سننے کے بعد ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس دنیا میں دجل و فریب کی آخری تربیت گاہ کا نام اب تبلیغی جماعت ہے۔ یہ دنیا اپنی عمر کے آخری حصے سے گزر رہی ہے ہوسکتا ہے قدرتی طور پر دجال کا کیمپ آپ ہی لوگوں کے ہاتھوں تیار کرایا

جا رہا ہو" اس جواب پر وہ ہکا بکا سے ہو گئے اور یہ کہتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے "بڑا دھوکہ ہوا، میں آپ کو اپنا سمجھ رہا تھا"

تبصرہ قادری : قارئین کرام! آپ نے دیکھا کہ اس زمانے میں اللہ والوں کے حلئے میں اور بھولی بھالی شکلوں میں گھومنے پھرنے والے یہ ایمان کے ڈاکو کس قدر خطرناک انداز میں ایمان کی دولت لوٹنے میں مصروف ہیں اور اس پر طرہ یہ کہ اس کو اپنا عظیم الشان کارنامہ تصور کرتے اور اس پر اتراتے پھرتے ہیں۔ ان کے اس پرفریب انداز سے کتنے مسلمان دھوکہ سے اپنے ایمان جیسی دولت بے بہا اور خوش عقیدگی کی نعمت سے محروم ہو چکے ہیں۔ اس جماعت کے لوگوں نے شیعوں کی طرح حق کو چھپا کر اسے بجائے تقیہ کے حکمت کا نام دے دیا ہے اور قادیانیوں کی طرح بے روزگار نوجوانوں کو نوکری بمعہ چھوکری کی لالچ دے کر ان کے ایمان کو لوٹنا اپنا شعار بنالیا ہے۔ اس وجہ سے اس جماعت کے مرکز عقیدت دارالعلوم دیوبند کی بنیادوں میں بدعقیدگی کی اینٹ لگا دینے والے مولوی قاسم نانوتوی نے مرزا قادیانی کی استادی کا حق ادا کرتے ہوئے "تحذیر الناس" میں کہہ دیا کہ "حضور ﷺ کو آخری نبی ماننا عوام کا خیال ہے" ص 5-4 "امتی نبی سے عمل میں بڑھ جاتا ہے" ص 7، اور یہاں تک کہہ دیا کہ "حضور ﷺ کے بعد کوئی نبی آجائے تو خاتمیت محمدی میں فرق نہیں آتا" (ص 32، تحذیر الناس، مولوی مسافر خانہ، دارالاشاعت، کراچی)

اسی طرح کئی طریقوں سے قادیانیت کی ہمنوائی کی اور جھوٹے مدعیان نبوت کے لئے راہ ہموار کی اور عقیدہ ختم نبوت کو بدلنے کی ناکام کوشش کی اور رافضیت و قادیانیت کا ہم نوالہ وہم پیالہ بنے رہے۔

حمود بن عبداللہ بن حمود التویجری رقم طراز ہے

وقد رد كثير من العلماء على التبليغيين، وبينوا اخطاءهم وضلالاتهم وخطرهم على الاسلام والمسلمين، وقد رائيت من الكتب

والرسائل المولفة فی ذالك عدداً كثيراً، ومن اهما كتاب الاستاذ سيف الرحمن احمد الذی تقدم ذكره والنقل منه

وبعض الذين ردوا على التبليغيين قد صحبوهم سنين كثيرة، وخرجوا معهم فی سياحاتهم هی من محدثات الامور، ثم لماروا ما فی دعوتهم واعمالهم من البدع والضلالات والجهالات، فارقوهم، وحذروهم منهم ومن سياحتهم واعمالهم المبتدعه (القول البلیغ ص۔ (22,23

ترجمہ: کثیر علماء کرام نے تبلیغی جماعت والوں کا رد کیا ہے، اور ان کی خطاؤں اور گمراہیوں کو ظاہر کردیا ہے اور اسلام و مسلمین کو ان کے خطرے سے آگاہ کردیا ہے۔ تحقیق میں نے ان کے رد میں لکھی ہوئی کثیر کتابیں اور رسائل دیکھے ہیں، ان میں سے اہم ترین کتاب استاذ سیف الرحمن احمد کی کتاب ہے، جس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے اور بعض وہ لوگ بھی ان رد لکھنے والوں میں بدعتوں اور گمراہی و جہالت کو دیکھا تو ان سے جدا ہو گئے اور ان سے بچ نکلے اور ان کے گشتوں اور بدعت بھرے اعمال سے محفوظ رہ گئے۔

تبصرہ قادری : قارئین کرام اس مذکورہ تبلیغی جماعت کے رد میں اب تک کئی علمائے کرام تصانیف کر چکے اور عرب و عجم کے علماء دین نے ان کی شرارتوں سے آگاہی دلانے کے لئے انتھک محنت کی ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اس تبلیغی جماعت کے کارندوں نام نہاد مبلغوں نے انہی جہالت و ضلالت کے ذریعے ملک و ملت اور دین اسلام کو خاطر خواہ نقصان پہنچایا ہے۔ حمود بن عبداللہ بن حمود التویجری نے اپنی اس کتاب "القول البلیغ" کے حصہ اول میں کہا کہ سائل نے مجھ سے ان کے بارے کیا پوچھا کہ یہ کیسے لوگ ہیں تو میں یہ کہوں گا کہ ان کے معاملات سنت و شریعت سے جدا ہیں اور بدعتوں، گمراہیوں کو انہوں نے اپنا لیا ہے اور نئی باتوں، بری باتوں کو گھڑنا شریعت میں ناپسندیدہ ہے۔

امام احمد، امام بخاری، امام مسلم، ابوداؤد، ابن ماجہ رحمہم اللہ حضرات محدثین ام المومنین

عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتی ہیں:

ان رسول اللہ ﷺ قال من احدث فی امرنا ھذا مالیس منه فھو رد"

امام احمد و بخاری و مسلم رحمہم اللہ کی ایک دوسری روایت میں ہے

من عمل عملا لیس علیه امرنا فھو رد

یعنی جو ہمارے دین میں نئی بات اپنی طرف سے پیدا کرے وہ بات رد ہے۔

قال النووی فی شرح مسلم، قال اھل العربیه، الردھنا بمعنی المردود ومضاہ، فھو باطل غیر معتبدیه به

امام نووی شرح مسلم کہتے ہیں "اہل عربی کہتے ہیں اس حدیث میں رد کا معنی مردود اور باطل اور ایسی چیز ہے جو قابل شمار نہ ہو" اور فرماتے ہیں یہ حدیث ہر بری چیز اور گھڑی ہوئی باتوں کے رد کے لئے ہے۔

اس حدیث میں تبلیغی جماعت کی نئی من گھڑت باتوں کا رد موجود ہے۔ ان کے اکثر اعمال وہ ہیں جو خلاف سنت نبوی ہیں اور نہ ہی وہ باتیں سنت خلفاء راشدین میں سے ہیں بلکہ ان کے امیر محمد الیاس کاندھلوی دیوبندی کی اپنی گھڑی ہوئی باتیں ہیں جو اس نے اپنے شیوخ اشرف علی تھانوی اور مولوی رشید احمد گنگوہی کے کہنے پر ایجاد کی ہیں اور ان باتوں کو تبلیغی جماعت کے اصول ستہ کہا جاتا ہے۔

استاذ سیف الرحمٰن بن احمد دہلوی اپنی کتاب کے ص 8,7 پر لکھتے ہیں:

تبلیغی جماعت کی فکر منسوب ہے، شیخ سعید کردی المعروف بدیع الزمان کی طرف، اصل میں یہی شخص اس فکری بدعت کا موجد ہے اس کے بنائے ہوئے چھ اصولوں پر تبلیغی جماعت کاربند ہے اور ظاہر یہی ہے کہ شیخ الیاس ہندی دیوبندی کاندھلوی جب حجاز مقدس میں پہنچا تو اس نے یہاں سے یہ فکر حاصل کی اور پھر ہند میں جا کر تبلیغی جماعت کا سلسلہ اسی اصول ستہ (چھ اصولوں) پر رکھا۔

جبکہ تبلیغی جماعت کے اس طریقے پر تردید خطبہ نبوی میں موجود ہے۔
حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

اما بعد فان خیر الحدیث کتاب اللہ وخیر الھدی ھدی محمد وشر الامور محدثاتھا وکل بدعۃ ضلالۃ

یعنی بہترین کلام کتاب اللہ ہے اور بہترین سیرت مصطفیٰ ہے اور برے کام نئی باتیں گھڑ لیتی ہیں اور ہر بری نئی بات گمراہی ہے۔ بہرحال اب تک کی تقریر سے روز روشن کی طرح یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ تبلیغی جماعت جہالت وضلالت اور رسوائی وگمراہی کا پلندہ ہے۔ ان کے اپنے من گھڑت چھ اصولوں پر ان کی کہانی کا دارومدار ہے۔ اس کے پیچھے اکابرین دیوبند اشرف علی تھانوی، رشید احمد گنگوہی وغیرہا کا ہاتھ ہے اور اس جماعت کے بانی اول الیاس کاندھلوی نے شیخ کردی کے بناوٹی اصولوں پر اس جماعت کی بنیاد کھڑی کردی اور اس کی نئی من گھڑت فکر کی ترویج کے لئے اس نے اور اس کے ساتھیوں نے دن رات ایک کر کے اولاتو مسلمانان ہند پھر اس کے بعد عرب وعجم کے اہل سنت کو ورغلانے اور ان کو ان کے عقیدہ حقہ سے ہٹانے کے لئے تبلیغی گشتوں، چلوں اور درسوں بیانوں کا سلسلہ زور وشور سے شروع کر دیا اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے حشرات الارض کی طرح تبلیغی جماعت کے مبلغین پھیلتے چلے گئے اور اسلامی کتابوں کے بہانے لوگوں میں اکابرین دیوبند کی لکھی ہوئی وہ کتابیں جن میں اللہ ورسول کی شان میں کھلم کھلا گستاخیاں قلمبند کی گئی ہیں، ایسی کتابیں تبلیغی جماعت والے تقسیم کرنے لگ گئے اور اس طرح ان تبلیغی لوگوں کے ذریعے وہابیت پھیلنی شروع ہوگئی اور اب تو گھر گھر میں ان کے جراثیم اثر کرتے چلے جارہے ہیں۔ اس لئے ان بدعتوں کے حامیوں اور ان کے شر سے بچنے کے لئے ان تبلیغی وفود اور گشتوں کا اپنے اپنے علاقوں کی مسجدوں میں داخلہ بند کروانے کی ہر ممکن کوشش کریں تاکہ آپ کی آنے والی نسلیں ان انسان نما بھیڑیوں کے شکار سے بچ سکیں اور یہ انہیں زہر ملا شربت شہد بنا کر پیش کرنے میں کامیاب نہ ہوسکیں۔

حمود بن عبد اللہ بن حمود التویجری رقم طراز ہے:

واما قول السائل، هل الصحة بالخروج مع التبليغين فى داخل البلاد اى البلاد السعودية او فى خارجها ام لا؟

فجوابة ان اقول: انى انصح السائل وانصح غيره من الذين يحرصون على سلامة دينهم من ادناس اشرك والغو والبدع والخرافات ان لاينضمو الى التبليغيين، ولايخرجوا معهم ابداً وسو' كان ذالك فى البلاد السعودية اوفى خارجها، لان اهون مايقال فى التبليغيين انهم اهل بدعة وضلالة وجهالة في عقائدهم وفى سلوكهم ومن كانوا بهذه الصفة الذميمة، فلاشك ان السلامة فى مجانبتهم والبعدعنهم (ص30)

ترجمہ: سائل کا یہ پوچھنا کہ یہ کیا میں اسے تبلیغی جماعت والوں کے ساتھ نکلنے کی نصیحت کرتا ہوں بلاد عربیہ میں یا اس کے علاوہ میں یا پھر میں اسے ان کے ساتھ نکلنے سے منع کرتا ہوں۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ میں اس سائل اور اس کے علاوہ جو لوگ بھی اپنے دین کی سلامتی چاہتے ہیں، ان کو تبلیغی جماعت والوں کے ساتھ نکلنے سے منع کروں گا تا کہ ان کا دین بچ جائے وہ شرک و بدعت اور غلو بازی کا شکار نہ ہوں اور کبھی بھی ان کے ساتھ مت نکلیں، خواہ عرب ممالک میں ہوں یا عجم میں، اس لئے کہ سب سے ہلکی بات تبلیغیوں کے بارے میں یہ ہے کہ یہ اہل بدعت وضلالت وجہالت ہیں۔ ان کے عقیدوں اور طریقوں میں یہ خرافات موجود ہیں، اور جو شخص ان بری خصلتوں (بدعت وجہالت وضلالت) سے متصف ہو، اس سے دور رہنے میں سلامتی ہے۔

تبصرہ قادری: اس آخری قسط میں اسی سائل کا ذکر ہے جس کے بارے میں ابتدا میں "القول البلیغ" کے مصنف نے کہا تھا کہ اس نے مجھ سے پوچھا ہے کہ آیا میں تبلیغی

جماعت کے ساتھ گشت کرنے کے لئے عرب ممالک یا عجم میں جاؤں یا نہ جاؤں تو اسکے جواب میں مصنف کا کہنا یہ تھا کہ یہ جماعت بدعت وضلالت اور رسوائی و گمراہی کا پلندہ ہے۔

اب قارئین کرام! اندازہ کیجئے کہ ایسی جماعت کے ساتھ چلّوں میں گھومنے والے کی کیفیت کیا ہوگی اور اس کی صحبت جب ایسے لوگوں کے ساتھ ہوگی تو وہ خود کیسی جہالت و ضلالت کا شکار ہوگا، اس کا اندازہ ہر عقل سلیم رکھنے والا خود کر سکتا ہے۔

ولقد احسن الشاعر حیث یقول

فلا تصحب اخا الجهل   وایاك وایاه

فكم من جاهل اردى   حليما حين اخاه

يقاس المرء بالمرء   اذاما هو شاه

ترجمہ: کسی جاہل ساتھی کی صحبت اختیار مت کر، خود اس سے دور رہ اور اس کو اپنے سے دور رکھ۔ بہت سارے جاہل جب بھائی بنتے ہیں تو بردبار نظر آتے ہیں اس لئے کہ آدمی آدمی کو اپنے آپ پر قیاس کرتا ہے جس کو وہ اسے چاہے۔

وقال آخر واحسن فيما قال

وما ينفع الجرب قرب صحيحة

اليها ولكن الصحيحة تجرب

خارش زدہ کو صحت مند کا قرب نفع نہیں دیتا

ہاں البتہ صحتمند اس کے قرب سے خارش والا ہوجاتا ہے

تنبیہ: اسلامی نظریہ کے مطابق کوئی مرض متعدی نہیں ہوتا کہ ایک سے دوسرے کو لگ جائے، یوں پھر اعتراض ہوگا کہ پہلے کو کہاں سے لگا۔ یہ ایک مثال تھی جو شعر میں بیان ہوئی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اچھے کی صحبت برے کو اچھا کم بناتی ہے مگر برے کی صحبت اچھے کو جلد برا بنا دیتی ہے (قادری)

القول البلیغ کے مولف نے اپنی کتاب کے حصہ اولی کے آخر میں ایک درج ذیل تنبیہ رقم کی ہے۔

جو شخص تبلیغی جماعت والوں کے معاملے میں توقف کرتا ہے اور انہیں اچھا جانتا ہے اسے چاہئے کہ وہ قائد محمد اسلم پاکستانی کی کتاب بنام جماعۃ التبلیغ کا مطالعہ کرے۔ اس کتاب میں ان کے اکابرین کے عقائد باطلہ اور اقوال فاسدہ کا ذکر موجود ہے۔ جن کو پڑھ کر یا سنکر اہل ایمان کے دل ہل جاتے ہیں۔

اس کتاب میں محمد اسلم پاکستانی نے کہا جس جماعت کی بنیادیں غلط اقوال ونظریات پر ہوں، اس سے دوسروں کی اصلاح کی توقع کیسے رکھی جاسکتی ہے۔

اسی طرح خود "القول البلیغ" عربی زبان میں اس جماعت کی حقیقت کا خوب بیان کرتی ہے اور ان کی نقاب کشائی میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

رئیس التحریر علامہ ارشد القادری مرحوم کی کتاب "تبلیغی جماعت" اس جماعت کی تخریب کاری کے بیان میں اپنی مثال آپ ہے۔

Marfat.com

خاتمہ

الحمدللہ علی احسانہ میں نے "القول البلیغ فی التحریر من جماعۃ التبلیغ" قسم اول کے بعض پیراگراف کو متن بنا کر اس پر ترجمہ و تبصرہ کا کام مکمل کر لیا ہے، اس ضمن میں بیسیوں کتابوں کے سینکڑوں حوالہ جات سے تبلیغی جماعت کے نام نہاد مبلغوں کے کارناموں کا بیان ہوا اور انگریز کے ایجنٹوں کے ضمن میں تبلیغیوں کے ساتھ ساتھ قادیانیوں، رافضیوں کا بھی پوسٹ مارٹم کر دیا گیا ہے۔ دو سالہ سخت محنت و جانفشانی کتنا رنگ لائی ہے، اس کا اندازہ مجھے کیسے ہوگا؟ میں نہیں جانتا، مگر یہ حقیقت ہے کہ انبیاء کرام بالخصوص سید الانبیاء ﷺ کی شان پاک میں جو گستاخیاں کی گئیں، ان گستاخیوں کا نام لے کر ہم نے قوم مسلم کو آگاہ کر دیا۔ اہل بیت نبوت کی جھوٹی محبت کا ڈھونگ رچا رچا کر نام نہاد محبان اہل بیت نے صحابہ کرام پر جو سب و شتم کیا، اس کی قلعی کھول دی گئی۔ قادیانیوں نے قصر نبوت پر جو ناپاک کمنڈ ڈالنے کی کوشش کی، اس سے قوم کو خبردار کر دیا گیا ہے۔ اہل ایمان اپنی مساجد کو تبلیغی جماعت کے گندے وجود سے بچائیں، وگرنہ ان کی آنے والی نسلیں انہیں گمراہ نظر آئیں گی اور پھر یہ کف افسوس ملتے ہوں گے مگر اب پچھتائے کیا ہوت، جب چڑیاں چگ گئیں کھیت کے مصداق کچھ نہ ہو سکے گا۔

اپنے گھر والوں کا دشمن کسے بھاتا ہے تو نبی پاک ﷺ کے گھرانے کے دشمن نجدی خارجی لوگوں کو کون پسند کرے گا۔ اپنے دشمن کو اپنے گھر کوئی گھسنے نہیں دیتا، تو کون ہے جو انبیاء کے دشمنوں کو اپنی مسجدوں میں گھسنے دے، اہل بیت کے نام پر جو صحابہ کا دشمن ہو جائے تو اس کے دشمن بن جاؤ۔ دیکھو محبوب کے ساتھیوں سے پیار کا تقاضا یہی ہے کہ بدمذہبوں اور ان کے ساتھیوں کا عملی بائیکاٹ کیا جائے اور ختم نبوت کے تاجدار کے بعد جو شخص نبی

بننے کے جھوٹے خواب دیکھے، اس کی نقلی نبوت کو مت مانو بلکہ اپنے سچے نبی کی عظمت پر مرمٹو تو حیات جاودانی مل جائے گی۔ اپنی مساجد میں صحیح العقیدہ، صحیح الطہارہ، صحیح القراۃ، ائمہ کرام کا تقرر کریں جو عقائد ضروریہ و مسائل واجبہ جاننے والے ہوں، ائمہ کرام بھی درس قرآن دیں، فقہ و حدیث کے درس جاری کریں، محلے کے بچوں کی تربیت کریں، اسکول، کالج، یونیورسٹی کے طلبہ کے لئے شارٹ کورسز کا بندوبست کریں، انہیں کتابچے دیں، انہیں ''دعوت اسلامی'' کے ماحول میں بھیجیں تا کہ ''تبلیغی جماعت'' کے شر سے بچیں، انہیں ''کنزالایمان، بہار شریعت اور فیضان سنت'' کے مطالعے کا خوگر بنائیں تا کہ ''فضائل اعمال'' کے میٹھے زہر سے تریاق مل جائے، انہیں بے پیر نہ رہنے دیں، علمائے حقہ و مشائخ اہل سنت کے دامن سے وابستہ رکھیں تا کہ انہیں اصلاح احوال کا بھرپور موقع ملتا رہے۔ اپنے پاس بدمذہبوں کی اصلی کتابیں، ان کی عبارتوں کو ہمہ وقت نوٹ کر کے رکھیں اور ''بدمذہبوں کی گستاخیاں'' نامی کتاب ضرور رکھیں۔

خیراندیش

محمد عارف محمود قادری غفرلہ

۱۸/۴/۱۴۳۴ھ

جمعۃ المبارک

جَآءَ الۡحَقُّ وَزَهَقَ الۡبَاطِلُ ؕ اِنَّ الۡبَاطِلَ كَانَ زَهُوۡقًا ﴿۸۱﴾

- بریلوی اور دیوبندی میں کیا فرق ہے؟
- رائے ونڈ کی تبلیغی جماعت سے اختلاف کیوں؟
- ایمان کی تلاش؟
- میں کدھر جاؤں؟

مصنف

حضرت علامہ مولانا شیر محمد جمشیدی

مختلف مکاتبِ فکر کے تراجمِ قرآن میں سنگین غلطیاں، اللہ تعالیٰ، حضور ﷺ، انبیاء کرام علیہم السلام
کی شان میں بے ادبی اور گستاخی پر مبنی الفاظ کا استعمال ترجمہ کنزالایمان اور دیگر تراجم
کا تقابلی جائزہ، اصل عکس ملاحظہ ہوں

میں کس کا ترجمہ قرآن پڑھوں

مؤلف
محمد شہزاد قادری ترابی

تحریک تحفظ قرآن، پاکستان

ردِ وہابیت

میں کس کا
ترجمہ قرآن
پڑھوں؟

برطانوی جاسوس
ہمفرے کے
اعترافات

فیصلہ کیجیے

مکتبہ فکر رضا
0308-7057505